ہجرت حبشہ چونکہ انہیں حالات کی عکاس ہے جن کا نقشہ مذکورہ بالا سطور میں پیش کیا گیا ہے کیونکہ مسلمانوں نے بھی

ہوتے ہیں۔

مسلم اخوت کو پروان چڑھانے کے ساتھ ساتھ اسلام انسانی برداری کے رشتہ کو بھی نہ صرف تسلیم کرتا ہے بلکہ وہ اس رشتہ کو پروان بھی چڑھاتا ہے کیونکہ سورۃ الاسراء کی آیت نمبر ۷۰ یہ حقیقت بیان کرتی ہے:

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا۔ [12]

"اور بیشک ہم نے اولادِ آدم کو عزت دی اور انہیں خشکی اور تری میں سوار کیا اور ان کو ستھری چیزوں سے رزق دیا اور انہیں اپنی بہت سی مخلوق پر بہت سی برتری دی۔"

مزید برآں قرآن کریم یا یہا الناس، یا یہا الانسان، یا بنی آدم اور بنی آدم کے الفاظ استعمال کر کے نہ صرف تمام انسانوں کو مخاطب کرتا ہے بلکہ وہ انسانوں کو ایسے اصول، قواعد، ضابطے اور طریقے بھی سکھاتا ہے جن پر عمل کر کے انسانوں کی فلاح و بہبود کو بھی پروان چڑھایا جا سکتا ہے۔ بلکہ مسلمانوں اور انسانوں کے مابین انسانی رشتوں کو بھی پروان چڑھایا جا سکتا ہے اور مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔ دوسری طرف اسلام مسلمانوں کو بھی انسانیت اور اجتماعیت کا درس دیتا ہے کہ " الْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ "[13] "تمام انسان اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ ہیں۔"

اس لیے انسان میں باہمی ربط وضبط اور باہمی تعاون کا استوار ہونا قدرتی طور پر ضروری امر ہے۔

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ۔ [14]

اور باہمی تعاون کرنے کے احکام جمع کے صیغوں میں بیان کیے گئے ہیں۔ جو اس امر کی علامت ہیں کہ تمام انسانوں میں یہ دونوں قسم کا تعاون جاری رہنا چاہیے کیونکہ مسلمان ایک الگ ملت ہیں اور غیر مسلم ایک الگ ملت ہیں۔ اس لیے ان دونوں میں اچھائی کے فروغ اور برائی کے استحصال کے لیے تعاون ناگزیر ہے۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان اپنے دین کے تحفظ کے ساتھ ساتھ غیر مسلم انسانوں سے بھی ربط وضبط جاری رکھ سکتے ہیں۔ لیکن دین پہلی ترجیح ہو گی اور اگر کسی بھی قسم کا انسانی میل ملاپ دین کو نقصان پہنچائے تو یہ تعاون اثم وعدوان کے زمرہ میں آئے گا جس سے مسلمانوں کو اجتناب کرنا ہو گا۔

مزید برآں اسلام نے مسلمانوں کو روئے زمین پر سفر کرنے کی تعلیم دی ہے کہ "سیر وافی الارض" وہ زمین میں چلیں

۱۲ القرآن، سورۃ بنی اسرائیل، ۱۷: ۷۰

۱۳ محمد بن عبد اللہ الخطیب التبریزي، مشکاۃ المصابیح، محقق: محمد ناصر الدین الألباني (بیروت: المکتب الإسلامي، ۱۹۸۵)، ۳/ ۱۳۹۲، حدیث نمبر ۴۹۹۸.

۱۴ القرآن، سوۃ المائدۃ ۵:۲

سے "اسوہ حسنہ" کالازمی حصہ قرار پاتے ہیں۔ جنہیں اپنانے اور ملحوظِ خاطر رکھنے کے لیے مسلمان انفرادی اور اجتماعی طور پر پابند ہیں۔

عصر حاضر میں کائنات سمٹ کر ایک عالمی قریہ کا نقشہ پیش کر رہی ہے۔ ذرائع ابلاغ کی سرعت، ذرائع نقل و حمل کی کثرت اور انسانوں کی سفر کرنے کی چاہت نے کرہ ارض کی وسعتوں کو نہ صرف سمیٹ کر ایک بستی میں تبدیل کر دیا ہے بلکہ انسانی ضرورتوں، بشری تقاضوں، تجارتی سہولتوں اور دولت کی فراوانیوں نے بھی انسان کو سفر اختیار کرنے کا خوگر اور عادی بنا دیا ہے۔ مزید برآں اس کائنات میں امیر و غریب ممالک میں زندگی کی سہولتوں کے تفاوت، روزگار کی فراہمی، تجارت کے مواقع، نیز سہولیات زندگی نے ایسے حالات پیدا کر دیے ہیں کہ انسان نہ صرف بکثرت سفر کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں بلکہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے اور ایک ملک سے دوسرے ملک بکثرت ہجرت بھی کرنے لگے ہیں۔ نیز ان کاروائیوں میں روزبروز اضافہ ہو رہا ہے۔ لہذاانسانوں کو عموماًاور مسلمانوں کو خصوصاًایک لائحہ عمل درکار ہے۔

اس بدیہی حقیقت کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ اگر کرہ ارض پر بسنے والے انسانوں کی تعداد چھ ارب نفوس ہے تو ان میں دو ارب کے قریب انسان اسلام کی دولت سے مالا مال ہو کر مسلمان کہلاتے ہیں۔ یہ مسلمان ۵۶ مسلم ریاستوں اور کرہ ارض کی تمام غیر مسلم ریاستوں میں آباد ہیں اور ایک محتاط اندازے کے مطابق ان دو ارب مسلمانوں میں سے آج تقریباً چالیس فیصد یعنی تقریباً آٹھ ملین مسلمان غیر مسلم ممالک میں رہائش پذیر ہیں اور ان غیر مسلم ممالک کی سیاسی، معاشی، سماجی، اخلاقی اور معاشرتی زندگی کی ترقی اور نشوونما میں وہ بھرپور انداز میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ سبھی عالمی تخمینے اور ترقیاتی ادارے مسلمانوں کے اس کردار کو سراہتے اور اس کا اعتراف کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ یہ سب کچھ اس لیے ہو رہا ہے کہ اسلام ایک اجتماعی، امن پسند اور محنت کی حوصلہ افزائی کرنے والے دین کی حیثیت سے مسلمانوں کو ایسا کرنے کے لیے نہ صرف حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ وہ غیر مسلم ممالک میں سکونت اختیار کرنے والے مسلمانوں کو اپنی اپنی ریاست کا مطیع و فرماں بردار اور وفا شعار بننے کی بھی تعلیم دیتا ہے، جس کی چند جھلکیاں ہجرت حبشہ کے واقعہ میں بھی دکھائی دیتی ہیں۔ ہجرت حبشہ کی روشنی میں ایسے بعض امور کی یہاں نشان دہی کی جاتی ہے:

اسلام رہبانیت کا دین نہیں ہے بلکہ وہ اجتماعیت کا ضابطہ حیات ہے۔ وہ نہ صرف مسلمانوں کو باہم مل کر زندگی بسر کرنے کی تعلیم دیتا ہے بلکہ حقوق اللہ کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کی بھی تاکید کرتا ہے۔ چنانچہ نماز کی ادائیگی، زکوۃ ادا کرنا، روزہ رکھنا، حج کے مناسک کی تکمیل کرنا، امتِ مسلمہ کا تصور، عالمی اخوت کا رشتہ، مسلمان کی تعظیم و تکریم کرنا، دوسرے ممالک کے مفلوک الحال اور مصیبت زدہ مسلمانوں کی مدد کرنا، امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا ادارہ قائم کرنا اور مسلمانوں کی فلاح بہبود کو پروان چڑھانا، اسلام کی اجتماعیت کے چند ایسے پہلو ہیں جو صرف نظریاتی نہیں ہیں بلکہ ان اجتماعی امور کا عملی مظاہرہ اسلامی معاشروں کا طرۂ امتیاز شمار کیا جاتا ہے۔ ان مسلم خصوصیات سے تمام انسان مستفید

افراد کو فائدہ ہوتا ہے۔ انہیں وجوہ کی بناء پر تیسری دنیا کی تربیت یافتہ اور غیر تربیت یافتہ بشری قوت بڑی مقدار اور تعداد میں پہلی دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی طرف منتقل ہو رہی ہے۔ جو پہلی دنیا کے لیے بھی سوہانِ روح اور درد سر بنی ہوئی ہے۔

جبکہ اس کے دوش بدوش غریب ممالک سے امیر ریاستوں کی طرف ہجرت کرنے والے غیر مسلم افراد عموماً اور مسلم افراد خصوصاً گوناگوں مسائل اور مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ کیونکہ ترقی یافتہ ممالک اور امیر ریاستیں عام طور پر غیر مسلم شمار ہوتے ہیں۔ جنکی تہذیب و ثقافت، بود و باش، اخلاقی اقدار، سماجی امور، میل ملاپ کے طریقے، ملازمت کے اصول و قواعد، شہریت کے قواعد و ضوابط نیز پسند اور عدم پسند کے معیارات اپنے ہوتے ہیں جو نہ صرف غریب ریاستوں کے باشندوں سے یکسر جداگانہ ہوتے ہیں بلکہ وہ مسلمانوں کے دینی احکام، مذہبی امور، اخلاقی اقدار اور سماجی رسوم و رواج سے بھی یکسر مختلف اور جداگانہ ہوتے ہیں جو مسلم مہاجرین کے لیے اجنبیت اور پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔

خاتم المرسلین ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا ہر لمحہ اور ہر ہر عمل مسلمانوں کے لیے اسوہ حسنہ اور انسانوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں خود جو اعمال سرانجام دیے یا کسی اور انسان کو کوئی کام کرنے یا کسی کام سے رک جانے کی تعلیم دی یا آپ ﷺ کی موجودگی میں کوئی کام سرانجام دیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں فرمایا بلکہ آپ نے خاموشی اختیار فرمائی نیز آپ کے علم میں آیا کہ اسلامی معاشرے میں یہ یہ امور انجام دیے جا رہے ہیں تو آپ نے ان امور کی ممانعت نہیں فرمائی مزید برآں حالات و کوائف کی روشنی میں آپ نے بعض امور کی ادائیگی کی تعلیم یا ترغیب دی۔ واضح رہے کہ یہ سب امور اسوہ حسنہ کی روشنی میں ہیں اور مسلمان ان سب کی اتباع کرنے کے پابند ہیں۔ کیونکہ قرآن کریم مسلمانوں کو تعلیم دیتا ہے:

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔ [11]

"اور رسول جو کچھ تمہیں عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں تو تم باز رہو۔"

قرآنِ حکیم کے عطاء کردہ اس اصول کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کا مسلمانوں کو دوبارہ ہجرت حبشہ کا حکم دینا، اپنی لختِ جگر سیدہ رقیہ اور اپنے داماد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما کو دونوں بار ہجرت حبشہ کے لیے روانہ کرنا، ان کی ہجرت کو اللہ تعالیٰ اور اپنے لیے ہجرت قرار دینا، حضرت جعفر بن ابی طالب کو نجاشی کی طرف روانہ کرنا، انہیں شاہِ حبشہ کے نام خط دینا، خط میں مسلمانوں کی مہمان نوازی کرنے کی تاکید کرنا، مسلمانوں کا حبشہ میں طویل عرصہ مقیم رہنا، مسلمانوں کا شاہِ حبشہ نجاشی کی حمایت کرنا، مسلمانوں کا مدینہ منورہ اور حبشہ میں نجاشی کی فتح کے لیے دعائیں کرنا، فتح خیبر کے بعد حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی مسلمانوں کے ہمراہ واپسی پر رسول اللہ ﷺ مسرت کا اظہار کرنا، نیز مہاجرین حبشہ کو دوگنے اجر و ثواب کی خوش خبری سنانا، مزید برآں سورۃ النحل کی آیت نمبر ۴۱ کا نازل ہونا، چند ایسے امور ہیں جو ہجرت حبشہ کے حوالے

---

۱۱ القرآن، سورۃ الحشر ۷:۵۹

نجاشی کے خلاف اٹھنے والی بغاوت اور اس حوالہ سے حبشہ میں مقیم مسلمانوں کے رد عمل پر بھی روشنی ڈالی۔

اسوہ حسنہ اور ہماری زندگی کا مقصد صرف واقعات سیرت، حوادثِ سوانح اور اسوہ حسنہ کے امور بیان کرنا ہی نہیں ہوتا ہے بلکہ اس ادنیٰ سی انسانی کاوش کا اولین مدعا یہ ہے کہ واقعات سیرت، حوادث سوانح حیات، اسوہ حسنہ اور تعامل صحابہ سے مسلمانوں کو جو رہنمائی حاصل ہوتی ہے وہ جادہ مستقیم آج بھی مسلمانوں کے لیے مشعل راہ اور نشان منزل ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم یہ امر ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں کہ سیرت طیبہ کے تمام حوادث اور خصوصاً حیات رسول ﷺ کے بڑے بڑے اور نمایاں امور اور واقعات سے عصر حاضر کے مسلمانوں کو کیا رہنمائی ملتی ہے؟ آج کا مسلمان بہت سے پیچیدہ مسائل سے دوچار ہے وہ اسوہ حسنہ سے ان مسائل کا حل کیسے تلاش کر سکتا ہے؟ تاکہ یہ حقیقت راسخہ کھل کر مسلمانوں کے سامنے آ جائے کہ اسوہ رسول آج بھی مسلمانوں کے لیے مشعل راہ ہے اور اسی پر عمل پیرا ہو کر وہ نہ صرف اپنا دین و دنیا سنوار سکتے ہیں بلکہ یہ حسنہ ہی ہے جو زندگی کے ہر موڑ پر رہنمائی کرتا رہے گا۔

عصر حاضر میں نہ صرف یہ کائنات سمٹ کر ایک عالمی بستی کا نقشہ پیش کر رہی ہے، بلکہ ذرائع ابلاغ کی کثرت، ذرائع سفر کی سرعت اور سماجی میڈیا کی برق رفتاری نے انسانوں کو باہم اس قدر قریب اور مربوط کر دیا ہے کہ وہ آنِ واحد میں کائنات کے ایک کونہ سے کرۂ ارض کے دوسرے کنارے تک معلومات پہنچانے پر قدرت رکھتا ہے۔ بلکہ انسان دیگر سیاروں اور ستاروں پر بھی کمند ڈال رہا ہے۔ نیز انسانی مہاجرت بھی انتہائی کثرت سے وجود میں آ رہی ہے جس کے تحت انسان عموماً اور مسلمان خصوصاً کرہ ارض کے ایک خطہ سے نقل مکانی کر کے دسرے خطوں میں جا کر آباد ہو رہے ہیں۔ جو غیر مسلم ریاستوں پر محیط ہیں۔ ہجرت حبشہ ان کے لیے ایک دستور العمل ہے۔ جیسا کہ سورۃ النحل کی آیت نمبر ۴۱ میں بیان ہوا۔ جس کا حکم اگرچہ عام ہے لیکن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسی آیت کریمہ کو مہاجرین حبشہ کے لیے قرار دیتے تھے۔

ہر دور کے اپنے تقاضے، اپنی ضرورتیں اور اپنے حالات ہوتے ہیں جن کی روشنی میں اس عہد کی ترجیحات اور بیانیہ تشکیل پاتا ہے۔ یہی امور انسان کی سوچ، قوت ارادی اور قوت کارکردگی کی نشان دہی بھی کرتے اور ان پر عمل پیرا ہونے کے لیے انسانی عمل کو بیدار کرتے ہیں۔ ہمارے دور کا ایک انسانی المیہ یہ ہے کہ اس کرہ ارض پر معاشی تقسیم یا اقتصادی صورت حال یکساں نہیں ہے۔ انسانی آبادی واضح طور پر دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی آبادی کا تقریباً ساٹھ فیصد حصہ نہ صرف غربت کی لکیر سے نیچے رہتا ہے جبکہ چالیس فیصد آبادی کا حصہ عموماً مفلوک الحال انسانوں، ان کے وسائل اور خام مواد نیز عالمی سرمایہ سے استحصال کرتا ہے۔ اس عدم مساوات اور ناہمواری کے باوجود تیسری دنیا کے ماہرین، متخصص، ہنر مند افراد اور غیر ہنر مند اور بشری قوت سبھی اس امر پر مجبور ہیں کہ وہ پہلی دنیا کی طرف ہجرت کریں اور وہاں جا کر اپنی قسمت آزمائی کریں تاکہ وہ وہاں کام کر کے غربت سے چھٹکارا حاصل کریں۔ کیونکہ تیسری دنیا کی نسبت پہلی دنیا میں نہ صرف اجرت کے نرخ بہتر صورت میں مقرر ہیں بلکہ مالی اکائی کی شرح تبادلہ میں پستی کی وجہ سے بھی تیسری دنیا کے

میں "لاتثریب علیکم الیوم "کا نعرہ لگایا اور امن و سلامتی کا علم بلند کیا۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے جب بھی ہجرت اختیار کی، اللہ تعالیٰ نے دیار غیر میں ان کی مدد اور یاوری کی اور انہیں بہترین سکونت سے بہرہ ور کیا۔

۴. ولأجر الآخرة اَكْبَــرُ۔اس آیت کریمہ کی عملی تعبیر و تشریح سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یوں واضح فرمائی کہ جب وہ اپنے عہد خلافت میں مہاجرین کو ان کا سالانہ وظیفہ ادا کرتے تو انہیں فرماتے:

خذ بارک الله لک فیه، هذا ما وعدک فی الدنیا وما ادخرک فی الاخرة أفضل، تلا هذه الآية۔

"یہ وظیفہ قبول کر لو اللہ تعالیٰ اسے آپ کے لیے بابرکت بنائے! یہ تو وہ ہدیہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس دنیا میں دینے کا وعدہ فرمایا۔ البتہ جو چیز آپ کو آخرت میں دی جائے گی وہ اس سے کہیں بہتر ہے بعد ازاں خلیفہ ثانی رضی اللہ عنہ یہ قرآنی آیت تلاوت فرماتے تھے۔"

۵. لَوْ كَانُــوْا يَعْلَمُوْنَ۔انسان تو کوشش کرنے سے مکلف ہے کیونکہ "السعي منا والاتمام من الله" انسانوں کو صرف اپنے میدان میں کوشش کرنا ہوتی ہے۔ اس کی تکمیل اور اس کا ثمرہ تو اللہ تعالیٰ ہی عطا کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ہجرت حبشہ اختیار کرتے وقت مسلمانوں کو دنیا اور آخرت کی نعمتوں کا یقیناً علم نہیں تھا جو انہیں اللہ تعالیٰ نے بعد میں اپنے فضل سے عطا فرمائیں۔ تب انہیں فضل ربانی کی وسعت کا علم ہوا۔

٦. اَلَّــذِيْنَ صَبَــرُوْا وَعَلٰى رَبِّــهِــمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔جب مسلمانوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی، اس وقت وہ نہ صرف اپنا وطن مالوف چھوڑ کر گئے تھے بلکہ انہوں نے اپنے عزیز و اقارب اور اپنا مال و دولت بھی چھوڑا تھا۔ جو صبر کا اعلیٰ درجہ ہے نیز وہ حبشہ کے حالات و کوائف سے بالکل بے خبر تھے۔ انہوں نے توکل علی اللہ اسلام کے لیے یہ سفر اختیار کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف حبشہ میں مسلمانوں کو پر سکون زندگی سے نوازا بلکہ انہیں وہاں نجاشی اور حکومت حبشہ کا پورا پورا تحفظ، حمایت اور سرپرستی بھی حاصل تھی۔ جس کے نتیجے میں وہ پر سکون حالات میں عبادت الٰہی میں مصروف رہے۔

گذشتہ صفحات اور سطور میں ہم نے ہجرت حبشہ کے اسباب و عوامل، ہجرت حبشہ اولیٰ اور اس کے شرکاء اور بعض شرکاء کی مکہ واپسی پر روشنی ڈالی، اسی طرح ہم نے ہجرت حبشہ ثانیہ، اس کے شرکاء، ان کا حبشہ میں قیام اور حبشہ کے حکمرانوں کا مسلمانوں سے سلوک واضح کیا۔ دربار نجاشی کے واقعات، حضرت جعفر بن ابی طالب کی تقریر، نجاشی کے حالات اور رسالت مآب ﷺ سے نجاشی کے تعلقات کو حیطہ تحریر میں لائے۔ مسلمانوں کی حبشہ سے مرحلہ وار مکہ اور مدینہ منورہ واپسی اور اس حوالے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا بیان اور ہجرت حبشہ کی فضیلت پر روشنی ڈالی نیز ہم نے

بھتیجا بھی مدینہ منورہ بھیجا۔ چنانچہ اہل حبشہ نے مسلم مہاجرین سے عمدہ سلوک کیا تھا، اس لیے آپ ﷺ نے حبشہ کے مہمانوں سے بھی عمدہ سلوک کیا تھا اور ان کی خاطر تواضع میں خود بھی حصہ لیا تھا۔ نیز آپ نے نجاشی اصحم کی غائبانہ نماز جنازہ بھی ادا کی تھی۔ یہ سب امور اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کو مہاجرین حبشہ اور اہل حبشہ سے گہری وابستگی تھی اور ایک رسول خدا مسلمانوں کے مربی ہونے کی حیثیت سے وہ ذہنی، فکری اور انتظامی طور پر ہجرت حبشہ کے سارے عمل سے پوراوقت وابستہ رہے۔ بلکہ وہی اسی ہجرت کے محرک اور وہی اس کی تکمیل کرنے والے تھے نیز انہوں نے ہی اس ہجرت کی فضیلت بیان کی ہے۔ قرآن کریم کی سورۃ النحل کی آیت نمبر ۴۱ میں مہاجرین حبشہ کی فضیلت بیان کی گئی ہے:

> وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔[10]
>
> "اور جنہوں نے اللہ کے واسطے گھر چھوڑا اس کے بعد جبکہ ان پر ظلم کیا گیا تھا تو البتہ ہم انہیں دنیا میں اچھی جگہ دیں گے، اور آخرت کا ثواب تو بہت ہی بڑا ہے، کاش یہ لوگ سمجھ جاتے"۔

یوں تو یہ آیت کریمہ حکم میں اس قدر عام ہے کہ ہر وہ انسان اس آیت کریمہ کا مصداق بنتا ہے جو کبھی بھی ظلم و جبر سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنا وطنِ مالوف ترک کر کے کسی دوسری جگہ جا کر پناہ حاصل کرے۔ تاہم اگر ہم مہاجرین حبشہ کے احوال کا بغور جائزہ لیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت کریمہ کے تمام اجزاء کا اطلاق مہاجرین حبشہ پر بخوبی ہوتا ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے:

۱. وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ۔ اس امر میں کوئی شبہ نہیں کہ مہاجرین حبشہ نے اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کے لیے ہجرت کی۔ کیونکہ مکہ میں رہ کر اطمینان سے اللہ تعالیٰ کی عبادت نہیں کر سکتے تھے۔ جو اسلام کی بنیادی تعلیم ہے جبکہ حبشہ میں قیام کے دوران وہ اطمینان سے اللہ تعالیٰ کی عبادت بجالاتے رہے۔

۲. مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا۔ کا مصداق بھی مہاجرین حبشہ قرار پاتے ہیں۔ کیونکہ تاریخ و سیرت کا مطالعہ اس امر کی بخوبی نشان دہی کرتا ہے کہ مکہ میں مسلمانوں پر ظلم و جبر کے پہاڑ توڑے جاتے تھے۔ چنانچہ مشرکین مکہ کی مسلمانوں کو ایذاء رسانی عہد رسالت کی مکی زندگی کا ایک عظیم باب ہے۔

۳. لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً۔ اس قرآنی حکم کا عملی منظر بھی مسلمانوں نے نہ صرف عہد رسالت میں اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا بلکہ یہ عمدہ سکونت انہیں قیامت تک میسر رہے گی۔ جس مکہ سے انہیں مجبوراً ہجرت کرنا پڑی، چند سالوں بعد وہی مسلمان فاتح کی حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے اور مسلمانوں نے اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کی قیادت

---

۱۰ القرآن، سورۃ النحل، ۱۶: ۴۱

میں حالات مسلمانوں کے لیے انتہائی نامساعد تھے۔ نہ صرف مسلمانوں کو سخت سے سخت اذیتیں دی جاتی تھیں بلکہ ان کی انتہائی نگرانی بھی کی جاتی تھی۔ ان کٹھن حالات میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے اتنی بڑی تعداد میں مسلمانوں نے ہجرت کی اور سب بخیر وعافیت حبشہ پہنچ گئے۔ حبشہ میں مسلمانوں کو نہ صرف ہر طرح سے امن وسکون میسر ہوا بلکہ وہ ہر مشکل سے آزاد ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں پھر سے مشغول ہو گئے اور وہاں وہ خوش حال زندگی بسر کرنے لگے۔ چنانچہ تاریخ وسیرت نے یہ امر بھی محفوظ کیا ہوا ہے کہ حبشہ میں قیام کے دوران مسلمانوں کے ہاں درج ذیل بچے بھی پیدا ہوئے۔

قبیلہ بنو ہاشم سے سیدنا جعفر بن ابی طالب اور سیدہ اسماء بنت قیس رضی اللہ عنہما کے ہاں عبد اللہ بن جعفر، قبیلہ بنو امیہ سے خالد بن سعید بن ابی العاص اور امنیہ بنت خلف بن اسعد کے ہاں سعید بن خالد اور امتہ بنت خالد، قبیلہ بنو زہرہ سے مطلب بن ازہر بن عبد مناف اور رملہ بنت ابی عوف کے ہاں عبد اللہ بن مطلب، قبیلہ بنو مخزوم سے ابو سلمہ بن عبد الاسد کے ہاں زینب بنت ابی سلمہ اور قبیلہ بنو تمیم بن مرہ سے حارث بن  خالد بن جعفر اور ریتہ بنت حارث کے ہاں موسیٰ بن حارث، عائشہ بنت حارث، زینب بنت حارث اور فاطمہ بنت حارث کی پیدائش ہوئی۔

تاریخ وسیرت کی روایات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے مختلف اوقات میں دو بار مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ دونوں بار انہیں رسول اللہ ﷺ کی حمایت اور اجازت حاصل ہوئی تھی۔ پہلی ہجرت حبشہ ۵ نبوی میں عمل میں آئی۔ جبکہ مسلمانوں کا آخری قافلہ ۷ ہجری میں حبشہ سے سیدھا مدینہ منورہ واپس آیا۔ اس طرح مسلمان حبشہ میں تقریباً پندرہ یا سولہ سال مقیم رہے۔ اس طویل عرصہ میں مکہ میں بھی بہت سے واقعات وقوع پذیر ہوئے اور حبشہ میں بھی کئی ایسے واقعات پیش آئے جن سے مسلمان بالواسطہ یا بلا واسطہ متاثر ہوئے۔

مندرجہ بالا سطور میں ہم نے یہ نکتہ بیان کرنے کی کوشش کی ہے کہ جونہی جزیرۃ العرب میں مسلمانوں کے لیے حالات سازگار ہوئے اور مسلمان مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ منتقل ہوئے تو مہاجرین حبشہ بھی مرحلہ وار واپس لوٹے۔ بعض مہاجرین حبشہ سے مکہ اور مکہ سے مدینہ منورہ پہنچے جبکہ مہاجرین حبشہ کا آخری قافلہ ۷ ہجری میں حبشہ سے براہِ راست مدینہ منورہ پہنچا تھا۔ جس کی قیادت حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کر رہے تھے اور ان میں اہل یمن کے اس گروہ کے افراد بھی شامل تھے جن کی قیادت حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کر رہے تھے جو سمندری طوفان کی وجہ سے یمن سے حبشہ پہنچے تھے۔ وہاں کچھ عرصہ مقیم رہے اور بعد میں دیگر مہاجرین حبشہ کے ساتھ براہِ راست مدینہ منورہ پہنچے تھے۔

ہجرت حبشہ سیرت طیبہ، تاریخ اسلام اور حیات رسول کا ایک اہم باب ہے۔ اگرچہ رسول اللہ ﷺ اس ہجرت میں براہِ راست شریک نہیں ہوئے لیکن آپ ﷺ نے مکہ میں مقیم مظلوم ومغلوب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حبشہ کی تعلیم و ترغیب دی، حبشہ کی دوسری ہجرت کے وقت حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کو حبشہ روانہ کیا۔ انہیں نجاشی کے نام خط دیا۔ نجاشی نے نہ صرف رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں خط ارسال کیا بلکہ آپ ﷺ کی خدمت بجالانے کے لیے اپنا

تاسف یوں محفوظ کیا گیا ہے۔ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے دلی تاسف اور رنج کا اظہار سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سے ان الفاظ میں کیا۔ یہ تاریخی مکالمہ ان الفاظ میں محفوظ ہے:

فهجرتنا الاولى وهذه الهجرة الى النجاشي ولست هنا، فقال رسول الله ﷺ أنتم مهاجرون الى الله والى لكم هاتان هجرتان جميعا، فحسبنا يا رسول الله[9]

"یارسول اللہ! نجاشی کی طرف ہماری پہلی ہجرت اور یہ دوسری ہجرت ہو رہی ہے لیکن آپ ﷺ ہمارے ساتھ نہیں ہیں۔ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (اے عثمان! افسوس نہ کرو) تمہاری یہ دونوں ہجرتیں اللہ تعالیٰ کی طرف اور میری طرف ہیں۔ (اس پر حضرت عثمان نے کہا) تو پھر ہمیں اتنا ہی کافی ہے اے اللہ کے رسول!"

مکہ کی تکلیفیں، کلفتیں اور شدتیں ایک طرف رحمۃ اللعالمین ﷺ کی زیارت، معیت اور ہدایت دوسری جانب ہے۔ جبکہ حبشہ میں راحت ہی راحت اور اللہ تعالیٰ کی عبادت ہی عبادت ہے۔ اس کے باوجود سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نہ صرف رحمۃ للعالمین کی جدائی کی کمی محسوس کر رہے ہیں۔ بلکہ وہ اس کا اظہار بھی کر رہے ہیں۔ یہ ایمان بالرسالت کا ارفع و اعلیٰ درجہ ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی درخواست پر جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں دوسری بار حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دی تو ان کی خوشی کی کوئی انتہاء نہ رہی۔ انہوں نے شاداں و فرحاں ہجرت حبشہ کے لیے تیاری کی۔ حبشہ کی دوسری ہجرت میں نہ صرف پہلی ہجرت حبشہ سے واپس آنے والے افراد و خواتین نے حصہ لیا بلکہ دوسری بار دوسرے مسلمان بھی ان کے ساتھ شریک ہوگئے تھے۔ جن میں مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین بھی شامل تھیں۔ چنانچہ پہلی ہجرت حبشہ میں گیارہ یا بارہ مرد اور چار یا پانچ خواتین شامل تھیں جبکہ دوسری ہجرت حبشہ میں بیاسی یا تراسی مرد اور اٹھارہ خواتین شامل تھیں۔ دوسری ہجرت حبشہ میں شریک خوش نصیب مسلمانوں کا تعلق مختلف قبائل سے تھا جن کی تفصیل کتب تاریخ و سیرت میں اس طرح محفوظ ہے:

بنوہاشم سے ایک مرد اور ایک خاتون، بنوامیہ سے چار مرد اور تین خواتین، بنو اسد بن خزاعہ سے چار مرد اور دو خواتین، بنونوفل بن عبد مناف سے ایک، بنو اسد بن عبد العزیٰ سے چار مرد، بنو عبد بن قصی سے ایک مرد، بنو عبد الدار سے سات مرد، ایک خاتون اور تین بچے، بنوزہرہ سے پانچ مرد، ایک خاتون اور ایک بچہ، بنو تمیم بن مرہ سے دو مرد، ایک عورت اور چار بچے، بنو مخزوم سے آٹھ مرد، ایک خاتون اور ایک بچہ، بنو جمع سے تیرہ مرد اور تین خواتین، بنو سہم سے چودہ مرد، بنو عدی سے پانچ مرد اور ایک خاتون، بنو عامر سے نو مرد اور دو خواتین اور بنو حارث سے آٹھ مرد اور ایک خاتون شامل تھے۔ اگرچہ مکہ

۹ ابن سعد، الطبقات الکبری، ۲/۲۱۱.

طالب! آپ نے ہمارے اس آدمی کو کیوں پناہ دی ہے؟ حضرت ابو طالب نے جواب دیا کہ یہ میرا بھانجا ہے۔ اس نے مجھ سے پناہ مانگی تھی۔ میں کیسے انکار کر سکتا تھا۔ کیونکہ اگر میں اپنے بھانجے کو پناہ نہیں دے سکتا تو میں اپنے بھتیجے (حضرت محمد ﷺ) کو کیسے پناہ دے سکوں گا؟ قبیلہ قریش کی سیادت کی وجہ سے مخزومی حضرات بے نیل و مرام واپس لوٹ گئے۔ تاہم ان واقعات سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اس وقت مکہ کے حالات کس قدر کشیدہ اور تلخ تھے۔ جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حبشہ سے مکہ واپسی پر کسی نے پناہ نہ دی تھی ان میں کوفہ کے مدرسہ فقہ کے بانی اور فقہ حنفی کے سرخیل حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے وہ چونکہ کسی کی پناہ میں نہیں تھے۔ اس لیے انہیں روزانہ اہل مکہ کے ظلم و جبر کا سامنا رہتا تھا۔ اس لیے وہ تھوڑا ہی عرصہ مکہ میں قیام کر کے حبشہ واپس چلے گئے اور ہجرت مدینہ تک وہیں مقیم رہے۔

جو مسلمان حبشہ چھوڑ کر مکہ واپس آئے تھے، انہیں مکہ میں انتہائی کٹھن حالات کا سامنا تھا۔ اہل مکہ انہیں پہلے سے بھی زیادہ اذیتیں دیتے، ستاتے اور طرح طرح کے جبر و ستم کا نشانہ بناتے تھے۔ نیز ان مسلمانوں کو حبشہ میں پر سکون انداز میں گزارے ہوئے تین مہینے شدت سے یاد آتے تھے، جہاں وہ اطمینان کے ساتھ اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت میں مشغول رہتے تھے۔ ان حالات کے پیش نظر اور حبشہ کو اسلام اور مسلمانوں کے محفوظ پناہ گاہ تصور کرتے ہوئے سرور دو عالم اور رحمۃ للعالمین حضرت محمد ﷺ نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اجازت عطا فرما دی تھی کہ وہ دوبارہ حبشہ کی پر سکون زمین کی طرف ہجرت کر جائیں۔ یہ اجازت حبشہ سے واپس آنے والے مسلمانوں کے لیے ایک نعمت تھی، اس لیے وہ فوراً ہجرت حبشہ ثانیہ کے لیے تیار ہو گئے۔

دوسری جانب کفار مکہ بھی بہت چوکنا ہو گئے تھے وہ نہ صرف مسلمانوں کو سخت تکالیف پہنچاتے تھے بلکہ وہ ان کی نگرانی بھی کرتے تھے نیز اہل مکہ نے ان کا محاصرہ بھی کر رکھا تھا۔ اس کے باوجود نہ صرف حبشہ سے لوٹے ہوئے مسلمان اس ہجرت کے لیے کمربستہ ہو گئے بلکہ ان کی تعداد میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہو گیا تھا۔ چنانچہ اہل مکہ سے بچتے بچاتے ۸۲ یا ۸۳ مرد اور ۱۸ خواتین چھپ چھپا کر اس ہجرت کے لیے تیار ہوئے اور کفار مکہ سے بچ کر مختلف قافلوں کی شکل میں حبشہ پہنچ گئے۔ اسے ہجرت حبشہ ثانیہ کے نام سے تاریخ و سیرت نے محفوظ کر رکھا ہے۔[۸]

سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ محترمہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دوسری مرتبہ بھی ہجرت حبشہ کی اور دونوں دفعہ وہ مسافرانِ حق کے سالار تھے۔ انہیں مکہ کی کلفتوں اور حبشہ کی راحتوں کا نہ صرف پورا پورا احساس تھا بلکہ انہیں ان دونوں مقام پر زندگی بسر کرنے کا عملی تجربہ بھی حاصل تھا۔ جب وہ راہِ حق میں دینِ حق کی خاطر ہجرت کر رہے تھے تو انہیں اس امر کا انتہائی شدت سے افسوس تھا کہ وہ دوسری مرتبہ بھی ہجرت کر کے حبشہ جا رہے ہیں لیکن انہیں سرکار دو عالم نبی انس و جان حضرت محمد ﷺ کی معیت حاصل نہیں ہے۔ چنانچہ طبقات ابن سعد میں ان کا یہ

---

۸ أحمد بن محمد بن أبي بكر بن عبد الملك القسطلاني، المواهب اللدنية بالمنح المحمدية (قاهرة: المكتبة التوفيقية، س ن)، ۱/ ۱۵۳۔

آپ کو مجمع عام میں پناہ دی تھی اسی طرح آپ مجھے مجمع عام میں میری پناہ مجھے لوٹا دیں۔ لہذا وہ دونوں حرم شریف میں گئے، وہاں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے اعلان کیا کہ ولید نے مجھے پناہ دی تھی، میں نے اسے اپنے قول میں سچا پایا۔"

صدق، وَقَدْ وجدته وفيًا كريم الجوار، وَقَدْ أحببت أن لا أستجير بغير اللّٰه عَزَّ وَجَلَّ وَقَدْ رددت عليهم جواره"[٦]

اس نے اپنا وعدہ نبھایا، میں نے اسے وعدہ پورا کرنے والا اور باعزت طریقے سے نبھانے والا پایا لیکن میں یہ بات پسند نہیں کرتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کی پناہ میں زندگی بسر کروں اس لیے میں نے اس کی پناہ اسے واپس لوٹا دی ہے۔

جب عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے ولید بن مغیرہ کی پناہ واپس کر دی تو وہ اور مشہور عربی شاعر لبید بن ربیعہ خانہ کعبہ سے نکل کر ایک محفل میں آئے۔ وہاں لبید نے یہ مشہور شعر پڑھا:

الا كل شي ما خلا الله باطل      كل نعيم لامحالة زائل

اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر چیز فنا ہونے والی      ہر نعمت آخر کار ختم ہونے والی ہے

اس کے جواب میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے کہا:

كذبت نعيم الجنة لا يزول

"تم نے جھوٹ کہا بلکہ جنت کی نعمتیں زائل نہ ہوں گی۔"

اس بات کو لبید نے سخت ناپسند کیا، تو وہاں موجود ایک اور شخص سے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی تلخ کلامی ہوئی۔ جس پر اس شخص نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی آنکھ پر زور سے مکا مارا، جس سے زخمی ہو کر وہ سوجھ گئی، تو پاس بیٹھے ہوئے ولید بن مغیرہ نے کہا اے بھتیجے! جب تک تم میری پناہ میں تھے کسی کو تمہاری طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرأت نہ تھی۔ لہذا تم دوبارہ میری پناہ میں آجاؤ۔ اس پر حضرت عثمان نے یہ ارشاد فرمایا:

" بَلْ وَاللَّهِ إِنَّ عَيْنِي الصَّحِيحَةَ لَفَقِيرَةٌ إِلَى مِثْلِ مَا أَصَابَ أُخْتَهَا فِي اللَّهِ، وَإِنِّي لَفِي جِوَارِ مَنْ هُوَ أَعَزُّ مِنْكَ وَأَقْدَرُ يَا أَبَا عَبْدِ شَمْسٍ"[٧]

"بخدا میری دوسری آنکھ بھی یہ چاہتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اسے بھی ویسا ہی طماچہ لگے جیسا کہ اس کے ساتھ والی آنکھ کو لگا ہے اور اے عبد شمس! میں اب اس ذات کی پناہ میں ہوں جو تجھ سے زیادہ معزز اور زیادہ طاقتور ہے۔"

دوسرا واقعہ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کا ہے۔ جو اِن مہاجرین حبشہ میں سے ہیں جو مکہ واپس لوٹ آئے تھے اور انہیں حضرت ابو طالب نے پناہ دی تھی۔ ان کے قبیلہ بنی مخزوم کے کچھ افراد حضرت ابو طالب کے پاس آئے اور کہنے لگے اے ابو

---

٦ عزالدين أبوالحسن علي بن أبي الكرم محمد بن محمد الشيباني الجزري ابن الأثير، أسد الغابة في معرفة الصحابة، محقق: علي محمد معوض، اور عادل أحمد عبدالموجود (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۹۹۴)، ۳/ ۵۸۹.

٧ أبوالفداء إسماعيل بن عمر ابن كثير ,البداية والنهاية .ed ,علي شيري (بیروت: دار إحياء التراث العربي,۱۹۸۸),۳/ ۱۱۲.

مکہ واپس لوٹ جانا چاہیے۔ جبکہ حبشہ میں مقیم مسلمانوں میں سے بعض کی یہ رائے بھی تھی کہ یہ خبر غیر مصدقہ ہے۔ اس لیے ہمیں اس وقت تک یہیں مقیم رہنا چاہیے جب تک رسول اللہ ﷺ کی جانب سے ہمیں کوئی مصدقہ خبر موصول نہیں ہو جاتی۔ اس مشاورت کے نتیجہ میں دو آراء سامنے آئیں کہ واپس مکہ لوٹا جائے یا نہ لوٹا جائے۔ چنانچہ جو لوگ مکہ لوٹنے کے حق میں نہیں تھے وہ حبشہ میں ہی مقیم رہے اور ان میں سے کچھ افراد مکہ لوٹنے کے لیے تیار ہو گئے۔

جو اصحاب حبشہ سے سفر کر کے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے وہ جب مکہ کے قریب پہنچے تو انہیں یہ معلوم ہوا کہ اہل مکہ کے اسلام قبول کرنے کی خبر محض ایک افواہ تھی اور اس خبر میں کوئی صداقت نہیں تھی اور مکہ والے مسلمانوں پر بدستور مصائب کے پہاڑ توڑ رہے ہیں۔ یہ خبر ان کے لیے انتہائی پریشان کن تھی۔ ان کے لیے اب "نَہ پائے رَفتَن، نَہ جائے ماندَن" کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔ کیونکہ ان کٹھن حالات میں وہ مکہ سے چھپ کر فرار ہوئے تھے اس لیے اب وہ مکہ میں بآسانی داخل نہیں ہو سکتے تھے اور واپس حبشہ بھی بآسانی نہیں لوٹ سکتے تھے۔ اس لیے ان میں سے بعض کسی مکہ والے کی پناہ (Asylum) لے کر مکہ میں داخل ہو کر رہائش پذیر ہوئے اور جن افراد کو کسی مکی کی پناہ حاصل نہ ہوئی وہ بغیر پناہ کے مکہ میں داخل ہو گئے۔ ایسے افراد پر اہل مکہ وحشی جانوروں کی طرح ٹوٹ پڑے اور انہیں انتہائی تشدد اور سخت ظلم و ستم کا نشانہ بنایا اور انہوں نے ان پر پہلے سے بھی زیادہ ظلم و ستم روا رکھا۔ [۵]

اس کے برعکس جو لوگ کسی مکی باشندے کی پناہ میں آکر داخل ہوئے وہ مکہ میں محفوظ ہو کر پرسکون زندگی گزارنے لگے۔ لیکن اپنے ساتھی مسلمانوں پر ہونے والے اہل مکہ کے ظلم و جبر سے وہ بے حد نالاں تھے۔ ان میں سے چند ایک کے احوال بطور نمونہ ملاحظہ فرمایئے:

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں جو حبشہ سے واپس مکہ لوٹ آئے تھے۔ انہیں ولید بن مغیرہ نے پناہ دی تھی۔ اسی طرح حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ مکہ میں سکون اور اطمینان کی زندگی بسر کر رہے تھے لیکن جو مسلمان مکہ میں کسی کی پناہ میں نہیں تھے اہل مکہ ان پر ہر طرح کا ظلم و ستم روا رکھتے تھے، انہیں طرح طرح کی اذیتیں دیتے اور تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ انہیں اس حال میں دیکھ کر حضرت عثمان بن مظعون انتہائی پریشان ہوتے لیکن وہ ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتے تھے۔ ایک دن انہوں نے اپنے دل میں یہ فیصلہ کیا کہ وہ ولید بن مغیرہ کی پناہ سے نکل جائیں تاکہ وہ بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح کفارِ مکہ کی سختیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکیں۔ نیز وہ بندوں کی بجائے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں چلے جائیں جو مضبوط ترین سہارا ہے۔ چنانچہ وہ ایک دن ولید بن مغیرہ کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ وہ اپنی پناہ واپس لے لیں کیونکہ " ولكنني ارضي بجوار الله عزوجل ولا اريد ان استجير بغيره "میں صرف اللہ تعالیٰ کی پناہ کو پسند کرتا ہوں اور اس کے علاوہ کسی غیر کی پناہ مجھے پسند نہیں ہے۔ یہ سن کر ولید نے کہا کہ جس طرح میں نے

---

۵ أبو عبد الله محمد بن سعد بن البغدادي المعروف بابن سعد، الطبقات الكبرى (بیروت: دار الکتب العلمیة، ۱۹۹۰)، ۱/ ۱۶۱.

جب یہ قافلہ بندر گاہ پہنچا تو وہاں دو مال بردار جہاز حبشہ جانے کے لیے تیار کھڑے تھے۔ اگرچہ وہ مال بردار جہاز تھے اس کے باوجود ان سب افراد کو جہاز والوں نے نہ صرف اپنے ساتھ سوار کر لیا بلکہ ان سے کرایہ بھی انتہائی کم وصول کیا۔ اس طرح جہاز ان مہاجرین کو لے کر حبشہ کی سرزمین کی طرف روانہ ہو گیا۔ چنانچہ بیان کیا جاتا ہے کہ ان تمام مسافروں نے جہاز والوں کو کل پانچ درہم بطور کرایہ ادا کیے تھے۔

جب دونوں جہاز ان مہاجرین کو لے کر حبشہ کی طرف روانہ ہو گئے تو اہل مکہ کو ایک خاتون نے اطلاع دی کہ میں نے راستہ میں دیکھا کہ حضرت عثمان شعبیہ کی بندر گاہ کی طرف جا رہے تھے اور ان کی زوجہ محترمہ سیدہ رقیہ بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ جب مشرکین مکہ کو یہ خبر ہوئی کہ مسلمان مکہ کو چھوڑ کر باہر جا چکے ہیں تو انہوں نے اپنے آدمی مہاجرین کی تلاش میں دوڑائے اور جب وہ لوگ شعبیہ کی بندر گاہ پہنچے تو انہیں پتہ چلا کہ مسلمانوں کو لے کر دونوں جہاز پہلے ہی وہاں سے جا چکے تھے۔ چنانچہ ہجرت حبشہ اولیٰ کے دوران جن سعید روحوں نے ہجرت کی، ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

سیدنا عثمان بن عفان، سیدنا عثمان بن مظعون، سیدنا زبیر بن العوام، سیدنا عبد الرحمن بن عوف، سیدنا مصعب بن عمیر، سیدنا ابو حذیفہ بن عتبہ بن الیمان، سیدنا ابو سلمہ بن عبد الاسد المخزومی، سیدنا سہیل بن بیضاء، سیدنا عامر بن ربیعہ عنتری، سیدنا ابو سبرہ بن ابی رہم عامری، سیدنا حاطب بن عمرو بن عبد شمس، سیدنا عبد اللہ بن مسعود، سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ، سیدہ نحلہ بنت سہیل، سیدہ لیلیٰ بنت ابی حشمہ، ام کلثوم بنت سہل بن عمر رضی اللہ عنہم۔ [۴]

یہ اُن تمام خوش نصیب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی ہیں جن کی کل تعداد بارہ مرد اور پانچ خواتین تھی۔ تاہم ان سترہ افراد کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔ چنانچہ ابن اسحاق نے ابو سبرہ بن ابی رہم کے ساتھ ان کی اہلیہ ام کلثوم بنت سہل کا نام تحریر کیا ہے۔ تاہم ابن اسحاق نے حاطب بن عمرو اور ام کلثوم کا ذکر نہیں کیا، انہیں ابن سید الناس نے عیون الاثر میں تحریر کیا ہے۔ جبکہ حافظ ابن قیم کی تحقیق یہ بتاتی ہے کہ سیدنا عبد اللہ بن مسعود پہلی ہجرت حبشہ میں شریک نہیں تھے بلکہ وہ دوسری ہجرت حبشہ میں شریک ہوئے تھے۔

مسلمان حبشہ میں پہنچ کر امن و سکون کی زندگی گزارنے لگے۔ نہ ان پر کوئی جبر ہوتا تھا اور نہ تشدد۔ بلکہ وہ پر سکون ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں ہمہ تن مصروف ہو گئے تھے۔ مسلمانوں نے ماہِ رجب ۵ نبوی میں حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ انہیں ماہِ شوال میں قریباً تین ماہ بعد یہ اطلاع موصول ہوئی کہ اہل مکہ تمام کے تمام مسلمان ہو گئے ہیں۔ اس لیے وہاں اب کسی پر ظلم یا تشدد نہیں ہوتا۔ بلکہ اب مکہ مکرمہ میں مسلمان پر سکون زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ خبر سن کر حبشہ میں مقیم مسلمانوں کو بہت خوشی ہوئی۔ وہ اپنے وطن سے دور اور اپنے عزیز و اقارب اور احباب سے بچھڑے ہوئے تھے اس لیے وہ لامحالہ یہ سوچنے اور باہمی مشورے کرنے لگے کہ اب مکہ میں حالات سازگار ہو گئے ہیں اس لیے اب ہمیں اپنے وطن مالوف

۴ أحمد بن علي بن حجر أبو الفضل العسقلاني، فتح الباري شرح صحيح البخاري (بيروت: دار المعرفة، ۱۳۷۹)، ۷/ ۱۸۸.

لوگ مبتلا ہو۔

جیسے یمن اور بجیرۃ العرب کے درمیان زمانہ قدیم سے تجارتی روابط استوار تھے۔ اسی طرح حبشہ (Ethiopia)اور بجیرۃ العرب کے درمیان بھی قدیم زمانہ سے تجارتی تعلقات قائم تھے۔ نیز ان دونوں خطوں کے درمیان جہازوں کے ذریعے سے سمندری سفر بھی جاری رہتا تھا۔ اس لیے مکہ مکرمہ کے باشندے حبشہ اور اس کے حالات سے بخوبی واقف تھے۔ مزید برآں مسلمانوں کے لیے یہ بات سب سے اہم تھی کہ انہیں سید الانبیاء والمرسلین اور ان کے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی تھی۔[2] اس لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس ہجرت کے لیے بطیب خاطر فوراً تیار ہو گئے تھے تاکہ وہ مکہ میں موجود اس مصیبت اور آزمائش سے نجات پائیں اور وہاں جا کر آزادی سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کر سکیں اور اسلامی اوامر و نواہی پر عمل پیرا ہو سکیں۔

مؤرخین اور سیرت نگار سبھی اس امر پر متفق ہیں کہ ہجرت حبشہ کے لیے نفوس قدسیہ کا پہلا قافلہ رجب المرجب ۵ نبوی کو مکہ مکرمہ سے روانہ ہوا تھا۔ مکہ کے حالات مسلمانوں کے لیے انتہائی ناساز گار تھے اور مکہ والوں کا جبر اور تشدد مسلمانوں پر اس قدر غالب ہو چکا تھا کہ وہ چھپ چھپ کر رات کی تاریکی میں چھوٹے چھوٹے قافلوں کی شکل میں پیدل اور سوار ہو کر مکہ سے نکل کر اس وقت کی بندر گاہ (Sea Port)شعبیہ کی طرف روانہ ہوئے۔ واضح رہے کہ اس عہد میں "شعبیہ" ہی مکہ کی بندر گاہ شمار ہوتی تھی۔ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والا نفوس قدسیہ کا قافلہ گیارہ یا بارہ افراد اور چار یا پانچ خواتین پر مشتمل تھا۔ جن کی قیادت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کر رہے تھے اور ان کے ساتھ ان کی زوجہ محترمہ سیدہ رقیہ بنت محمد رسول اللہ ﷺ بھی تھیں۔ سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نہ صرف اس جان نثارانِ اسلام کے قافلے کے قائد تھے بلکہ وہی اپنی زوجہ محترمہ کے ساتھ سب سے پہلے مکہ مکرمہ سے ہجرت کے لیے روانہ ہوئے۔ انہیں دونوں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا:

"إنهما أول بيت هاجر في سبيل الله بعد إبراهيم ولوط عليهما السلام "[3]

"حضرت ابراہیم اور حضرت لوط علیہما السلام کے بعد یہ پہلا گھرانہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کر رہا ہے۔"

چند نفوس قدسیہ پر مشتمل اس قافلہ کے افراد ایک ایک اور دو دو کی ٹکریوں میں رات کے اندھیرے میں چھپ کر مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے اور چھپتے چھپاتے شعبیہ کی بندر گاہ تک پہنچے اور یوں اہلِ مکہ کو ان کے ہجرت کرنے کا علم نہ ہوا تاہم

---

۲ أبو محمد جمال الدين عبد الملك ابن هشام، السيرة النبوية، تحقيق: مصطفى السقا، إبراهيم الأبياري، اور عبد الحفيظ الشلبي (مصر: مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي، ۱۹۵۵)، ۱/۳۲۱.

۳ صفي الرحمن مبارکپوری، الرحيق المختوم (بيروت: دار الهلال، س ن)، ۸۱.

بگاہے دار ارقم میں اکٹھے ہو کر چھپ کر نماز باجماعت بھی ادا کرنے لگے تھے۔ کفار و مشرکین مکہ بھی مسلمانوں کے اس اجتماع اور ان کی بڑھتی ہوئی تعداد سے باخبر تھے اور ان کی قوت سے بھی بخوبی آگاہ ہو گئے تھے۔ اس لیے انہوں نے انتقاماً مسلمانوں کی ایذاء رسانی کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اگرچہ اسلام کی نعمت سے مستفیض ہونے والوں میں حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عثمان غنی اور سیدہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہم جیسے نامور سرکردہ افراد بھی شامل تھے۔ لیکن کفار کی ایذا رسانی کا شکار ہونے والوں میں معاشرے کے کمزور افراد سرفہرست تھے اور کمزور افراد میں سے ایسے افراد کو انتہائی اذیت پہنچائی جاتی تھی جو ابھی تک غلامی (Slavery) کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ جن میں سیدنا بلال، سیدنا عمار بن یاسر، سیدنا صہیب بن سنان، سیدنا صہیب رومی، سیدنا جناب بن الارث، سیدنا ابو کلینہ جہنی اور سیدہ زنیرہ رضی اللہ عنہم سرفہرست تھے۔

بحیرہ عرب کے سماجی نظام میں قبیلہ کو انتہائی اونچا مقام حاصل ہوتا تھا۔ ہر قبیلہ نہ صرف خود مختار اور طاقت ور ہوتا تھا بلکہ معاہدوں کے ذریعے سے دیگر بڑے قبائل سے بھی وہ مربوط ہوتا اور ان سے قوت حاصل کرتا تھا۔ اس طرح عرب قبائل اپنے اپنے قبیلہ کا دفاع بھی کرتے اور اپنے افرادِ قبیلہ کا تحفظ بھی کرتے تھے۔ اسی نظام کے تحت رسول اللہ ﷺ کے تحفظ کا فریضہ ان کا قبیلہ قریش سرانجام دیتا تھا۔ کیونکہ "وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ" کی رو سے اللہ تعالیٰ نے آپ کی حفاظت کی ضمانت فراہم کر رکھی تھی۔ لیکن اسلام کے دائرے میں داخل ہونے والے دیگر خوش نصیبوں کو کوئی تحفظ حاصل نہیں تھا۔ کیونکہ اسلام قبول کرنے کی وجہ سے وہ اپنے قبیلوں سے توکٹ جاتے تھے لیکن مسلمانوں کے پاس ان کی حفاظت اور ان کی دل جوئی کا کوئی انتظام موجود نہیں تھا۔ مزید بر آں اسلام قبول کرنے والوں کی اکثریت کا تعلق معاشرے کے نچلے طبقوں اور غلاموں سے ہوتا تھا۔ اس لیے مشرکینِ مکہ مسلمانوں کو انتہائی تکالیف پہنچاتے تھے۔ جنہیں مسلمان پامردی اور دل جمعی سے برداشت کرتے تھے۔ جبکہ رحمۃ للعالمین ﷺ کے لیے یہ صورت حال بہت تکلیف دہ تھی کہ وہ مسلمانوں کو تکلیف میں دیکھیں اور وہ ان کی کوئی مدد نہ کر سکیں۔ ان کٹھن حالات میں ایک روز رحمت عالم ﷺ نے مسلمانوں کو یہ مشورہ دیا کہ تم اللہ تعالیٰ کی زمین پر کہیں اور چلے جاؤ، اللہ تعالیٰ تم سب کو عنقریب ایک جگہ جمع کر دے گا۔ ان مظلوموں نے پوچھا کہ وہ کہاں جائیں؟ آپ ﷺ نے حبشہ کے ملک کی طرف جانے کا اشارہ فرمایا۔ نیز آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا:

"لو خرجتم الى ارض الحبشة فان بها ملك كما لا يظلم عنده أحد، وهي ارض صدق حتىٰ يجعل الله لكم خرجا فيما أنتم فيه-"[۱]

کہ آپ لوگ حبشہ کی طرف ہجرت کر جائیں کہ وہاں ایک ایسا بادشاہ حکومت کرتا ہے، جس کی موجودگی میں کوئی کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ وہ سچائی کی سرزمین ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اس مصیبت سے نجات دلائے جس میں اب تم

۱۔ أبو عبد اللہ محمد بن عبد الباقي بن يوسف الزرقاني، شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية (بيروت: دار الكتب العلمية، ۱۹۹۶)، ۱/۵۰۳۔

ہے اور خالقِ کائنات کی نمائندگی کرتی ہے، جبکہ اس کے برعکس شر شیطان کی نمائندہ ہونے کے حوالے سے سدا سلبی قوتوں (Negative Forces) کی ممدو معاون رہتی ہے۔ مسلمانوں کا یہ پختہ عقیدہ ہے کہ "القدر خیرہ و شرہ من اللہ تعالی" خیر و شر دونوں اللہ تعالیٰ کی ہی پیدا کردہ ہیں۔ وہی ان کی مقدار کا تعین کرتا اور وہی اس کائنات میں برپا ہونے والے امور و واقعات کو اچھائی یا برائی کا درجہ عطاء کرتا ہے۔ مزید براں یہ خالقِ کائنات ہی ہے جو انسانوں کو شر سے محفوظ کر کے خیر کی طرف متوجہ کرتا، اس کا خوگر بناتا اور خیر کو اپنانے کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ رحمان اور رحیم ہے۔ اس کی رحمت تمام چیزوں پر محیط ہے اور وہ ہمیشہ اپنی اشرف مخلوق یعنی انسان کی بھلائی، فلاح، خوشحالی اور مسرت کو فروغ دیتا ہے۔ اس لیے اس نے انسان کو خیر کی افادیت سے روشناس کرانے کے لیے شر کو تخلیق کیا۔ تاکہ "تعرف الاشیاء بأضدادها" کے مطابق انسان تمام امور کی افادیت سے آگاہ ہو کر خیر کا خوگر بن جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نظام کائنات میں خیر ہی اصل ہے، اسی نے ہی سدا قائم رہنا ہے۔ جبکہ شر اس کے مقابلے میں ایک فانی قدر (Mortal Value) ہے اور اسے بہر حال ختم ہونا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خیر کو بقائے دوام اور شر کو اختتامِ عام حاصل ہوتا رہے گا۔ نیز یہ وجہ ہے کہ جب انسانی معاشروں میں شر کو غلبہ حاصل ہو جاتا ہے اور خیر کا عنصر انسانی معاشروں میں ماند پڑ کر ختم ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا نظام شر کی سرکوبی اور خیر کی بالیدگی کے لیے حرکت میں آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ابتداء آفرینش سے اپنے انبیاء اور رسل مبعوث کرتا رہا ہے۔ انسانی ہدایت کے لیے کتب اور صحیفے بھی نازل کرتا رہا ہے۔ نیز انسانی رہنمائی کے لیے مبلغین، علماء، مشائخ اور مصلحین پیدا کرتا رہا ہے۔ تاکہ ان سعید روحوں کی کوششوں سے خیر کو انسانی معاشروں میں فروغ ملتا رہے اور شر کی سرکوبی ہوتی رہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی ہادی یا مصلح (Reformer) انسانی بھلائی کے لیے سرگرم عمل ہوتا ہے تو نہ صرف اس کی مخالفت کی جاتی رہی ہے بلکہ شر کی قوتیں اسے ختم کرنے کے لیے سدا درپے رہتی ہیں۔ تاکہ شر کی قوتوں کو اس کائنات میں فروغ حاصل ہو اور وہ پروان چڑھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی اور رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو رحمۃ للعالمین بنا کر اس کائنات میں مبعوث فرمایا تو جزیرۃ العرب اور مکہ کے باشندوں نے نہ صرف ان کی ہدایت بخش تعلیمات سے انکار کیا بلکہ ان الہامی تعلیمات و روحانی ہدایات پر لبیک کہنے والوں کی سختی سے مخالفت کی، بلکہ وہ خود رسول کریم ﷺ اور ان کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دشمن ہو گئے تھے کہ وہ انہیں قتل کرنے کے درپے تھے اور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کو جان سے مارنے کی تدبیریں سوچ رہے تھے۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

تاریخ گواہ ہے کہ بعثت کے بعد نبوت کے تین ابتدائی سال نسبتاً آسانی سے گزر گئے۔ کیونکہ اس وقت مسلمان ہونے والے خوش نصیب افراد کی تعداد نہ صرف کم تھی اور وہ گنتی کے چند افراد تھے بلکہ وہ سب جگہ جگہ منتشر تھے، نہ ان کی کوئی جمعیت تھی نہ کوئی قوت۔ تاہم نبوت کے چوتھے سال تک مسلمانوں کی تعداد میں معقول حد تک اضافہ ہو چکا تھا اور وہ گاہے

# ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل

# The Manual for Muslim Citizens of Non-Muslim States in the Context of Abyssinian Emigration

ڈاکٹر محمد طفیل

پروفیسر (ر)، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

**ABSTRACT:**

Just as there were trade relations between Yemen and the Arabian Sea from ancient times، so also there were trade relations between Abyssinia and the Arabian Sea from ancient times. This was the reason that the residents of Makkah were well aware of the conditions in Abyssinia and as soon as the permission was given by the Prophet (peace and blessings of Allah be upon him)، the Companions of the Prophet PBUH immediately prepared for this migration. Muslims migrated to Abyssinia twice. The first time، 15 or 16 people were involved، while the second time، about 101 people participated. The last caravan of Abyssinian emigrants reached Medina directly on the 7th Hijra.

One of the arguments arising from this migration is that in the country or region in which Muslims settle، they face problems in religious، cultural، economic، political، moral and social affairs، especially when it is difficult to fulfil religious affairs، they are allowed to migrate from one place and settle in another place. Also، if a Muslim gets better economic، commercial، business and earning opportunities in a non-Muslim state than in an Islamic state، then such Muslims should migrate from a Muslim state and settle in a non-Muslim state. Similarly، Muslim students can enrol in non-Muslim educational institutions and obtain higher degrees.

These all above matters are allowed with the condition that they don't let the wealth of their faith go to waste during their studies، stick to trust and honesty and protect their honour and reputation. This research also proves that it is important for Muslims to follow the laws of the country in which they live.

**KEYWORDS:**

*Abyssinian Emigration، Non-Muslims، Migration to Habsha، Manual.*

نیکی بدی، اچھائی برائی اور خیر شر ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ خیر ہمیشہ سے مثبت قوتوں سے عبارت رہی




Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 2 (July - December 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2
Home Page: https://alwifaqjournal.com/
Journal QR Code:


| | | |
|---|---|---|
| Article | ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل<br>The Manual for Muslim Citizens of Non-Muslim States in the Context of Abyssinian Emigration | Indexing |
| Authors | Dr. Muhammad Tufail | |
| Affiliations | International Islamic University, Islamabad. | |
| Published | 31 December 2022 | |
| Article DOI | https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u3 | |
| QR Code | | |
| Citation | Muhammad Tufail. 2022. "ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل: The Manual for Muslim Citizens of Non-Muslim States in the Context of Abyssinian Emigration". Al-Wifaq 5 (2):43-71. https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u3. | |
| Copyright Information: | ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل The Manual for Muslim Citizens of Non-Muslim States in the Context of Abyssinian Emigration © 2022 by Dr. Muhammad Tufail is licensed under CC BY 4.0 | |
| Publisher Information: | Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan. | |

الترمذي، أبو عيسى محمد بن عيسى. سنن الترمذي. تحقيق: بشار عواد معروف. بيروت: دار الغرب الإسلامي، ۱۹۹۶.
الشاطبي، إبراهيم بن موسى بن محمد. الاعتصام. تحقيق: سليم بن عيد الهلالي. السعودية: دار ابن عفان، ۱۹۹۲.
الشيباني، أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل. مسند أحمد. بيروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱.
النسائي، أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب. السنن الكبرى - النسائي. تحقيق: شعيب الأرناؤوط. بيروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱.
النيسابوري، أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيري. صحيح مسلم. بيروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۹۵۵.
بخاري، أبو عبد الله محمد بن إسماعيل. صحيح البخاری. بيروت: دار طوق النجاة، ۱۴۲۲.
تھانوی، مولانا نجم الحسن. علماء کرام اور ان کی ذمہ داریاں. اسلام آباد: دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ۲۰۰۷.
چشتی، پروفیسر حبیب اللہ. امت مسلمہ کا عروج وزوال. لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۱۵.
شفیع، مفتی محمد. وحدت امت. لاہور: طارق اکیڈمی، ۲۰۰۴.
گیلانی، مولانا مناظر احسن. پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت. لاہور: مکتبہ رحمانیہ، س ن.
ندوی، سید ابو الحسن علی. اسلامی بیداری. اسلام آباد: دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ۲۰۰۵.
. ـــــــ تاریخ دعوت وعزیمت. کراچی: مجلس نشریات اسلام، ۲۵۲۵.
. ـــــــ تحفہ دکن. لکھنو: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام، ۱۹۸۳.
. ـــــــ دعوت فکر وعمل. لکھنو: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام، ۲۰۰۳.
. ـــــــ علماء کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں. کراچی: مجلس نشریات اسلام، س ن.
ندوی، سید ابو الحسن علی. تحفہ پاکستان. کراچی: مجلس نشریات اسلام، ۱۹۸۴.
. ـــــــ حالات کا نیا رخ اور علماء ودانشور طبقہ کی ذمہ داریاں. علی گڑھ: علامہ ابو الحسن علی ندوی ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ، ۲۰۱۴.
. ـــــــ حدیث پاکستان. کراچی: مجلس نشریات اسلام، ۱۹۷۹.
. ـــــــ مدارس اسلامیہ کی ضرورت واہمیت. کراچی: مجلس نشریات اسلام، س ن.
ندوی، سید عبد الحی حسنی. یاد ایام بعنوان تاریخ گجرات. لکھنو: شبلی بک ڈپو، س ن.
ندوی، مولانا سراج الدین. رسول خدا کا طریق تربیت. لاہور: اسلامی پبلی کیشنز، ۲۰۱۷.

اس مقالہ میں یہ بیان کرنے کی سعی کی گئی ہے کہ امت مسلمہ اپنے اجتہادی وفقہی اور کلامی اختلافات کی موجودگی کے باوجود باہم متحد و متفق رہ سکتے ہیں بس اس کے لئے عزم وارادہ کی ضرورت ہے۔ اور اس کے ساتھ ضروری ہے کہ امت کے افراد ذاتی اغراض و مقاصد، مفادات، جہالت اور حب مال و جاہ سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے قرآن و سنت کے بین رہنما اصولوں کو اختیار کر کے وحدت کی لڑی میں جڑ جائیں اور خود اپنے مسلک پر عمل کرنے کے ساتھ دوسرے مسلک کے افراد کا احترام دل سے نہ نکالیں اور اگر مسلمان اپنی ساری صلاحیتوں کو دشمنان اسلام کفر، الحاد اور زندقہ اور اباحیت و بد عملی کے خلاف صرف کرنا شروع کر دیں تو ان کو اختلافات فرعی میں الجھنے کی فرصت ہی نہیں مل پائے گی۔ اخلاص و رضا خداوندی کو حاصل کرنے کے لئے اپنے قلم و زبان کو جنبش دیں جس کی بدولت امت مسلمہ اپنی عظمت رفتہ کو بحال کرنے میں کامیاب ہو پائے گی۔

## نتائج و سفارشات

پاکستان میں بسنے والے شہریوں میں اتحاد و اتفاق کو پیدا کرنے کے لئے چند سفارشات پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ انسانیت، اسلامیت اور پاکستانیت کو اپنا شعار بنائیں کہ کوئی انسان کسی بھی مذہب، مسلک سے وابستہ ہے تو رہے مگر بحیثیت انسان اور پاکستانی اس کو عزت و احترام سے نوازا جائے۔

۲۔ معاشرہ میں دینی تعلیم و تربیت کا اہتمام از حد ضروری ہے کہ اس کے بغیر اتحاد و اتفاق کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا اس سلسلہ میں مساجد و مدارس اپنا کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

۳۔ علمی و فکری اختلاف پر مبنی امور کو عوامی اجتماعات میں بیان کرنے سے احتراز کیا جائے۔

۴۔ وحدت تعلیم کے تصور کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جبھی مسلم نوجوان دین و دنیا دونوں میں سماج کی حقیقی رہنمائی کرنے کے قابل ہونگے۔

۵۔ دین کی دعوت دینے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ نرم خو رویہ اور بہترین اسلوب سے دین کی دعوت کو پیش۔

## مصادر و مراجع

القرآن مجید

ابن ماجه، أبو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجة القزويني. سنن ابن ماجه. تحقيق: شعيب الأرنؤوط. بيروت: دار الرسالة العالمية، ۲۰۰۹.

البيهقي، أبو بكر أحمد بن الحسين. شعب الإيمان. تحقيق: أبو هاجر محمد السعيد بن بسيوني زغلول. بيروت: دار الكتب العلمية، ۲۰۰۰.

### مولانا عبد الستار خان نیازیؒ

مولانا نے چار نکاتی اتحاد امت کا فارمولہ پیش کیا۔ اول یہ کہ پاکستان کی تمام جماعتیں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور شاہ عبد العزیز محدث دہولیؒ کے افکار و نظریات پر متفق ہیں لہذا ان کو اختلافی مسائل میں رہنما تسلیم کرتے ہوئے اختلافات کو حل کیا جائے۔ دوم یہ کہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی چشتی صابریؒ کی عظمت و مرتبہ کو سب لوگ تسلیم کرتے ہیں ان کی کتاب ہفت مسلہ کی روشنی میں اختلافات کو حل کرنا چاہیے۔ سوم یہ کہ مولانا خلیل احمد انبیٹھوی کی کتاب المہند علی المفند جو کہ مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی کی کتب حسام الحرمین اور الدولۃ المکیہ کے جواب میں لکھی گئی پر عمل کیا جائے۔ چہارم یہ کہ اپنے مسلک و مکتب پر عمل کیا جائے اور دوسرے کہ مکتب و مسلک پر اعتراض سے اجتناب کیا جائے۔[۷۳]

### مفتی محمد شفیع عثمانیؒ

مفتی صاحب نے اتحاد امت کی فضا کو قائم رکھنے کے لئے حسب ذیل سفارشات پیش کی ہیں۔

۱۔ علماء کرام اپنی جہود کا محور و مرکز ان موضوعات کو بنائیں جن کی طرف قرآن و سنت نے دعوت دی ہے۔ درس و تدریس اور دیگر سرگرمیوں میں اس پر زیادہ وقت صرف کرنے کا عزم وفیصلہ کریں۔

۲۔ نظریاتی و اجتہادی اختلافات کو علمی حلقوں اور تصنیف و تالیف تک محدود رکھا جائے اور ان موضوعات کو جلسہ، جلوسوں اور عامۃ الناس کے مجمع میں بیان کرنے اور سب و شتم اور بے نتیجہ مناظرہ و مناقشہ اور بازاری زبان سے اجتناب کیا جائے۔

۳۔ معاشرہ میں فروغ پاتی خرابیوں کی اصلاح کے لئے مشفقانہ لہجہ اختیار کیا جائے۔

۴۔ الحاد و بے دینی کے خلاف پیغمبرانہ دعوت اصلاح وارشاد کو رہنماء بناتے ہوئے مجادلہ حسن کو اختیار کیا جائے۔[۷۴]

## خلاصہ کلام

مقالہ ہذا میں میں قرآن و سنت نبویہ ﷺ کی روشنی میں اتحاد امت کی ضرورت و اہمیت اور افادیت اور اس کے تقاضوں کو بیان کیا گیا ہے۔ جس میں حضورؐ کے ارشادات اور اقوال و اعمال صحابہ کو درج کیا گیا۔ مقالہ میں اختلاف کے اسباب و علاج کو پیش کیا گیا جن میں اختلاف پیدا ہونے کے وجوہ اور اختلاف کے مضمرات کو قرآن کریم اور تعلیمات نبویہ ﷺ کی روشنی میں درج کرنے کے ساتھ علماء کرام کے اقوال کو پیش کیا گیا۔ اور مقالہ میں اتحاد امت میں مدارس اور اہل مدارس کے کردار پر روشنی ڈالی گئی ہے اور معاشرے کی اصلاح وارشاد پیغمبرانہ دعوت کا اسلوب و منہج اور اتحاد و اتفاق کی سبیل کو قائم رکھنے کے لئے علماء کرام کی جانب سے پیش کردہ فارمولہ اتحاد کو بھی درج کر دیا گیا ہے۔

---

۷۳۔ چشتی، امت مسلمہ کا عروج وزوال، ۱۱۶.

۷۴ شفیع، وحدت امت، ۵۵-۵۶.

قرآن کریم کا صریح حکم ہے کہ " اُدۡعُ اِلٰی سَبِیۡلِ رَبِّکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَ الۡمَوۡعِظَۃِ الۡحَسَنَۃِ "[٦٧] (لوگوں کو دعوت دیں اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھے انداز سے)۔ اسی طرح ارشاد جل شانہ ہے کہ " وَدُّوۡا لَوۡ تُدۡہِنُ فَیُدۡہِنُوۡنَ "[٦٨] (وہ چاہتے ہیں کسی طرح تو ڈھیلا ہو تو وہ بھی ڈھیلے ہوں)۔ جبکہ حق بات کے اظہار کا صراحتی حکم قرآن کریم میں نبی اکرمؐ کو دیا گیا کہ " فَاصۡدَعۡ بِمَا تُؤۡمَرُ وَ اَعۡرِضۡ عَنِ الۡمُشۡرِکِیۡنَ "[٦٩] (جس کا حکم دیا جارہا ہے بیان کریں اور مشرکین کی مخالفت کو نظر انداز کر دیں)۔ ان آیات سے واضح ہوتا ہے کہ منصوصات اور شریعت میں کسی طرح کی ترمیم یا مخالفت کی کوششوں کو نظر انداز کیا جائے گا اور توحید و سنت کو کماحقہ بیان کیا جائے گا۔

## حفاظت عقیدہ و شریعت

علماء اسلام کے کاندھوں پر اہم ذمہ داری یہ ہے کہ معاشرے کے اثرات سے متاثر ہونے کی بجائے مؤثر بنتے ہوئے زمانے کے تھپیڑوں اور ترغیب و ترہیب سے بے خوف ہو کر شریعت اسلامیہ اور عقائد کے بین اصولوں کی حفاظت کا انتظام کریں۔ اسی بات کا حضور اکرمؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی۔ "إِنَّ أُمَّتِي لَنْ تَجْتَمِعُ عَلَى ضَلَالَةٍ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ الاخْتِلَاف فَعَلَيْكُمْ بِالسَّوَادِ الْأَعْظَمِ."[٧٠] لہذا علماء اسلام کی یہ کلیدی ذمہ داری ہے کہ وہ سچ اور جھوٹ، حق اور باطل کو کھول کھول کر عوام الناس پر واضح کریں۔[٧١]

## جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ

اتحاد امت کے متعلق یہ تجاویز پیش کی ہیں کہ ایک یہ کہ اتحاد کے داعی کو اپنی دعوت پر کامل یقین ہو اور اس کی افادیت پر پختہ اعتماد، دوسرا یہ کہ وہ زیادتی کرنے والا کسی بھی مسلک و جماعت سے ہو اس کو روکا جائے۔ تیسرا یہ کہ ایک مسلک و مکتب دوسرے مسلک و مکتب کے علماء کی بات کو اطمینان قلب اور خندہ پیشانی سے سننے کا جذبہ رکھتے ہوں۔ چوتھا یہ کہ عظمت رسالت اور تقدس نبوت دین کی بنیاد ہے اس کے متعلق صراحتاً و کنایتاً اہانت پر مبنی عبارات کو حذف کیا جائے، پانچواں نکتہ یہ ہے کہ مسلک و مکتب کے بہی خواہ اپنے ماعدا پر سب و شتم اور الزام تراشی و فتوی بازی سے اجتناب کریں۔[٧٢]

---

٦٧۔ القرآن، سورۃ النحل، ١٦:١٢٥

٦٨۔ القرآن، سورۃ القلم، ٦٨:٩

٦٩۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ١٥:٩٤

٧٠۔ ابن ماجہ، سنن ابن ماجہ، ٥/٩٦، حدیث نمبر ٣٩٥٠.

٧١۔ سید ابوالحسن علی ندوی، تحفہ دکن (لکھنو: مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، ١٩٨٣)، ٤٢-٤٣.

٧٢۔ چشتی، امت مسلمہ کا عروج و زوال، ١١٦.

بیداری، قرآن و حدیث سے شغف کے تذکروں کی بجائے ان کی جانب غیر فطری و غیر شرعی عادات اطوار کو منسوب کر دیا گیا ہے کہ ان کا کام اللہ سے تعلق و ربط استوار کرنے کی بجائے خرق عادت چیزوں سے جوڑ دیا گیا ہے کہ وہ کسی کو گراتے ہیں تو کسی کو زندہ کرتے ہیں یا پھر کشتیوں کو ڈوبتے ہیں جیسی باتیں ان کی طرف منسوب کر کے ان کی علمی و فکری اور روحانی حیثیت کو مشکوک بنادیا گیا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ بزرگ اہل علم تھے، ان کو قرآن و حدیث سے بہت شغف اور لگاؤ تھا اور وہ کسی بھی شخص کو مسند ارشاد اس وقت تک نہیں دیتے تھے جب تک اس کے علمی تفوق کا ان کو یقین نہ ہو جاتا افسوس ہے کہ یہ سب باتیں دانستہ یا نادانستہ طور پر انسانوں کی آنکھوں سے او جھل کر دیا گیا۔"[۶۵]

عصر حاضر میں علماء کرام کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی وضع قطع اور رہن سہن میں تکلف سے اجتناب کریں۔ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ایثار و قربانی کے جذبہ کو اختیار کرتے ہوئے شاہوں کی مجالس سے کنارہ کشی بھی علمائے ربانی کی صفات میں سے ایک اہم صفت ہے۔ ضرورت مند ہونے کے باوجود اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دینا اور ان کی ضرورت و حاجت کو پورا کرنا اور خود قناعت کو اختیار کر لینا یہ شان امتیازی ہے جس سے صحابہ کرام متصف تھے۔ قرآن میں ارشاد جل وعلا ہے "خود ضرورت مند ہونے کے باوجود دوسروں پر نثار کر دیتے ہیں"[۶۶]

## اتحاد امت کا فارمولہ

اہل حق اور مخلص علماء کرام کی جانب سے اس امر پر گاہے بگاہے غور کیا جاتا رہا ہے کہ دشمنان اسلام کی چیرہ دستیوں سے نبرد آزمائی اور زمانہ میں اسلام اور مسلمانوں کے قائدانہ کردار کو فروغ دینے کے لئے فقہی و کلامی اور دیگر فرعی مسائل پر قابو پایا جائے اس سلسلہ میں کتب ورسائل کی تصنیف و تالیف بھی کی گئی ہیں۔ ذیل میں چند علماء کرام کی جانب سے اتحاد امت کے سلسلہ میں پیش کردہ تجاویز کو پیش کیا جاتا ہے۔

## پیغمبرانہ اصول دعوت

علماء کرام کی آراء کو پیش کرنے سے قبل ضروری ہے کہ انبیاء کے طریق دعوت کو پیش کیا جائے۔ تاہم اس میں اس بات کو ضرور ملحوظ خاطر رکھا جائے کہ اس سے مراد حکمت و دانشمندی کے ساتھ تعلیمات اسلام کو فروغ دینا بھی ترجیح ہونی چاہیے البتہ اس میں اس بات کی بالکل اجازت نہیں دی جاسکتی کہ لوگوں کے رعب و دبدبہ کی وجہ سے مداہنت سے کام لیں۔

---

۶۵۔ ندوی، دعوت فکر و عمل، ۱۷۵.

۶۶۔ القرآن، سورۃ الحشر، ۹:۵۹

کر دیا اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی، اور اسلام کو بطور دین کے تمہارے لیے پسند کیا۔ امام مالکؒ نے فرمایا ہے کہ بدعتی انسان اصل میں نبی مکرمؐ پر بداعتمادی کا اظہار کرتا ہے کہ آپؐ نے شریعت کو مکمل طور پر لوگوں تک نہیں پہنچایا جبھی وہ دین میں بدعات کی داغ بیل ڈالتا ہے۔[۵۹] بدعت کی مذمت میں آقائے نامدارؐ نے بھی ارشاد فرمایا تھا کہ

"وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ"[۶۰]

ترجمہ: اور بدترین بات دین میں نئی بات ایجاد کرنا ہے، اور ہر نئی ایجاد کردہ چیز بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے، اور ہر گمراہی جہنم میں ہوگی۔

## تضادات کا خاتمہ

حاملین دین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی زندگی سے تضادات کا خاتمہ کریں۔ بعض مباحات کے استعمال میں تولیت ولعل سے کام لیا جاتا ہے مگر سوء اتفاق ہے کہ مسلمانوں کو منقسم کرنے اور مسلمانوں کے گروہوں کو بذریعہ چغل خوری، غیبت، الزام تراشی، کذب بیانی سے توڑنے کو معیوب نہیں جانا جاتا۔ یہ کھلا تضاد جو انسان کے ظاہری عمل اور باطنی فریب کے مابین واقع ہے اس کا خاتمہ از حد ضروری ہے۔ لہٰذا انسانی زندگی سے توہین و تحقیر انسانیت، خیانت و چوری اور اپنے منصب کی ذمہ داری کو ادا نہ کرنا، اور سنی سنائی بات کی وجہ سے مسلمانوں کو نقصان پہنچانا مذموم عمل ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد جل شانہ ہے " يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا "[۶۱] اور اسی طرح حدیث نبویؐ میں بھی ارشاد موجود ہے کہ " كفى بالمرء كذبًا أن يحدّث بكلّ ما سمع "[۶۲]۔ انسان کے جھوٹے ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ جو کچھ اس کے کان میں پڑے وہ اس کا چرچا کرنا شروع کر دے۔[۶۳]

## قناعت کا جوہر

مسلم معاشرے میں علماء کا کردار اہمیت کے حامل ہے۔ علماء و مشائخ کے تاریخ کی ایک جھلک مصنف "تاریخ گجرات"[۶۴] مولانا حکیم سید عبدالحی حسنی ندوی نے کہا ہے کہ

"بزرگان دین کی سوانح حیات کا مطالعہ کیا جائے تو ان میں اتباع سنت، پیروی شریعت، شب

۵۹۔ إبراهيم بن موسى بن محمد الشاطبي، الاعتصام. تحقيق: سليم بن عيد الهلالي (السعودية: دار ابن عفان، ۱۹۹۲)، ۱/۶۴.

۶۰۔ أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب النسائي، السنن الكبرى- النسائي، تحقيق: شعيب الأرناؤوط (بيروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱)، ۲/۳۰۸ حدیث نمبر ۱۷۹۹.

۶۱۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ۴۹:۶

۶۲۔ النيسابوري، صحیح مسلم، ۱/۱۰، حدیث نمبر ۵.

۶۳۔ ندوی، علماء کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں، ۶۰.

۶۴۔ سید عبدالحی حسنی ندوی، یاد ایام بعنوان تاریخ گجرات (لکھنو: شبلی بک ڈپو، س ن).

ہوں۔ یہ وہ لمحہ ہے جب بڑے لوگ اپنی ذمہ داریوں سے غافل اور تنہا ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔ تاہم یہ وہ گھڑی ہے جب علماء کرام کو اپنی ذمہ داری کا بوجھ اتارتے ہوئے غافل انسانی معاشرے کو راہ حق کی طرف گامزن کرنے کے لئے مصروف عمل ہونا چاہیے۔ قرآن کریم میں اس کو " قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ "(۵۳)(اللہ کی طرف سے منتظم اور انصاف کے گواہ) بن کر اپنے کام کا آغاز کرتے ہیں اور لوگوں کو درس و تدریس اور وعظ اور تذکیر کے ذریعہ سے دنیا کی محبت سے بے نیاز کر کے شریعت اسلامیہ کی اتباع اور رجوع الی اللہ اور اطاعت رسول کی طرف گامزن ہونے کی تلقین کرتے نظر آتے ہیں۔[۵۴]

دین حنیف کے پیغام کو عامۃ الناس تک پہنچانے میں افراط و تفریط سے بے نیاہونا ضروری ہے اور اس میں ذاتی میلان اور بسندوناپسند اور کسی فرد یا گروہ سے مرعوب ہوئے بغیر کلمہ حق بلند کرنا اہل علم کی صفت ہے۔ قرآن میں ارشاد ربانی ہے "کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے "(۵۵)

## علماء اور دعوت دین

انبیاء کرام کے بعد علماء کو یہ کلیدی ذمہ داری ملی ہے کہ سماج سے کفر و شرک، الحاد و لادینیت، بدعات و انحرافات اور غفلت و جہالت کا مقابلہ کرنا ہے اور علماء نے اپنے اس کردار کو برابر وعد و وعید کے باوجود انجام دیا کہ حکمرانوں کی چیرہ دستیوں کا پامردی سے مقابلہ کیا۔ رسول اکرمؐ کا ارشاد عالی شان ہے کہ "لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي قَائِمَةً بِأَمْرِ اللَّهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ" [۵۶] ترجمہ: میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر علانیہ قائم رہے گا، کسی کے مدد نہ کرنے سے اس کو کچھ نقصان نہ ہو گا۔ علماء کرام جہاں پر دین کی دعوت اور نشر و اشاعت کا انتظام کرتے ہیں۔[۵۷]

## غلبہ شریعت میں رکاوٹ

شریعت اسلامیہ کے غلبہ میں حائل رکاوٹوں میں سے ایک رکاوٹ بدعت بھی ہے۔ بدعت کے خلاف بھی علماء کو اپنا کردار کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ بدعت کفر و شرک کے بعد سب سے بڑی برائی ہے۔ بدعت ہر اس عمل کو کہا جاتا ہے جس کا حکم اللہ اور اس کے پیغمبرؐ نے نہ دیا ہو اور اس کو دین میں شامل کر لیا گیا ہو۔ قرآن کریم میں ارشاد جل وعلا ہے کہ "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا"(۵۸)۔ ترجمہ: میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل

---

۵۳۔ القرآن، سورۃ النساء، ۴:۱۳۵

۵۴۔ سید ابوالحسن علی ندوی، علماء کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں (کراچی: مجلس نشریات اسلام، س ن) ۳۶-۳۹.

۵۵۔ القرآن، سورۃ المائدۃ، ۵:۵۴

۵۶۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۲۸/۱۲۸، حدیث نمبر ۱۶۹۳۲.

۵۷۔ ندوی، علماء کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں، ۴۱.

۵۸۔ القرآن، سورۃ المائدۃ، ۵:۳

فتعلمنا الإيمان قبل أن نتعلم القرآن، ثم تعلمنا القرآن فازددنا به إيمانا [50]

ترجمہ: رسول اللہؐ نے ہمیں پہلے ایمان سکھایا اور پھر ہمیں قرآن کی تعلیم دی جس سے ہمارے ایمان میں اور زیادہ اضافہ ہو گیا۔

علم ہی کے ذریعہ سے ظلمت و تاریکی کے بادل چھٹ جاتے ہیں اور علم کی بدولت انسان میں صبر و ضبط اور محبت و الفت رواداری و برداشت کا مادہ پروان چڑھتا ہے۔

آپؐ نے صحابہ کے دلوں میں اس قدر بہتر زندگی کی محبت بٹھادی کہ وہ صحابہ یہ سمجھ گئے کہ حقیقی راحت کے لئے ضروری ہے کہ وہ علم کو اپنا اوڑھنا اور بچھونا بنالیں۔

## علم کا اظہار اور علماء کی ذمہ داری

علماء کرام پر لازم ہے کہ وہ کلمہ حق بیان کریں اور امت میں تفریق کی بجائے جوڑ پیدا کرنے کی سعی کریں اور جو کوئی نفرت وبدی کا بیج بوئے اس کے خلاف کلمہ حق کہیں کیونکہ علماء کا فرض ہے کہ وہ علم کو کھل کر بیان کریں۔ احادیث میں علم کو چھپانے والوں کی مذمت میں وارد ہوا ہے کہ

من سئل عن علم علمه ثم كتمه ألجم يوم القيامة بلجام من نار. [51]

ترجمہ: جس سے کوئی علم کی بات پوچھی گئی اور اس نے چھپائی، قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام دی جائے گی۔

ارشاد رسولؐ کا ثمر ہے کہ مدینہ منورہ مکمل طور پر غیر اصطلاحی مدرسہ کا نمونہ بن گیا تھا کہ صحابہ کرام علم کو حاصل کرنے اور اس کی تعلیم دینے میں مشغول و مصروف ہو گئے تھے۔ گویا زندگی کے جمیع شعبہ جات سے وابستگان نے خود کو کسب معاش کی ضرورت کی تکمیل اور عائلی ذمہ داریوں سے وقت نکال کر قصداً تحصیل علم میں مشغول و مصروف تھے۔ [52]

## شہادت حق

انبیاء علیہم السلام کی نیابت کا بار گراں اٹھانے کی وجہ سے علماء کرام کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔ بالخصوص اس زمانے میں جب معاشرے کے طبقات کے جذبات و احساسات پر گرد پڑ چکی ہو اور لوگ مادیت پرستی وحیاسوزی کے اسیر ہو چکے

---

۵۰۔ أبو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجة القزويني ابن ماجه، سنن ابن ماجه، تحقیق: شعيب الأرنؤوط (بیروت: دار الرسالة العالمية، ۲۰۰۹)، ۱/ ۴۲ حدیث نمبر ۶۱.

۵۱۔ أبو عيسى محمد بن عيسى الترمذي، سنن الترمذي، تحقیق: بشار عواد معروف (بیروت: دار الغرب الإسلامي، ۱۹۹۶)، ۳/ ۶۶۴، حدیث نمبر ۲۶۴۹.

۵۲۔ سید ابوالحسن علی ندوی، مدارس اسلامیہ کی ضرورت و اہمیت (کراچی: مجلس نشریات اسلام، س ن)، ۵۹-۶۲.

بعد اس کے متعلق اللہ کے حضور جوابدہی دینا ہوگی ایسا ہرگز نہیں کہ کھایا پیا اور مر کھپ کر خاک میں مل کر مٹ جائیں گے۔ ارشاد ربانی ہے کہ "لوگ یہ تصور کرتے ہیں کہ وہ یہ کہہ دیں کہ ایمان لے آئے ہیں اور ان کو چھوڑ دیا جائے گا اور انکے دعویٰ پر انکو آزمایا نہ جائے گا، جبکہ ہم نے تم سے پہلے لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کیا کہ کون تم میں سے سچا ہے اور کون جھوٹا" [۴۸] حضرت عمر فاروقؓ کا قول جلیل ہے کہ انسان خود اپنا محاسبہ کر لیں قبل اس کے کہ ان سے حساب و کتاب لیا جائے۔ جب لوگوں میں صفات رذیلہ پنپتی اور پھلتی و پھولتی ہیں تو معاشرہ میں بالعموم اور علماء میں بالخصوص خود احتسابی کا عمل مفقود ہو جاتا ہے۔ خود احتسابی کا جذبہ مفقود ہو جانا خوش کن امر نہیں بلکہ موجب ہلاکت امر ہے۔ [۴۹]

## مبحث سوم: اتحاد امت میں مدارس اور اہل مدارس کا کردار

اتحاد امت کی ضرورت و اہمیت اور اختلاف کے اسباب و علاج پر ماسبق میں گفتگو کی جاچکی ہے۔ اس مبحث میں مدارس اور اہل مدارس کا اتحاد امت میں کردار کو بیان کیا جائے گا۔ اس میں شک و شبہ نہیں ہے کہ اسلام دین وحدت ہے اور اسلام نے ہمہ جہتی تفریقات کا خاتمہ فرمایا ہے۔ فرقہ پرستی و گروہ بندی کا تدارک کرنے کا فریضہ مدارس اور اہل مدارس کا ہے کہ اسلامی تعلیمات کی حقیقی روح کا سبق معاشرہ کو یہیں سے حاصل ہوتا ہے اگر مدارس و مساجد اور مکاتب سے اتحاد و اتفاق کا پرچار اور تفریق و تقسیم کی حوصلہ شکنی کی جائے گی تو معاشرہ الفت و محبت اور وحدت کی صفات حسنہ سے گل گلزار ہو جائے گا۔ مدارس کی تاریخ دار ارقم اور مسجد نبوی کے صفہ چبوترے سے جڑتی ہے، ان ہر دو مقامات سے دین کی دعوت کی پر تاثیری کو دیکھیں تو صحابہ کرام اوس و خزرج اور مہاجر و انصار، رومی و حبشی اور فارسی کی تفریق کو مٹا کر اخوت و بھائی چارگی کی خوبصورت لڑی میں جمع ہو گئے کہ دنیا کو دیکھ کر ان کی محبت پر رشک آتا تھا۔ اکبر الہ آبادی نے کیا خوب کہا ہے۔

در فشانی نے تیری قطروں کو دریا کر دیا — دل کو روشن کر دیا آنکھوں کو بینا کر دیا
جو خود نہ تھے راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے — کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا

### مدرسہ نبویؐ کی خصوصیت

حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ و مدینہ میں صحابہ کرام کی تعلیم و تربیت کے لیے جو مدرسہ قائم کیا اسی کو مثالی مدرسہ قرار دیا جاسکتا ہے کہ اس مدرسہ کی تاسیس ایمان و دعوت دین کے محرک جذبوں اور پختہ عقائد پر کی گئی۔ نبی اکرمؐ نے بزور قوت یا مادی پیشکش کی بجائے صحابہ کرام پر علم کی اہمیت و ضرورت کو واضح کیا۔ حضرت جندب بن عبد اللہ نے بیان کیا ہے کہ

۴۸۔ القرآن، سورۃ العنکبوت، ۲۹: ۲-۳

۴۹۔ ندوی، تحفہ پاکستان، ۶۸-۶۹۔

## علماء کے اختلاف کی حقیقت

اختلاف کا پیدا ہونا فطری بات ہے دو یا دو سے زیادہ افراد کہیں پر بھی مجتمع ہوں تو اختلاف واقع ہو جاتا ہے۔ تاہم علماء کرام کے اختلاف کی حقیقت صرف اتنی ہے کہ چند فقہی و کلامی موضوعات میں ان کے مابین اختلاف جو رونما ہو جاتے ہیں وہ قابل تصفیہ ہیں کہ ان سے متعلق علمی انداز سے گفتگو کی جائے مگر مسئلہ اس وقت باعث تشویش بن جاتا ہے جب عقائد و عبادات اور معاملات و اخلاق کے جمیع مشترک و متفق سے اعراض کرتے ہوئے صرف چند اختلافی مسائل کے نام پر معاشرہ میں یہ سوچ پروان چڑھادی گئی ہے کہ علماء ہی آپس میں متحارب و مختلف ہیں تو ہم کیا کر سکتے ہیں اور یہ کوشش صرف اس لئے کی جاتی ہے تاکہ اسلام کی بین و محکم تعلیمات پر عمل سے راہ فرار اختیار کر لیا جائے۔[۴۵]

## امت کی زوال کا سبب

شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندیؒ نے مالٹا کی اسیری کاٹنے کے بعد دار العلوم دیوبند تشریف لائے تو انہوں نے طلبہ سے خطاب کیا اور اس میں بیان کیا کہ ہم نے تعلیم و تعلم اور دعوت و ارشاد میں اور مسلمانوں کی عظمت رفتہ کو بحال کرنے کی انتھک کوشش کی ہے۔ تاہم تمام جدوجہد اور مالٹا کی اسیری کی بعد جو خلاصہ ہمارے سامنے آیا ہے کہ امت روبہ زوال کیوں ہے تو اس کے دو بنیادی اسباب ہیں ایک یہ کہ مسلمانوں نے قرآن سے عملاً دوری اختیار کی ہوئی ہے کہ قرآن کے پیغام و دعوت کو نہیں سمجھتے اور دوسرا یہ کہ امت فرقہ پرستی میں مبتلا ہو کر داخلی انتشار و فساد سے دوچار ہے۔ لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ قرآن کی تعلیم اس کی تفہیم کے ساتھ عام کی جائے اور آپس کے فرعی و فروعی اختلافات کو ضبط میں لایا جائے۔[۴۶]

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ دسویں صدی ہجری میں ہندوستان کا علمی و دینی حلقہ اخلاقی امراض سے دوچار ہو گیا اور اہل علم دولت پرستی و منصب پسندی، باہمی بغض و عناد، اور عہدہ و منزلت حاصل کرنے میں جاری کشمکش کی کوششوں نے مسلمانوں کی انفرادی و اجتماعی حالت کو افسوسناک بنادیا۔ یہ اس لئے پیش آئی کہ اس وقت کے علماء بادشاہوں کی کاسہ لیسی میں مصروف عمل ہوتے ہوئے اخلاقی بے راہروی سے دوچار تھے۔ تاہم دین اکبری اور اس تہذیبی ارتداد کے سدباب میں حضرت شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) کا کلیدی کردار ہے کہ ان کی اخلاقی و علمی برتری کے سامنے سرکاری و درباری علماء سرنگوں ہوئے اور امت نے سکھ کا سانس لیا کہ اب دین کی حفاظت کا خدائے ذوالجلال کے فضل سے مناسب انتظام ہو گیا۔[۴۷]

## خود احتسابی

احتساب کی اہمیت قرآن و سنت میں بیان کی گئی ہے۔ انسان کو جو دنیا کی زندگی ودیعت کی گئی ہے اس کو بسر کرنے کے

---

۴۵۔ مولانا نجم الحسن تھانوی، علماء کرام اور ان کی ذمہ داریاں (اسلام آباد: دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ۲۰۰۷)، ۱۳.

۴۶۔ شفیع، وحدت امت، ۵۷.

۴۷۔ سید ابو الحسن علی ندوی، تاریخ دعوت و عزیمت (کراچی: مجلس نشریات اسلام، س.ن)، ۹۰-۱۰۱.

محبت، معاشرے کی جانب سے اخلاقی صفات سے تہی دامنی، حب جاہ و منصب اور اشاعت اسلام کے فریضہ سے روگردانی اختیار کی تو پھر مدینۃ الزہراء اور قلعہ الحمراء کی تاریخ المناک جنم لیتی ہے، اسی طرح بخارا و سمرقند کی تاریخ بھی عبرت ناک تاریخ سے عبارت ہے۔ حضرت شیخ احمد سرہندی نے اپنے مکتوبات میں لکھاہے کہ جلال الدین اکبر کی اسلام سے بے رخی کی بنیادی وجہ اس وقت کے علماء کرام کی خواہشات دنیاوی، باہمی نزاعات، اور دوسروں پر خود کو ترجیح دینے کی کوشش کا بنیادی دخل تھا کہ علماء مرغوں کی طرح علمی موضوعات پر مباحثہ کیا کرتے تھے۔[۴۲]

## اسلام پر حملوں سے اعراض

جو احباب امت میں فروعی اور فرعی اختلافات کو شہ دینے میں مصروف عمل ہیں وہ بھول جاتے ہیں کہ امت اسلامیہ پر چہار جانب سے دشمن حملہ آور ہے اور ان کو باہمی اختلاف میں محو ہونے کی بجائے امت کو جوڑنے اور ان کی اصلاح کی سعی کرنی چاہیے۔ دشمنان اسلام اس امر سے بے پرواہے کہ کون دیوبندی، کون بریلوی، کون سنی یا کون شیعہ یا کون اہلحدیث ہے بلکہ وہ صرف اور صرف مسلمانوں اور اسلام کے خلاف کمر بستہ ہیں۔ کہیں عیسائیت کی پرچار کی صورت میں، کہیں سوشل ازم، سیکولرازم، کیپٹل ازاور کیمونزم کی صورت میں مسلمانوں کے ایمان و اعتقاد کو بگاڑنے کی کوشش کی جاتی ہے تو کہیں پر اسلام کے نام لیواؤں میں الحاد و نفاق کو پروان چڑھایا جاتاہے کہ جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کو فتنوں اور اسلام کی من چاہی تشریح و تفسیر کرنے والے قادیانیوں، پرویزیوں وغیرہ سب کی سرپرستی اقوام مغرب کھلم کھلا کرتی نظر آتی ہے، اور یہی نہیں فحاشی و عریانیت اور مادر پدر آزادی کے جدید تر ذرائع و وسائل پیدا کر کے مسلم نوجوانوں کو کمپیوٹر، موبائل اور انٹرنیٹ کے ذریعہ فحش و حرام کاموں میں محو ہونے کا سامان مہیا کر دیا گیاہے۔ جبکہ خود کلمہ اسلام پڑھنے والے یہ بھول جاتے ہیں کہ اسلام صرف عقیدہ و عبادت کا ہی نام نہیں بلکہ معاملات کی درستگی اور اچھے اخلاق بھی نبوت کا ورثہ ہیں ان کو اختیار کرنے کی بجائے نماز و قرآن پڑھنے کے ساتھ ساتھ دھوکہ دہی، جھوٹ، فریب، سود خوری و رشوت خوری، بہن بیٹیوں کی وراثت سلب کرنا، اور کمزور پر ظلم وجور کرنے کو معیوب نہیں سمجھا جاتا۔[۴۳]

اسلام کے اصول بنیادی پیغام کی دعوت دینے اور اسلام پر ہونے والے حملوں کو روکنا اور ان کا بر وقت محاسبہ کرنا ہی علماء کا فرض منصبی ہے۔ فروعی مباحث میں الجھ کر تخریب کاری، عصبیت و غلو کا شکار ہو جانا کسی طور پر دین کی خدمت نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے غلو سے اجتناب کرنے کا حکم فرمایاہے "اياكم والغلو في الدين فإنما هلك من كان قبلكم بالغلو في الدين"[٤٤]

۴۲۔ ندوی، دعوت فکر و عمل، ۸۹-۹۱.

۴۳۔ شفیع، وحدت امت، ۴۱.

۴۴۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۲۰/۷/۳۴۷.

کرام ومشائخ عظام کو خود نمائی کا اس قدر شوق ہو چلا ہے کہ وہ یہ کہتے نہیں تھکتے کہ ان کی حق پرستی پر اتنے لوگ مسلمان ہوئے۔[۳۸] اس بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ خود نمائی وبرتری سے احتراز کرنا ضروری ہے۔

### جمود کو توڑنے والے خود جمود کا شکار

افسوس ناک امر ایک یہ بھی ہے کہ انسانی معاشرہ میں جمود و تنگ مزاجی کے خلاف بہت سے افراد اور تحریکیں منشہ شہود پر آئیں مگر افسوس ان افراد و جماعتوں کے متعلقین و حاملین خود جمود کا شکار ہو گئے کہ انہوں نے اپنے شیخ و مکتب کی بات کو ہی حق اور منزل من اللہ کا درجہ دیگر دوسرے علماء ومشائخ کی بات کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔[۳۹]

ایسا بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ دو علماء کسی ایک مسئلہ میں مختلف رائے قائم کر بیٹھے اور حق کو صرف اس بنا پر قبول کرنے سے محترز رہتے ہیں کہ ان کے نمازی کیا کہیں گے اور ان کی جماعت کیا کہے گی اس بنیاد پر وہ اپنے غلط موقف پر ڈٹا رہتا ہے۔ یہ اہل ایمان کا شیوہ نہیں ہے بلکہ علماء سوء کا وطیرہ اور شعار ہے۔ علماء کرام کو تو امت کو متحد و متفق رکھنے کی سبیل ہموار کرنی چاہیے نہ کہ ملت اسلامیہ کو شیرازہ بندیوں میں الجھایا جائے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے کہ جو اپنی جان کو رضا الٰہی کے لئے بیچ دے تو اس کو اللہ کی مہربانی حاصل ہوتی ہے۔[۴۰]

### اختلاف کے مضمرات

اختلاف فکر و نظر کے بارے میں صحابہ و تابعین کا طرز عمل قابل تقلید ہے تاہم سنت وبدعت کی تشریح اور اس میں واقع ہونے والے اختلاف کو باریک بینی سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ گروہ بندی و جماعت سے وابستگی اگر اس بنیاد پر ہو کہ اس کے ذریعہ سے اجتہادی مسائل، تعلیمی اور عملی جہود میں آسانی کا سامان تلاش کیا جائے تو یہ اختلاف مذموم نہیں بلکہ محمود ہو گا۔ مگر جب گروہ بندی اور جماعت و کسی بزرگ سے وابستگی کا یہ مقصد ہو کہ حق صرف انہیں کے ساتھ وابستہ رہنے میں ہے باقی سب باطل تو اس کے سبب جنگ وجدل، سب وشتم اور اپنے مخالف کو کافر ومشرک اور فاسق وغیرہ کہنے کو دین کی خدمت سمجھنا باعث تشویشناک ہے۔ یاد رہنا چاہیے کہ امت کے علماء میں فرعی اور فروعی مسائل کا حل دنیا کی زندگی اور آخرت میں نکالنا ناممکن ہے کہ ان مجتہدین کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں قبولیت عطا کی ہے اگر وہ اس میں سے کسی مسئلہ میں غلط بھی ہوئے تو اللہ تعالیٰ ان کی دنیا کی طرح آخرت میں بھی پردہ داری فرمائے گا۔[۴۱]

مسلم معاشرہ میں جب، علماء کا باہمی اختلاف، علماء کا عوام سے رابطہ منقطع، لوگوں کے دلوں میں مال و زر کی اندھی

---

۳۸۔ سید ابوالحسن علی ندوی، دعوت فکر وعمل (لکھنو: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام، ۲۰۰۳)، ۸۶–۹۰.

۳۹۔ سید ابوالحسن علی ندوی، اسلامی بیداری (اسلام آباد: دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ۲۰۰۵)، ۱۸–۱۹.

۴۰۔ القرآن، سورۃ البقرۃ، ۲:۲۰۷

۴۱۔ شفیع، وحدت امت، ۳۹-۴۰.

والے سے سرزد ہو جائے تو یہ خطرناک ترین امر ہے سادہ لوح مسلمان تو دین کے متعلق مخلص اور بے لوث ہیں اور دین کی خاطر اپنا تن من دھن لوٹانے کو تیار بھی مگر معدودے چند لوگ دین کا نام لیکر یا دین کا لبادہ اوڑھ کر عوام کی سادہ لوحی کا مذاق اڑاتے اور دھوکہ دیتے ہیں اور مفاد پرستی، عیاری و فن کاری کے ذریعہ سے دین کا چہرہ مسخ کر کے پیش کرتے ہیں جس میں ان کی ذاتی و جماعتی مفادات وابستہ ہوتی ہیں۔[۳۴] ضرورت تو اس بات کی ہے کہ اپنی ذات و جماعت کے مفادات کو امت کے مفاد پر قربان کر دیا جائے۔

عقائد و فقہ کے باب میں معمولی اختلاف کی وجہ سے مد مقابل دو کانفرنسیں سیرت النبی پر محمد رسول اللہ اور یا رسول اللہ الگ الگ کانفرنسیں منعقد کی جاتی ہیں۔ ایسے میں علماء کرام کو ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی کے کردار کو پیش نظر رکھیں کہ انہوں نے اپنے زمانے میں کس طرح مرہٹوں کی بیخ کنی اور دین اکبری کے سدّ باب کے لئے بے لوث کردار ادا کیا کہ ان کو اس سے تعلق نہیں رہا کہ مسلم معاشرہ کی فلاح و صلاح کا کام ہو جائے اور اس کا سہرا ان کے سر سج جائے۔[۳۵]

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جماعتی نوعیت کا اختلاف زہر قاتل ہے کہ انسان حق بات کو اختیار کرنے سے اس لئے مجتنب رہتا ہے کہ وہ کہنے والی جماعت اس کی اپنی جماعت نہیں بلکہ دوسری جماعت کے لوگ حق بات ہی کیوں نہ کر رہے ہوں اس کو قبول نہیں کیا جاتا۔ قرآن کریم میں اللہ جل شانہ نے واضح حکم دیا ہے کہ بھلائی و خیر خواہی کے کام میں آپس میں تعاون کرو اور نافرمانی و گناہ کے کام میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹانے کی ضرورت نہیں۔[۳۶]

ہونا تو یہی چاہیے کہ علماء کرام اور دانشور دین کی حقانیت و بالادستی و غلبہ کے لئے ذاتی و جماعتی اور مسلکی مفادات کو ترک کر دیں۔ دور جدید کے تعلیم یافتہ نوجوان علماء کی زندگیوں کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہیں اور ان کے سامنے اگر علماء باہم دست و گریبان ہونگے تو اس کا بدیہی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ نوجوان دین سے متنفر ہو جاتا ہے کہ علماء کے مابین اتحاد و اتفاق نہیں اور وہ دین کے کام کو سرانجام دینے میں خود نمائی کو فوقیت دیتے ہیں تو ان سے خیر و فلاح کی توقع بے سود ہے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے ایک موقع پر مجلس میں یہ کہہ دیا کہ ایک غزوہ میں ہم شریک ہوئے تو اس میں ہمارے پاؤں پر چھالے پڑ گئے تو پھر ہم نے چیتھڑے پاؤں پر باندھ لیے۔ یہ کہہ کر وہ فوراً حزین و غمگین ہو گئے کہ یہ میں نے کیا کہہ دیا کہیں اللہ تعالیٰ کو یہ جملہ ناپسند ہو گیا تو ساری جدوجہد رائیگاں ہو جائے گی[۳۷]۔ غازی محمد دھرم پال نے اپنی ایک تقریر میں کہا ہے کہ علماء

۳۴۔ چشتی، امت مسلمہ کا عروج وزوال، ۱۱۲.

۳۵۔ ندوی، تحفہ پاکستان، ۷۰-۷۲.

۳۶۔ القرآن، سورۃ المائدۃ، ۵:۲

۳۷۔ البخاري، صحیح البخاری، ۵/ ۱۱۳، حدیث نمبر ۴۱۲۸

انا اور عصبیت کی وجہ سے اختیار نہیں کرتا جس کی بدولت معاشرے میں انتشارات وفساد برپا ہو جاتا ہے۔[۳۰]

جبکہ اسلام میں ہمہ جہتی عصبیت کے حاملین کی سخت سرزنش کی ہے اس سے اجتناب کا حکم دیا ہے مگر فی زمانہ تہذیبی و لسانی تعصب اور صوبائی وعلاقائی تعصب کے مضمرات کو پاکستانی عوام سے زیادہ کون جانتا ہے کہ عصبیت کی بھینٹ چڑھ کر ملک دولخت ہوا اور پاکستان کا ایک بڑا حصہ بنگلہ دیش میں تبدیل ہو گیا۔ اسلام نے عصبیت کے رویوں کو جاہلیت سے منسوب کیا ہے اور رسول اکرمؐ نے تعصب کو شہ دینے والوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے جیسے حدیث نبویؐ ہے کہ " مَنْ تَعَزَّى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَعِضُّوهُ، وَلَا تَكْنُوا "[۳۱](جو کوئی شخص جاہلیت کا نعرہ لگائے اس کو باپ کی گالی دی جائے اور کنایہ سے کام بھی نہ لیا جائے)۔ ہر فرد مسلم جانتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ بغیر وحی کے کوئی بات ارشاد نہیں فرماتے تھے تو اس مذکورہ حدیث سے عصبیت کی مذمت کا عنصر کس درجہ نمایاں ہو رہا ہے۔ عصبیت کی آگ نے مسلم حکومتوں ہی نہیں بلکہ انسانی معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ کر خاکستر کر دیا۔ علماء کرام مسلم معاشرے میں اس قبیح رسم سے نفرت و بیزاری کا درس علمی و عملی ہر دو اعتبار سے دینا چاہیے۔[۳۲]

## علماء و تعلیم یافتہ کی تقسیم

تعلیم کو دو حصوں میں بادل ناخواستہ تقسیم کر دیا گیا ہے یعنی دینی و عصری علوم، اس تقسیم کی بنا پر دونوں کے الگ الگ تعلیمی مراکز بھی قائم کر لیے گئے ہیں، ہر ایک اپنے نصاب کو جامع اور صحیح تصور کرتا ہے جبکہ دوسرے کو تنقید کا نشانہ بناتا ہے، اس وجہ سے معاشرہ میں اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد ور علماء کی الگ حیثیت مختص کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ ہی معاشرہ متحیر رہتا ہے کہ اصل میں اس کی زمامِ رہبری و رہنمائی کس نے سنبھالنی ہے جبکہ علماء کی جانب سے بے دین وملحد اور فسق و فجور کے لقب سے دنیوی علوم کے فضلا کو پکارا جاتا ہے، دوسری جانب تاریک خیال، ناواقفیت و ابلہی پن کا طعنہ علماء کو کی جانب سے دیا جاتا ہے جس کی بدولت مسٹر وملا میں دوری روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔ گذشتہ کئی دہائیوں سے یہ دونوں فریق ایک دوسرے سے دور ہو چکے ہیں۔[۳۳]

### اختلاف مفادات

عام انسان سے اگر یہ غلطی سرزد ہو جائے کہ وہ امت میں توڑ کا باعث بن رہا ہے تو بھی یہ عمل ناقابل قبول ہے مگر جب یہی عمل جاہ ومال کی محبت اور حسد وبغض میں گرفتار ہو کر کوئی دیندار انسان یعنی عالم دین یا دین والوں کی نمائندگی کرنے

۳۰۔ پروفیسر حبیب اللہ چشتی، امت مسلمہ کا عروج وزوال (لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۱۵)، ۱۰۹۔

۳۱۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۳۵/۱۵۸۔

۳۲۔ سید ابوالحسن علی ندوی، تحفہ پاکستان (کراچی: مجلس نشریات اسلام، ۱۹۸۴)، ۷۶۔

۳۳۔ مولانا مناظر احسن گیلانی، پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، س ن)، ۲۳۸-۲۳۷۔

هَلْ يَسْتَوِى الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ "[۲۴] کیا صاحب علم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟ اور ارشاد خداوندی ہے کہ " إِنَّمَا يَخْشَى اللهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءِ "[۲۵] اللہ سے علم رکھنے والے ہیں ڈرتے ہیں۔ اور ارشاد ربانی ہے کہ " وَمَا يَعْقِلُهَآ إِلَّا الْعَالِمُونَ "[۲۶] ان باتوں کو علم والے ہی سمجھتے ہیں۔

## جہالت

جہالت وناواقفیت ظلمت وتاریکی کا مرکز ہے اس کی ضد علم وواقفیت منبع نور ہے۔ جاہل وناواقف انسان سے دانستہ و نادانستہ غلطی سرزد ہونے پھر اس پر یقین و پختگی کے ساتھ عامل ہونے کے امکانات زیادہ ہیں۔ جہالت میں ڈوبا انسان بآسانی حق وسچ کو قبول کرنے پر راضی نہیں ہورا۔ یہی وجہ ہے قرآن کریم میں اہل علم سے کہا گیا ہے کہ جاہل اپنی جہالت وناواقفیت کی وجہ سے ضدی وعناد پسند ہوتا ہے جب محسوس کریں کہ وہ حق کا متلاشی نہیں بلکہ ہٹ دھرم اور اپنی ناواقفیت پر فخر محسوس کر رہا ہے تو اس سے دوری اختیار کرلی جائے نہ کہ اس کو برا بھلا کہا جائے کہ مبادا وہ خدائے برحق پر زبان کھول دے۔ قرآن کریم میں ارشادی جل وعلا ہے کہ " وَّ إِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا "[۲۷] اور ارشاد فرمایا کہ " وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللهِ فَيَسُبُّوا اللهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ "[۲۸] کسی کے باطل معبود کو غلط القابات وناموں سے نہیں پکارنا چاہیے کہ جاہل لوگ نادانستگی میں معبود حقیقی کی توہین کے مرتکب ہو بیٹھیں گے۔

## تعصب

دوسرا اختلاف یہ ہے کہ انسان تعصب وانانیت کی بنا پر مصر رہے کہ جو کچھ وہ کہہ اور کر رہا ہے یہی حق ہے اس کے علاوہ سب غلط ہے۔ اختلاف تعصب انفرادی اور جماعتی دونوں نوعیت کا ہوتا ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہوا ہے کہ منافق سے جب کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو وہ مارے غرور کے اس پر ڈٹا رہتا ہے ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے۔ "وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ "[۲۹]

زندگی میں ایسے مواقع کئی بار پیش آتے ہیں کہ انسان کا اختیار کردہ موقف غلط ثابت ہوتا ہے لیکن وہ اس کو صرف اپنی

۲۴۔ القرآن، سورۃ الزمر، ۹:۳۹

۲۵۔ القرآن، سورۃ فاطر، ۲۸:۳۵

۲۶۔ القرآن، سورۃ العنکبوت، ۴۳:۲۹

۲۷۔ القرآن، سورۃ الفرقان، ۶۳:۲۵

۲۸۔ القرآن، سورۃ الانعام، ۱۰۸:۶

۲۹۔ القرآن، سورۃ البقرۃ، ۲۰۶:۲

قرآن واحادیث نے شریعت کے جن محکمات اور متشابہات کی وضاحت کر دی ہے اس میں تو کسی کا اختلاف قابل قبول ہی نہیں تاہم جن امور میں راجح اور مرجوح اور افضل و غیر افضل کا احتمال ہو تو ایسے میں انسان اپنی علمی وسعت و دقت نظر کی بنیاد پر رائے قائم کرنے کا مجاز ہے تاہم ایسا ہرگز نہیں وہ انسان اپنے موقف کو حق جانتے ہوئے اپنے مخالف پر طعن و تشنیع یا سب و شتم اور شرک و کفر کے فتوے صادر کرتا رہے۔

> چنانچہ امام شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے فرمایا ہے کہ "اس امت کے ابتدائی چار سو سالوں میں رائج رہا کہ پوری امت اسلام کے اسس پر متحد رہی اور فقہی و کلامی اور دوسرے مسائل میں اختلاف کی وجہ سے ان میں تشتت و تفریق کی راہ کو اختیار نہیں کیا گیا"[21]

اس قول کی روشنی میں یہ بات کہنا حق بجانب ہے کہ صحابہ کرام و تابعین اور ان کے بعد کے زمانہ کے لوگوں میں اختلاف فقہی و کلامی اور سیاسی ضرور پیدا ہوئے مگر یہ اختلافات امت میں تفرقہ و توڑ کا سبب نہ بن سکے یہاں تک کہ حضرت عثمان غنیؓ کے خلاف بغاوت کرنے والوں کے پیچھے اہل مدینہ کو نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا اور حضرت علیؓ نے اپنے زمانے میں لڑی جانے والی جنگوں میں دونوں طرف کے شہداء کے جنازے پڑھائے اور مال غنیمت کے طور پر مال و اسلحہ وغیرہ کو لوٹنے سے منع فرمایا۔ اس کا سبب یہی تھا کہ امت میں توڑ پیدا نہ ہونے پائے اور حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت علیؓ کے مابین اختلافات سے رومیوں نے اسلامی خلافت پر لشکر کشی کا ارادہ کیا تو حضرت امیر معاویہؓ نے اس کو رومی کتے کہہ کر مخاطب کیا اور پیغام دیا اگر تم نے لشکر کشی کی تو سب سے پہلے میدان میں میرا مقابلہ کرنا ہوگا۔[22]

## اختلافات کے اسباب

وہ اختلافات جو انسانی معاشرہ میں پیدا ہوتے ہیں اس کو تین حصوں میں منقسم کیا جا سکتا ہے کہ اول یہ اختلاف جہالت کے سبب پیدا ہوا کہ انسان کو واقفیت ہی نہیں کہ حقیقت حال اور مقتضایات کیا ہے بغیر سوچے سمجھے اور جانے اس پر رد عمل ظاہر کر دیا جائے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے کہ جب کبھی کوئی فاسق خبر پہنچائے تو اس پر رد عمل دینے سے قبل اس کی تحقیق کر لو مبادا غلط خبر پر کسی کو نقصان پہنچا بیٹھو پھر بعد میں پچھتاتے رہو۔ "يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ"[23]

عالم و جاہل کے مابین فرق کو واضح فرمایا ہے اور عالم کی فضیلت کو بھی بیان فرمایا دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ " قُلْ

---

۲۱۔ مفتی محمد شفیع، وحدت امت (لاہور: طارق اکیڈمی، ۲۰۰۴)، ۱۱.

۲۲۔ شفیع، وحدت امت، ۶۳-۶۴.

۲۳۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ۴۹:۶

سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِه وَيَدِه" ١٦

حضورؐ نبی اکرم نے مومنوں کی محبت و مودت اور باہم خلوص کو اس طرح بیان فرمایا کہ گویا وہ ایک جسم کی مانند ہیں۔

"تَرَى الْمُؤْمِنِينَ فِي تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى عُضْوًا تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ جَسَدِهِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى مثل المؤمنين في توادهم و تراحمهم و تعاطفهم كمثل الجسد إذا اشتكي عضوا تداعي له سائر جسده بالسهر والحمى." ١٧

حضورؐ نے مسلمانوں کے ایمان کی تکمیل کے لئے ضروری قرار دیا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے محبت کو لازم پکڑیں اور جنت میں اس وقت تک داخلہ ممکن نہ ہو گا تاوقتیکہ مومن ایک دوسرے محبت نہ کرتے ہوں۔ بے جا نفرت و اختلاف سے بچیں۔" لا تدخلون الجنة حتى تؤمنوا، ولا تؤمنوا حتى تحابوا، أولا أدلكم على شيء إذا فعلتموه تحاببتم؟ أفشوا السلام بينكم " ١٨

رسول اللہؐ نے مسلمان کو مسلمان کا بھائی فرمایا ہے اور ان پر ایک دوسرے کے مال، جان اور عزت کو حرام قرار دیا ہے اور اس پر ظلم کرنے اور اس کو ذلیل کرنے سے بھی منع فرمایا ہے۔"الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسلم، لا يظلمهُ وَلَا يَخْذُلُهُ، وَلَا يَحْقِرُهُ. اَلتَّقْوى هَاهُنَا وَيُشِيرُ إِلى صَدْرِه ثَلَاثَ مَرَّات، بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْقِرَ أَخَاهُ الْمُسلِمَ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ، دَمُهُ، وَمَالُهُ، وَعِرْضُهُ." ١٩

مندرجہ بالا مضمون تو ایک جھلک ہے وگرنہ قرآن و سنت میں انسانوں کے باہمی تعلق و فرائض و حقوق اور حسن سلوک و اخلاق کو درجنوں آیات و احادیث میں بیان کیا گیا۔

## مبحث دوم: اختلاف کے اسباب و علاج

یہ بات طے شدہ ہے کہ انسان نے دوسرے انسان کے ساتھ ضرور بالضرور ربط و تعلق قائم رکھنا ہے اس کے بجز اس کی زندگی پر مسرت بسر نہیں ہو سکتی تو یہاں یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ اختلاف جنس و زبان اور علاقہ، دین و ملت کے اثرات بھی اس پر ضرور مرتب ہوں گے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ سب کے سب لوگ حق پر ہو جائیں یا سب کے سب غلط موقف پر ہوں۔ قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے۔" وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ"(٢٠)

---

١٦۔ أبو عبد اللہ محمد بن إسماعيل البخاري، صحیح البخاری (بیروت: دار طوق النجاۃ، ١٤٢٢)، ١/ ١١، حدیث نمبر ١٠.

١٧۔ البخاري، صحیح البخاری، ٨/ ١٠، حدیث نمبر ٦٠١١.

١٨۔ أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيري النيسابوري، صحیح مسلم (بیروت: دار إحياء التراث العربي، ١٩٥٥)، ١/ ٧٩، حدیث نمبر ٥٤.

١٩۔ النيسابوري، صحیح مسلم، ٤/ ١٩٨٦، حدیث نمبر ٢٥٦٤.

٢٠۔ القرآن، سورۃ السجدہ، ٣٢: ١٣

وَالْعُدْوَانِ"[10]۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایاہے کہ وہ وقت یاد کریں جب تم ایک دوسرے کے جانی دشمن تھے اب تم کو باہم بھائی بنادیا گیاہے۔ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاء فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا۔ [11]

## اتحاد و اتفاق احادیث کی روشنی میں

سرور کونین پیغمبر ﷺ کے متعدد فرامین ہیں کہ سب انسان آدم کی اولاد ہیں، "كلكم بني آدم" اور رسول رحمت ﷺ نے فرمایاہے کہ کسی انسان کو دوسرے انسان پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقویٰ کی بنیاد پر۔ اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے فرمایاہے کہ جو کوئی دوسرے پر قوم قبیلہ کی بنیاد پر فخر کرے تو اس کو یہ جواب دو "مَنْ تَعَزَّى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَعِضُّوهُ، وَلَا تَكْنُوا"[12]۔ ایک بار ایک صحابی کو فرمایا جنہوں نے دوسرے صحابی کو کہا تھا کہ تم تو حبشی ماں کے بیٹے ہو۔ اس واقعہ کا علم آپؐ کو ہوا تو آپؐ نے فرمایا "إنكَ امرؤٌ فيكَ جاهلية" [13]

حضرت معاذؓ کو رسول اللہؐ نے یمن روانہ فرمایا تو فرمایا کہ "نرمی کرنا، سختی نہ کرنا، خوش خبری سنانا، متنفر نہ کرنا، مل جل کر رہنا، باہمی اختلاف سے بچنا" [14]

صحابہ کرام کہ یہاں اتحاد و اتفاق کی اس قدر اہمیت تھی کہ اگر علمی مسئلہ پر بھی اختلاف ہوا تو اس کو ناپسند کیا گیا کہ اس میں وقت ضائع ہونے پائے۔ ایک موقع پر حضرت ابی بن کعبؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ آپس میں ایک معاملہ پر جھگڑا کر رہے تھے تو حضرت عمر فاروقؓ نے دونوں اصحاب کو اختلاف میں الجھنے سے منع فرمایا اور دونوں کے درمیان مسئلہ حل فرمانے کے بعد فرمایا کہ اگر میں نے دوبارہ کسی کو اس طرح جھگڑتے دیکھا تو اس کی سرزنش کروں گا۔

انسانی معاشرہ کو باہم معاون و مددگار ہونا چاہیے۔ ایک موقع پر آنحضرتؐ نے صحابہ کرام کو نصیحت فرمائی کہ "أنصر اخاك ظالماً او مظلوما"[15] صحابہ کرامؓ نے استفسار کیا کہ ظالم کی کس طرح مدد کریں تو نبی رحمتؐ نے فرمایا کہ ظالم کی مدد یہ ہے کہ اس کو ظلم کرنے سے روک دو۔

رسول اللہؐ نے فرمایاہے کہ مسلمان وہ شخص ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے "الْمُسْلِمُ مَنْ

---

۱۰۔ القرآن، سورۃ المائدۃ، ۵:۲

۱۱۔ القرآن، سورۃ المائدۃ، ۵:۷

۱۲۔ أبو عبد اللہ أحمد بن محمد بن حنبل الشیبانی، مسند أحمد (بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ، ۲۰۰۱)، ۳۵/۱۵۸.

۱۳۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۳۵/۳۴۲.

۱۴۔ مولانا سراج الدین ندوی، رسول خدا کا طریق تربیت (لاہور: اسلامی پبلی کیشنز، ۲۰۱۷)، ۶۷.

۱۵۔ سید ابوالحسن علی ندوی، حالات کا نیا رخ اور علماء و دانشور طبقہ کی ذمہ داریاں (علی گڑھ: علامہ ابوالحسن علی ندوی ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ، ۲۰۱۴)، ۱۰.

علی ندویؒ اور معاصر علماء کی آراء کو پیش کیا گیا ہے اور مبحث سوم میں "اتحاد امت میں مدارس اور اہل مدارس کے کردار" کو اجاگر کرنے کے لئے قرآن و سنت کے رہنما اصول کے ساتھ سید ابو الحسن علی ندوی اور معاصر علماء کی فکر کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔ مقالہ کہ آخر میں خلاصہ و سفارشات درج کی گئی ہیں۔

## مبحث اول: اتحاد امت کی ضرورت و اہمیت

فطرت سلیم کا تقاضا ہے کہ انسان میں اتحاد و اتفاق قائم رہے کیونکہ انسان تنہا دنیا میں پر مسرت زندگی بسر کرنے سے عاجز ہے۔ فطرتی طبیعت کے میلان کی جانب ملتفت ہوتا ہے اور دوسرے انسانوں والد، خاوند، اولاد اور استاد اور دوست وغیرہ کے ساتھ حسب درجہ و ضرورت تعلق قائم رکھتا ہے۔ ایسے میں جب دو انسان آپس میں ربط قائم کرتے ہیں تو ان میں اختلاف فکر و نظر کا جمع ہو جانا فطرتی امر ہے اور اختلاف طبیعت و فکر کا پیدا ہونا فی نفسہٖ بری چیز نہیں ہے تاہم جب یہی اختلاف نزاع و صراع اور پھر فساد پر منتج ہو تو اس کی اسلام نے حوصلہ شکنی کی ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "واعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا"[۴]۔ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں فرقہ فرقہ نہ ہو جاؤ۔

### اتحاد امت اور اتفاق قرآن کی روشنی میں

اللہ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ "اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمۡ اُمَّةً"[۵] بیشک تم ایک امت ہو۔ اسی طرح قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر دو مسلمان بھائیوں میں اختلاف واقع ہو جائے تو ان میں صلح کرا دی جائے۔ "وَاِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا"[۶] اللہ تعالیٰ نے قرآن میں مومن کو مومن کا بھائی قرار دیا ہے۔ "اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَةٌ"[۷] اور اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا ہے کہ آپس میں جھگڑا نہ کرو اس کی نحوست سے تم پسپا ہو جاؤ گے اور دشمن تم سے بے خوف ہو جائے گا۔ "وَلَا تَنَازَعُوۡا فَتَفۡشَلُوۡا وَتَذۡهَبَ رِيۡحُكُمۡ"[۸] اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اختلاف ذات و قوم سے بالاتر ہونے کی تلقین کی ہے کہ سبھی کلمہ اسلام پڑھنے والے مسلمان ہیں لہذا کوئی بھی دوسری پہچان نا قابل قبول ہے "هُوَ سَمّٰٮكُمُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ"[۹] اسی طرح قرآن کریم میں نیکی اور بھلائی کے کاموں میں باہم مدد کا حکم دیا گیا ہے جبکہ گناہ و برائی کے امور میں تعاون سے منع فرمایا گیا ہے۔ "تَعَاوَنُوۡا عَلَى الۡبِرِّ وَالتَّقۡوٰى‌ وَلَا تَعَاوَنُوۡا عَلَى الۡاِثۡمِ

---

۴۔ القرآن، سورۃ آل عمران، ۳:۱۰۳

۵۔ القرآن، سورۃ الانبیاء، ۲۱:۹۲

۶۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ۴۹:۹

۷۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ۴۹:۱۰

۸۔ القرآن، سورۃ الانفال، ۸:۴۶

۹۔ القرآن، سورۃ الحج، ۲۲:۸۷

دنیا میں آباد کرنے کا فیصلہ فرمایا جو اپنے ارادہ و اختیار سے تمام تر سہولت و آسانی اور کثرت نعمتوں کے باوجود دنیا کی چمک کا اسیر ہونے کی بجائے خالص اللہ کی رضا کی خاطر خود کو ہر وقت نافرمانی سے دور رکھے اور اگر کہیں غلطی سرزد ہو بھی جائے تو فوراً اللہ کی طرف صدق دل سے متوجہ ہو کر ندامت کا اظہار کرتے ہوئے توبہ کر لے۔

دنیا میں آباد ہونے کے بعد انسان نے بے شمار اختلاف و انتشار اور فساد بپا کرنے کے ساتھ بہت سی بے اعتدالیاں کیں جن سے منع کرنے اور روکنے کے لئے انبیاء علیہم السلام مبعوث ہوتے رہے کہ انسانیت کو عہد الست یاد کرائیں اور انسان درست طریق پر گامزن ہو جائے۔ چھٹی صدی عیسوی میں اللہ تعالیٰ نے نبی آخر الزمان رحمت للعالمین حضرت محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا۔ مولانا سید ابو الحسن علی ندوی رقمطراز ہیں:

> "چھٹی صدی عیسوی میں ایک نئی وحدت کی بنیاد ڈالی گئی اور اس وحدت کی بنیاد اللہ کی وحدانیت کے عقیدہ، نوع انسانی کی ہمدردی کے جذبہ، عدل و مساوات کے اصول اور انسانوں کی خدمت کے عزم و ارادہ پر تھی"۔[1]

آقائے دوعالم ﷺ پر کتاب ہدایت قرآن کریم کو نازل فرمایا جو رہتی دنیا تک کے انسانوں کے لئے رہنما کتاب ہے اس میں اتحاد و اتفاق کی اہمیت اور اس کے اصولوں کو جابجا بیان کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں انسانوں کا باہمی رشتہ کو بیان فرمایا کہ يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقٰكُمْ[2] کہ لوگوں کو پیدا کیا گیا مرد و عورت سے اور پھر ان کو قبائل اور گروہوں میں تقسیم کر دیا گیا تاکہ شناوری ہو پائے اور اللہ کے ہاں عزت تو پرہیزگاروں ہی کی ہے۔ اسی طرح حدیث رسول ﷺ بھی ہے کہ "يا أيها الناسُ إنّ ربّكمْ واحدٌ ألا لا فضلَ لعربيٍّ على عجَميٍّ ولا لعجَميٍّ على عربيٍّ ولا لأحمرَ على أسْودَ ولا لأسودَ على أحمرَ إلّا بالتّقوَى"[3] کہ کسی عربی کو عجمی پر کوئی فضیلت نہیں اور کسی عجمی کو عربی پر بھی کوئی فضیلت نہیں اور اللہ کے یہاں عزت تو صرف اس کو حاصل ہے جو اللہ سے ڈر جائے۔

مقالہ ہذا میں اتحاد امت کی ضرورت و اہمیت اور مدارس کے مطلوبہ کردار پر گزارشات پیش کی گئی ہیں۔ مقالہ تین مباحث پر مشتمل ہے۔ مبحث اول میں "اتحاد امت کی ضرورت و اہمیت" کو قرآن کریم اور سیرت طیبہ کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ مبحث دوم میں "اختلاف کے اسباب و آداب" کو قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کرنے کے ساتھ سید ابو الحسن

---

1۔ سید ابو الحسن علی ندوی، حدیث پاکستان (کراچی: مجلس نشریات اسلام، ۱۹۷۹)، ۲۶.

۲۔ القرآن، سورۃ الحجرات، ۴۹:۱۳.

۳۔ أبو بكر أحمد بن الحسين البيهقي، شعب الإيمان، تحقيق: أبو هاجر محمد السعيد بن بسيوني زغلول (بيروت: دار الكتب العلمية، ۲۰۰۰)، ۲۸۹/۴.

# اتحاد امت میں دینی مدارس کا کردار اور سید ابوالحسن علی ندویؒ کی فکر کا تجزیاتی مطالعہ

# The Role of Dīni Madāris in the Unity of the Ummah and Syed Abu al-Hasan Ali Nadvi's Thought: An Analytical Study

حافظ عتیق الرحمٰن گورچانی

پرنسپل جامعہ اصحاب صفہ، ڈی جی خان، پاکستان

**ABSTRACT:**

In this article, it has been explained the importance, necessity and usefulness of the unity of the Ummah and its requirements in the light of the Qur'an and Sunnah of the Prophet (SAW). Similarly, the causes and the implications of the differences were recorded and their remedies were discussed in the light of the Holy Qur'an, the teachings of the Prophet and the Sayings of the Companions.

The Scholars' role has been highlighted as they proposed a formula for the unity of Ummah by elaborating on the style of prophetic da'wah and a way of unity and harmony has also been mentioned.

In this article, an attempt has been made to state that the Muslim Ummah can remain united in spite of their ijtihad, jurisprudential and theological differences, but it requires determination. Let the people of the ummah renounce personal aims and objectives, interests, ignorance and love of wealth and adopt the guiding principles between the Qur'an and Sunnah and join the fight for unity. If Muslims start using all their abilities against the enemies of Islam, disbelief, atheism, heresy and immorality, then they will not get a chance to get entangled in the sub-differences. Move your pen and tongue to achieve this, thanks to which the Muslim Ummah will be able to restore its greatness.

**KEYWORDS:**

*Dīni Madāris, Unity, Syed Abu al-Hasan Ali Nadvi, Muslim Ummah*

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على سيد الانبياء والمرسلين وعلى آله واصحابه الطيبين. اما بعد فأعوذ بالله من الشيطان الرجيم، واعتصموا بحبل الله جميعا والا تفرقوا، وقال النبي ﷺ لا فضل لعربي على عجمي او كما قال عليه الصلاة والسلام- اما بعد.

اللہ تعالیٰ نے کائنات میں پہلے سے موجود مخلوقات اور ان کی اطاعت گزاری و سپردگی کے باوجود انسان کی تخلیق فرمائی اور اس کو جمیع مخلوقات پر اس کو فضیلت عطا کر دی۔ اس کا بنیادی سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ جل شانہ ایک ایسی مخلوق کو




Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 2 (July - December 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2
Home Page: https://alwifaqjournal.com/
Journal QR Code:

Article: اتحاد امت میں دینی مدارس کا کردار اور سید ابوالحسن علی ندویؒ کی فکر کا تجزیاتی مطالعہ

# The Role of Dīni Madāris in the Unity of the Ummah and Syed Abu al-Hasan Ali Nadvi's Thought: An Analytical Study

Authors: Hafiz Atiq Ur Rehman Gorchani
Affiliations: Jamia Ashab-e-Suffa, D.G. Khan, Pakistan.

Published: 31 December 2022
Article DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u2
QR Code

Citation: Atiq Ur Rehman Gorchani, "اتحاد امت میں دینی مدارس کا کردار اور سید ابوالحسن علی ندویؒ کی فکر کا تجزیاتی مطالعہ The Role of Dīni Madāris in the Unity of the Ummah and Syed Abu al-Hasan Ali Nadvi's Thought: An Analytical Study," Al-Wifaq 5, no. 2 (2022): 21–42, https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u2

Copyright Information: The Role of Dīni Madāris in the Unity of the Ummah and Syed Abu al-Hasan Ali Nadvi's Thought: An Analytical Study © 2022 by Hafiz Atiq Ur Rehman Gorchani is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information: Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

احادیث مبارکہ میں تطبیق کے حوالے سے کلام کرتے ہوئے کہیں آپ اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں تو کہیں دیگر آئمہ و محدثین نے اس حوالے سے جو ابحاث کی ہیں ان کے اقوال و آراء ذکر کرتے ہیں جن میں امام شرف الدین نووی، امام جلال الدین سیوطی، امام شرف الدین طیبی اور ابن الہمام وغیرہ نمایاں ہیں۔ بعض مقامات پر آپ آئمہ حدیث کے نام کو ذکر کیے بغیرقال بعض المحققین "بعض محققین نے کہا" کہ کر بھی آراء ذکر کر جاتے ہیں۔ کچھ مقامات پر دونوں احادیث مبارکہ کے راویوں، متن اور سند کے حوالے سے بھی بحث کرتے ہیں اور صحیح سند و متن والی حدیث مبارکہ کو دوسری پر ترجیح دیتے ہیں۔ کہیں کہیں وضاحت میں لفظی ابحاث بھی کرتے ہیں۔ الغرض آپ تطبیق کے اصولوں ترجیح، جمع اور ناسخ و منسوخ کا اعتبار کرتے ہوئے عمدگی سے مختلف احادیث میں تطبیق پیدا کرتے ہیں جس سے اختلاف دور ہو جاتا ہے اور دونوں احادیث کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔

## مصادر و مراجع


قرآن مجید

أبو شُهبة، محمد بن محمد بن سويلم. الوسيط في علوم و مصطلح الحديث. لبنان: دار الفكر العربي، س ن.

ابن ماجه، أبو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجة القزويني. سنن ابن ماجه. تحقيق: شعيب الأرنؤوط. بيروت: دار الرسالة العالمية، ٢٠٠٩.

البخاري، أبو عبد الله محمد بن إسماعيل. صحيح البخاري. بيروت: دار طوق النجاة، ١٤٢٢.

الترمذي، أبو عيسى محمد بن عيسى. سنن الترمذي. تحقيق: بشار عواد معروف. بيروت: دار الغرب الإسلامي، ١٩٩٦.

الحاكم النيسابوري، أبو عبد الله محمد بن عبد الله. المستدرك على الصحيحين. مصطفى عبد القادر عطا. بيروت: دار الكتب العلمية، ١٩٩٠.

الدارمي، أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل. سنن الدارمي. تحقيق: حسين سليم أسد الداراني. المملكة العربية السعودية: دار المغني للنشر والتوزيع، ٢٠٠٠.

السجستاني، أبو داود سليمان بن الأشعث. سنن أبي داود. تحقيق: شعيب الأرنؤوط. بيروت: دار الرسالة العالمية، ٢٠٠٩.

السخاوي، شمس الدين أبو الخير محمد بن عبد الرحمٰن. فتح المغيث بشرح الفية الحديث للعراقي. اوّل. مصر: مكتبة السنة، ٢٠٠٣.

السيوطي، جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر. تدريب الراوي في شرح تقريب النواوي. الرياض: دار طيبة، ١٤٢٧.

الشيباني، أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل. مسند أحمد. بيروت: مؤسسة الرسالة، ٢٠٠١.

الصالح، صبحي إبراهيم. علوم الحديث و مصطلحه - عرضٌ ودراسة. بيروت: دار العلم للملايين، ١٩٨٤.

العسقلاني، أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد بن أحمد بن حجر. نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر. الرياض: مطبعة سفير بالرياض، ١٤٢٢.

النسائي، أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب. السنن الكبرى - النسائي. تحقيق: شعيب الأرناؤوط. بيروت: مؤسسة الرسالة، ٢٠٠١.

النيسابوري، أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيري. صحيح مسلم. بيروت: دار إحياء التراث العربي، ١٩٥٥.

ملا علي قاري، ابو الحسن نور الدين علي بن سلطان. مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح. بيروت: دار الفكر، ٢٠٠٢.

رکھنے والا ایسے ہی ہے جیسا کہ حضر میں روزہ چھوڑنے والا۔

باب صوم المسافر کی فصل ثالث کی درج بالا دوسری حدیث مبارکہ میں مسافر کے لیے رمضان کا روزہ رکھنے کو ناپسند کیا گیا ہے جبکہ بعض روایات میں روزہ رکھنے کی اجازت بھی ہے۔ لہٰذا اس کی شرح میں ملا علی قاریؒ ابن الھمامؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ جان لو کہ صحیحین میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ فتح مکہ کے سال رمضان المبارک میں مکہ کے لیے روانہ ہوئے تو آپ ﷺ نے روزہ رکھا یہاں تک کہ آپ ﷺ نے کدیر کے مقام پر روزہ توڑ دیا لہٰذا روزہ نہ رکھنا آخری امر ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس سے روزہ نہ رکھنے والے تمسک کرتے ہیں کیونکہ آپ کے دونوں حکموں میں سے آخری حکم کو لیا جاتا ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ بظاہر تو ہمیں تعارض نظر آتا ہے لیکن جمع کی صورت ممکن ہو تو پھر کسی ایک کو چھوڑنے سے بہتر یہ ہوتا ہے کہ ان میں جمع کی صورت پیدا کر کے دونوں پر عمل کیا جائے اور اسی طرح بغیر کسی قطعی دلیل کے کسی حدیث کو منسوخ بھی قرار نہ دیا جائے تو ان احادیث میں جمع کی صورت یہ ہے کہ جن احادیث میں روزہ نہ افطار کرنے والوں کو گناہ اور عدم ثواب کے ساتھ منسوب کیا گیا ہے تو یہ اس صورت میں ہے جب کہ کوئی انسان مشقت و تکلیف اٹھا کر روزہ رکھے جیسا کہ اس بارے میں پہلے احادیث گزر گئی ہیں۔ جواز کی احادیث ثبوت کے اعتبار سے زیادہ قوی ہیں اور کتاب اللہ کے موافق ہیں جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ [۳۹]

اور جو کوئی مریض ہو یا سفر پر ہو تو وہ دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے۔ اللہ تمہارے ساتھ نرمی کرنا چاہتا ہے، سختی کرنا نہیں چاہتا۔

روزہ نہ رکھنے میں تنگی متعین نہیں کی جا سکتی بلکہ روزہ میں آسانی ہوتی ہے جب رکھنے والا طاقت ور ہو اور روزہ رکھنے سے اسے کبھی نقصان کا بھی سامنا نہ ہوتا ہو، تو اس صورت میں لوگوں کی موافقت کے ساتھ مل جل کر روزہ رکھنے میں آسانی ہوتی ہے یا کیونکہ نفس ان دنوں میں روزہ رکھنے کا عادی ہوتا ہے جو کہ باقی دنوں میں نہیں ہوتا لہٰذا روزہ اس کے لیے آسان ہے۔ اس تعلیل سے جان لیا گیا کہ فعدة من ایام اخر کا یہ معنی نہیں کہ وہ متعین ہے بلکہ اس کا معنی ہے کہ تم چھوڑ دو تو اس کو پورا کر دیا معنی ہے کہ ان دنوں میں پورا کرو جن میں تاخیر جائز ہے نہ کہ اس طرح جیسا کہ اہل ظاہر نے گمان کیا۔[۴۰]

## خلاصہ و نتائج بحث

ملا علی قاریؒ نے نہایت عالمانہ اور محققانہ انداز میں احادیث مبارکہ کے اختلاف پر بحث کی اور اس کو رفع کیا ہے۔ ان

---

۳۹۔ القرآن، سورۃ البقرۃ، ۲:۱۸۵

۴۰ ملا علي قاري، مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، ۴/ ۲۸۰.

مورق عجلی سے روایت ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا آپ چاشت کی نماز پڑھتے ہیں؟ انہوں نے کہا نہیں میں نے پوچھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ پڑھتے تھے؟ فرمایا نہیں میں نے پوچھا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ پڑھتے تھے؟ فرمایا نہیں میں نے پوچھا نبی کریم ﷺ پڑھتے تھے؟ فرمایا نہیں ہے کہ وہ پڑھتے ہوں گے۔

درج بالا روایت میں نماز چاشت کی نفی ہے حالانکہ اس کی فضیلت میں بھی بہت ساری روایات ہیں جن سے ثابت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے نماز چاشت ادا فرمائی لہذا اس کی شرح میں ملا علی قاریؒ شرح السنہ کے حوالے سے ذکر کرتے ہیں کہ بعض نے نماز چاشت کو ناپسند کیا۔ ابی بکرہ سے روایت ہے کہ انہوں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ نماز چاشت ادا کر رہے ہیں تو کہا کہ یہ لوگ وہ نماز پڑھ رہے ہیں جس کو رسول اللہ ﷺ نے نہیں پڑھا۔ اس کے بعد ملا علی قاریؒ ان احادیث مبارکہ میں جمع کے حوالے سے امام نوویؒ کا قول نقل کرتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رسول اللہ ﷺ سے نماز چاشت کی نفی اور دوسری حدیث مبارکہ میں اثبات کے درمیان جمع یوں ہو گی کہ نبی مکرم ﷺ اس کی فضیلت کی وجہ سے بعض اوقات اس کو پڑھتے تھے اور اس ڈر سے کہ یہ فرض نہ ہو جائے بعض اوقات اس کو ترک بھی فرما دیتے تھے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ بنی پاک ﷺ چاشت کی نماز کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں نہ ہوتے ہو اور اس کو مسجد یا کسی اور جگہ ادا فرماتے ہو اور جب اپنی ازواج کے پاس ہو تو حضرت عائشہ کا نوا اں دن ہوتا تھا تو اس موقع پر آپ ﷺ نے نماز ادا نہ فرمائی تو ان کا قول صحیح ہو گیا کہ میں نے آپ ﷺ کو نماز چاشت پڑھتے نہیں دیکھا یا ہم کہ سکتے ہیں کہ اس کا معنی ہے میں نے آپ ﷺ کو اس نماز کو ہمیشہ پڑھتے نہیں دیکھا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ انہوں نے کہا نماز چاشت بدعت ہے تو یہ اس پر محمول ہو گی کہ اس کو مسجد میں یا ظاہرا پڑھنا بدعت ہے کیونکہ اس میں اصل یہ ہے کہ اس کو گھروں میں پڑھا جائے یا ہم کہ سکتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک نبی اکرم ﷺ کا عمل اور فعل نہ پہنچا ہو یا یہ کہ سکتے ہیں کہ اس پر مواظبت بدعت ہے کیونکہ آپ ﷺ نے فرض ہونے کے ڈر سے اس پر مواظبت نہیں فرمائی۔[۳۷]

## ۱۰۔ مسافر کے لیے رمضان کا روزہ رکھنا افضل یا افطار کرنا:

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «صَائِمُ رَمَضَانَ فِي السَّفَرِ، كَالْمُسْفِطِرِ فِي الْحَضَرِ»[۳۸]

حضرت عبد الرحمن بن عوف سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سفر میں رمضان کا روزہ

۳۷۔ ملا علي قاري، مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ۳/ ۲۰۴، ۲۰۵.

۳۸۔ أبو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجة القزويني ابن ماجه، سنن ابن ماجه، تحقيق: شعيب الأرنؤوط (بيروت: دار الرسالة العالمية، ۲۰۰۹)، ۱/ ۵۳۲.

## ۸۔ حضرت ابو بکر یا حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سوا باقی دروازوں کا بند کرنا:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَ بِسَدِّ الأَبْوَابِ إِلاَّ بَابَ عَلِيٍّ[۳۲]

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی کے دروازے کے علاوہ باقی دروازے بند کرنے کا حکم دیا۔

باب مناقب علي بن ابی طالب رضي الله عنه کی فصل ثالث کی درج بالا حدیث مبارکہ کی شرح کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ درج بالا حدیث مبارکہ اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے مناقب میں مذکور حدیث مبارکہ لَا يَبْقَيَنَّ فِي المَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةُ أَبِي بَكْرٍ[۳۳] میں اشکال نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اس میں وضاحت ہے کہ آپ ﷺ نے ان کو مرض الموت میں بند کرنے کا حکم دیا اور اس میں ایسا نہیں۔ یہ اس پر محمول ہے کہ یہ حکم مرض سے متقدم تھا اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ والی حدیث اس میں سب سے صحیح اور مشہور ہے۔ کیونکہ وہ متفق علیہ ہے اور یہ حدیث متن اور سند کے اعتبار سے غریب ہے۔ اس کے بعد ملا علی قاریؒ درج ذیل دیگر روایات کا بھی ذکر کرتے ہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الرُّقَيْمِ الْكِنَانِيِّ، قَالَ: خَرَجْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ زَمَنَ الْجَمَلِ فَلَقِينَا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ بِهَا، فَقَالَ: « أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ الشَّارِعَةِ فِي الْمَسْجِدِ، وَتَرْكِ بَابِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ»[۳۴]

ان روایات کو ذکر کرنے کے بعد آپ لکھتے ہیں کہ سعدی نے کہا کہ عبد اللہ بن شریک جھوٹا ہے اور ابن حبان نے کہا کہ غالی شیعہ تھا۔ یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے لیکن صحیح نہیں ہے۔ صحیح وہی ہے جو صحیحین میں حضرت ابو سعید سے مروی ہے اور اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی حدیث مبارکہ صحیح ہے تو دونوں احادیث میں توفیق دیتے ہوئے ان کو دو مختلف مواقع پر محمول کیا جائے گا۔[۳۵]

## 9۔ نماز چاشت سنت یا غیر سنت:

عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: أَتُصَلِّي الضُّحَى قَالَ: لَا. قُلْتُ: صَلَّاهَا عُمَرُ قَالَ: لَا. قُلْتُ: صَلَّاهَا أَبُو بَكْرٍ قَالَ: لَا. قُلْتُ: أَصَلَّاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا إِخَالُهُ[۳۶]

---

۳۲۔ الترمذي، سنن الترمذي، ۶/ ۹۰.

۳۳۔ البخاري، صحیح البخاری، ۵/ ۵۸.

۳۴۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۳/ ۹۸.

۳۵۔ ملا علي قاري، مرقاة المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، ۱۱/ ۳۵۱.

۳۶۔ الشیبانی، مسند أحمد، ۸/ ۳۷۷.

نے ذکر کیا کہ انہوں نے اس کے بارے میں ابن شہاب سے ذکر کیا تو انہوں نے اس کی معرفت سے انکار کیا۔ تعارض دور کرنے کے لیے دوسرا طریقہ جمع کا اختیار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ پہلی حدیث مبارکہ کے عموم کو خصوص پر محمول کیا جائے اور یہ حدیث مبارکہ حدیث ابی موسیٰ کو خاص کرتی ہے۔ کیونکہ حدیث مبارکہ میں نکاح عام غیر مقید ہے اور حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا اس کو خاص کرتی ہے۔[28]

## 7۔ قبول اسلام کی ابتدائی شخصیات:

عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: «مَا أَسْلَمَ أَحَدٌ فِي الْيَوْمِ الَّذِي أَسْلَمْتُ فِيهِ، وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَ لَيَالٍ ثَالِثَ الْإِسْلَامِ» [29]

سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ کوئی اسلام نہیں لایا مگر اسی دن جس دن میں اسلام لایا اور میں سات دن تک اسلام میں تیسرا شخص رہا۔

باب مناقب العشرۃ کی فصل ثالث کی درج بالا حدیث مبارکہ کی شرح کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ امام سیوطیؒ کے حوالے سے کہتے ہیں کہ باقی دو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ مزید لکھتے ہیں کہ یہ چیز دلالت کرتی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایمان اس سے متاخر تھا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد بالغ افراد ہو۔ ابو عبد اللہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ ثلث الاسلام کا معنی ہے کہ وہ تین افراد میں سے تیسرے تھے۔ اس کے بعد درج ذیل دوسری روایت کا بھی ذکر کرتے ہیں:

قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: «رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا مَعَهُ إِلَّا خَمْسَةُ أَعْبُدٍ وَامْرَأَتَانِ، وَأَبُو بَكْرٍ» [30]

حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کے ہمراہ پانچ غلاموں اور دو عورتوں اور ابو بکر کے سوا کوئی نہ تھا۔

ان دونوں روایات کو جمع کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بعض محققین نے کہا کہ اس روایت اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی روایت میں جمع اس طرح ہوتی ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے قول کو آزاد بالغ افراد پر محمول کیا جائے جس میں غلام اور حضرت علی رضی اللہ عنہ شامل نہ ہو یا آپ کو ان کے ایمان کی اطلاع نہ ہو۔[31]

---

۲۸۔ ملا علي قاري، مرقاۃ المفاتيح شرح مشکاۃ المصابيح، ۱۱/ ۱۵۲.

۲۹۔ أبو عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري، المستدرک علی الصحیحین، تحقیق: مصطفی عبد القادر عطا (بیروت: دار الکتب العلمیۃ، ۱۹۹۰)، ۳/ ۵۷۰.

۳۰۔ البخاري، صحیح البخاری، ۵/ ۴۶.

۳۱۔ ملا علي قاري، مرقاۃ المفاتيح شرح مشکاۃ المصابيح، ۱۱/ ۳۶۶.

کے درمیان اختلاف ہے۔ لہٰذا اس کی شرح میں ملا علی قاریؒ اپنی رائے ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ اس سے مراد بالاجماع وہ نکاح ہے جو ولی کے عقد کے بغیر صحیح نہیں ہوتا جیسا کہ چھوٹی بچی اور مجنونہ کا نکاح۔ اس کے بعد شرح الترمذی کے حوالے سے امام سیوطیؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ جمہور نے اس کو نفی صحت پر محمول کیا ہے جبکہ امام ابو حنیفہؒ نے نفی کمال پر۔ زین العرب نے کہا کہ امام مالکؒ کا قول ہے اگر عورت کم ذات ہو تو جائز ہے کہ وہ خود نکاح کرے یا وکیل بنائے جو اس کا نکاح کرے اور اگر شریف ہے تو اس کا ولی ہی نکاح کر سکتا ہے۔ اس کے بعد آپ ابن الہمامؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ مذکورہ حدیث مبارکہ اور اس طرز کی دیگر احادیث مبارکہ نبی اکرم ﷺ کی درج ذیل حدیث کی معارض ہیں۔

عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا، وَالْبِكْرُ تُسْتَأْذَنُ فِي نَفْسِهَا، وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا»[۲۶]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا بیوہ عورت اپنے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اس کے بارے میں اجازت لی جائے گی اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔

درج بالا روایت میں الایّم کی وضاحت کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ عورت ہے جس کا خاوند نہ ہو چاہے وہ کنواری ہو یا ثیبہ۔ لہٰذا ان دونوں معارض احادیث مبارکہ میں ملا علی قاری تعارض دور کرنے کے لیے ترجیح اور جمع کا طریقہ اختیار کرتے ہوئے سب سے پہلے ترجیح کے حوالے سے دوسری حدیث مبارکہ کو سند کی قوت اور اس کی صحت میں عدم اختلاف کی بنا پر پہلی پر ترجیح دیتے ہیں۔ مزید کہتے ہیں کہ حدیث مبارکہ لا نکاح الا بولی ضعیف ہے اور اسکی سند، وصل، انقطاع اور ارسال میں اضطراب ہے۔ اسی کے ساتھ ملا علی قاریؒ اسی فصل میں اسی مضمون کی دوسری درج ذیل حدیث مبارکہ کے بارے میں بھی یہی رائے دیتے ہیں کہ وہ بھی اس جیسی ہی ہے یعنی ضعیف ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ نَكَحَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ [۲۷]

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے آپ ﷺ نے یہ بات تین مرتبہ فرمائی۔

امام طحاویؒ درج بالا حدیث مبارکہ کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اس حدیث مبارکہ کو زہریؒ نے منکر کہا اور ابن جریج

۲۶۔ أبو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن بن الفضل الدارمي، سنن الدارمي، تحقیق: حسین سلیم أسد الداراني (المملكة العربية السعودية: دار المغني للنشر والتوزيع، ۲۰۰۰)، ۳/۱۳۹۸.

۲۷۔ الترمذي، سنن الترمذي، ۲/۳۹۸.

## ۵۔افضل عمل وقت پر نماز پڑھنا، ایمان باللہ یا جہاد کرنا ہے:

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ قَالَ: «الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا» قَالَ: قُلْتُ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ: «بِرُّ الْوَالِدَيْنِ» قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ قَالَ: «الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ» فَمَا تَرَكْتُ أَسْتَزِيدُهُ إِلَّا إِرْعَاءً عَلَيْهِ. [۲۳]

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ سب سے افضل عمل کونسا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نماز اپنے وقت پر ادا کرنا، میں نے عرض کیا اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا والدین کے ساتھ نیکی کرنا، میں نے عرض کیا پھر اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کے راستے میں جہاد کرنا، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے مزید سوال نہیں کیا تا کہ آپ ﷺ کی طبیعت پر بار نہ ہو۔

درج بالا حدیث مبارکہ، جو کہ کتاب الصلاۃ کی فصل اول میں درج ہے، میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل وقت پر نماز پڑھنے کو قرار دیا گیا ہے جبکہ حضرت ابوذر سے مروی حدیث مبارکہ میں ایمان باللہ اور جہاد کو عمل خیر کہا گیا ہے۔ اسی طرح حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث مبارکہ میں مجاہد کو سب سے افضل قرار دیا گیا ہے اسی طرح دیگر اور روایات بھی ہیں۔ ان سب مختلف روایات میں تطبیق پیدا کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ امام طیبیؒ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ ان احادیث میں توفیق یوں کی جائے گی کہ آپ ﷺ نے ہر ایک کی غرض یا اسکی رغبت کے اعتبار سے یا اس سوال پوچھنے والے کے حال کے مطابق جواب دیا۔ مزید کہتے ہیں کہ ایک آدمی کہتا ہے کہ فلاں چیز اچھی ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ تمام چیزوں سے افضل ہے بلکہ اس سے مراد ہوتی ہے کہ وہ ایک حالت میں اچھی ہے اور ایک آدمی کے لیے دوسروں کے مقابلے میں اچھی ہے۔ جیسا کہ جس موقع پر خاموشی کی تعریف مطلوب ہو تو کہا جاتا ہے کہ خاموشی سے افضل کوئی چیز نہیں اور جب کلام کی تعریف مطلوب ہو تو کہا جاتا ہے کہ کلام سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ [۲۴]

## ۶۔ولی کے بغیر نکاح جائز یا ناجائز:

عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ [۲۵]

حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہے۔

باب الولي في النكاح واستئذان المراءة کی فصل ثانی کی درج بالا حدیث مبارکہ کے مفہوم و مراد کے حوالے سے فقہاء

۲۳۔ النیسابوري، صحیح مسلم، ۱/۸۹.

۲۴۔ ملا علي قاري، مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، ۲/۱۱۳.

۲۵۔ الشیباني، مسند أحمد، ۳۲/۵۲۳.

باب المبعث وبدء الوحی کی تیسری فصل کی درج بالا حدیث مبارکہ سے پتہ چلتاہے کہ پہلی وحی سورۃ المدثر کی آیات تھیں حالانکہ اسی باب کی فصل اول میں حضرت عائشہ سے مروی تفصیلی حدیث مبارکہ میں واضح ہے کہ آپ ﷺ پر سورۃ علق کی ابتدائی پانچ آیات نازل ہوئی تھیں۔ لہذا ان دونوں میں تطبیق کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ یا ایھا المدثر کا نزول فترۃ الوحی کے بعد ہوا۔ اس کی اولیت انزار کے ساتھ خاص ہے یعنی یہ رسالت کے حوالے سے پہلی وحی ہے۔ مزید برآں بغیر نام لیے آپ بعض محققین کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ جس کا یہ قول ہے کہ سب سے پہلے سورہ مدثر کی آیات نازل ہوئیں تو یہ ضعیف ہے اور سچ بات یہ ہے کہ علی الاطلاق سب سے پہلے سورہ علق کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث مبارکہ سے ظاہر ہے اور سورہ مدثر فترۃ الوحی کے بعد نازل ہوئی جیسا کہ زہری کی حضرت جابر سے روایت میں صراحت ہے اور اس پر حضرت جابر کا یہ قول دلالت کرتا ہے کہ وھو یحدث عن فترة الوحی[20]

## ۴۔ واقعہ معراج کی ابتدا رسول اللہ ﷺ کے گھر، حطیم یا ام ہانی کے گھر سے ہوئی۔

وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: «كَانَ أَبُو ذَرٍّ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ – صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – قَالَ: (فُرِجَ عَنِّي سَقْفُ بَيْتِي، وَأَنَا بِمَكَّةَ- - - - -[21]

درج بالا حدیث مبارکہ، جو کہ باب فی المعراج کی فصل اول میں درج ہے، واقعہ معراج کو تفصیلی بیان کرتی ہے۔ لیکن اس میں واقعہ کی ابتدا کے حوالے سے ذکر ہے کہ نبی مکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ فرج عنی سقف بیتی گویا آپ ﷺ اپنے گھر میں تشریف فرما تھے جبکہ بعض روایات میں ہے کہ آپ ﷺ حطیم یا حجر میں تھے یا ام ہانی کے گھر تشریف فرما تھے۔ گویا اس حوالے سے روایات میں اختلاف ہے لہذا ان اختلافی روایات کو جمع کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کے اپنے گھر فرمانے سے مراد ام ہانی کا گھر ہے۔ اپنی طرف گھر کی اضافت اس لیے فرمائی کہ آپ ﷺ اس وقت وہاں سکونت پذیر تھے اور کبھی ام ہانی کے گھر کی طرف نسبت فرمائی گئی کیونکہ وہ گھر کی مالکہ تھیں۔ اس کے بعد آپ مزید لکھتے ہیں کہ بعض محققین نے اس حوالے سے وارد تمام اقوال کو جمع کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپ ﷺ شعب ابی طالب کے پاس حضرت ام ہانی کے گھر سوئے تو وہاں ہی گھر کی چھت میں شگاف ہوا۔ آپ ﷺ کی طرف گھر کی نسبت اس لیے ہے کہ آپ ﷺ وہاں سکونت پذیر تھے۔ پس وہاں حضرت جبرائیل آئے اور آپ ﷺ کو گھر سے مسجد لے گئے۔ پھر آپ ﷺ کو حطیم سے مسجد کے دروازے پر لے آئے اور آپ ﷺ کو براق پر سوار کیا۔[22]

۲۰۔ ملا علی قاری، مرقاۃ المفاتیح، ۱۱/ ۱۲۲

۲۱۔ البخاری، صحیح البخاری، باب کیف فرضت الصلاۃ فی الاسراء، ۱/ ۷۸

۲۲۔ ملا علی قاری، مرقاۃ المفاتیح، ۱۱/ ۱۵۲

اس کا جور اس کے عدل پر غالب ہو گا۔[۱۵]

## 3۔ پہلی وحی سورۃ مدثر یا سورۃ علق کی آیات:

عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَوَّلِ مَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْآنِ، قَالَ: {يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ}[۱۶] قُلْتُ: يَقُولُونَ: {اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ}[۱۷] فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنْ ذَلِكَ، وَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ الَّذِي قُلْتَ: فَقَالَ جَابِرٌ: لاَ أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي هَبَطْتُ فَنُودِيتُ، فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ أَمَامِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ خَلْفِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَرَأَيْتُ شَيْئًا، فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُونِي وَصُبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَدَثَّرُونِي وَصَبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَنَزَلَتْ: {يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ}[۱۸][۱۹]

"یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابو سلمہ بن عبد الرحمن رضی اللہ عنہ پوچھا کہ سب سے پہلے قرآن کی کون سی آیت نازل ہوئی؟ تو انہوں نے کہا (یا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ۔ قُمْ فَاَنْذِرْ) نازل ہوئی میں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ (اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِى خَلَقَ) سب سے پہلے نازل ہوئی تو ابو سلمہ نے کہا میں نے جابر بن عبد اللہ سے اس کے متعلق پوچھا اور میں نے وہی کہا جو تم نے کہا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا میں تم سے وہی بیان کرتا ہوں جو ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں حرا میں گوشہ نشین تھا جب میں نے گوشہ نشینی کی مدت کو پورا کر لیا تو میں وہاں سے اترا تو میں پکارا گیا ایک آواز سنی میں نے اپنی دائیں طرف دیکھا تو کچھ نظر نہ آیا۔ میں نے اپنے بائیں طرف دیکھا تو کچھ نظر نہ آیا تو میں نے سر اٹھایا تو ایک چیز دیکھی پھر میں خدیجہ کے پاس آیا تو میں نے کہا مجھ کو کمبل اڑھا دو اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہاؤ آپ نے بیان کیا کہ لوگوں نے مجھے کمبل اڑھائے اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہایا پھر آیت (یا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ۔ قُمْ فَاَنْذِرْ) نازل ہوئی۔

---

۱۵۔ ملا علي قاري، مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ۷/ ۲۳۸.

۱۶۔ القرآن، سورۃ المدثر، ۷۴:۱

۱۷۔ القرآن، سورۃ العلق، ۹۶:۱

۱۸۔ القرآن، سورۃ المدثر، ۷۴:۲

۱۹۔ البخاري، صحیح البخاری، ۶/ ۶۱.

کا تعلق بندوں کے حقوق سے ہے۔ اس کے بعد آپ خود تطبیق دیتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ پہلی حدیث مبارکہ کا تعلق منہیات سے ہے جبکہ دوسری کا تعلق مامورات سے ہے یا ایک کا تعلق حکم سے ہے اور دوسری کا تعلق محاسبہ سے ہے۔ مزید لکھتے ہیں کہ اس حدیث مبارکہ میں اشارہ ہے کہ حقیقتاً پہلی چیز نماز ہے کیونکہ محاسبہ حکم سے پہلے ہوتا ہے۔"[۱۲]

## ۲۔ قضا کا طلب کرنا اور قضا کی عدم طلب:

عن ابی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى يَنَالَهُ، ثُمَّ غَلَبَ عَدْلُهُ جَوْرَهُ، فَلَهُ الْجَنَّةُ، وَمَنْ غَلَبَ جَوْرُهُ عَدْلَهُ فَلَهُ النَّارُ."[۱۳]

"حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے مسلمانوں کا قاضی بننے کی طلب کی یہاں تک کہ وہ بن گیا پھر اس کا عدل اس کے ظلم پر غالب آگیا تو اس کے لیے جنت ہے اور جس کا ظلم اس کے عدل پر غالب آگیا تو اس کے لیے آگ ہے۔"

باب العمل في القضاء والخوف منه کی فصل دوم کی درج بالا حدیث مبارکہ کی شرح کرتے ہوئے اس سے مختلف درج ذیل دوسری روایت بھی درج کرتے ہیں:

عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ابْتَغَى الْقَضَاءَ وَسَأَلَ فِيهِ شُفَعَاءَ وُكِلَ إِلَى نَفْسِهِ، وَمَنْ أُكْرِهَ عَلَيْهِ أَنْزَلَ اللَّهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ."[۱۴]

"حضرت انس سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا جو قضاء کے عہدے پر فائز ہونا چاہتا ہے اور اس کے لیے سفارشیں کراتا ہے اسے اس کے نفس پر چھوڑ دیا جاتا ہے یعنی غیبی مدد نہیں ہوتی اور جسے زبردستی اس منصب پر فائز کیا جاتا ہے اللہ اس کی مدد کے لیے ایک فرشتہ اتارتا ہے۔"

دونوں احادیث کے اندراج کے بعد آپ ان دونوں کو جمع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ممکن ہے کہ کہا جائے کہ قضاء کو طلب کرنے والے دو طرح کے آدمی ہو۔ ایک بندہ کو اللہ تعالیٰ کی تائید حاصل ہو جیسا کہ صحابہ کرام اور تابعین تھے پس جب وہ اس کے حق کے ساتھ قضاء کو طلب کریں گے تو وہ اپنے نفس کے حوالے نہیں کیے جائیں گے اور حق کے ساتھ فیصلہ کریں گے اور یہی ہیں جن کا عدل ان کے جور پر غالب ہے اور جو آدمی ایسا نہیں ہے وہ اپنے نفس کے حوالے کیا جائے گا پس

۱۲۔ ابو الحسن نور الدين علي بن سلطان ملا علي قاري، مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح (بيروت: دار الفكر، ۲۰۰۲)، ۶/ ۲۲۵۹.

۱۳۔ أبو داود سليمان بن الأشعث السجستاني، سنن أبي داود، تحقيق: شعَيب الأرنؤوط (بيروت: دار الرسالة العالمية، ۲۰۰۹)، ۵/ ۴۲۹.

۱۴۔ أبو عيسى محمد بن عيسى الترمذي، سنن الترمذي، تحقِق: بشار عواد معروف (بيروت: دار الغرب الإسلامي، ۱۹۹۶)، ۳/ ۷.

نے مرقاۃ المفاتیح میں۔ پس ائمہ کرامؒ نے اپنی شروحات میں بہت سی مباحث کی ہیں جو کہ ان احادیث مبارکہ سے متعلقہ ہیں جن کے ظاہر میں اختلاف نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ اس علم پر الگ سے درج ذیل اہم اور مشہور کتب ہیں۔

### ۱۔ اختلاف الحدیث

یہ امام شافعیؒ کی تالیف ہے جو اس فن پر پہلی کتاب ہے جو کہ دراصل ان کی کتاب الام کا ایک حصہ ہے۔

### ۲۔ تاویل مختلف الحدیث

یہ امام، ادیب ابی محمد بن عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ الدینوری (م ۲۷۶ھ) کی تصنیف ہے۔ اس میں آپ نے صرف مختلف الحدیث پر ہی بحث نہیں کی بلکہ مشکل الحدیث پر بھی بحث کی ہے۔

## مرقاۃ المفاتیح میں مختلف الحدیث کی مباحث کا جائزہ:

ملا علی قاریؒ مرقاۃ المفاتیح میں شرح کرتے ہوئے ان مقامات پر جہاں دو مختلف معارض احادیث ہوتی ہیں تو ان میں تعارض کو رفع کرتے ہیں۔ اس حوالے سے آپ اس کی شرح کے ساتھ ساتھ ان میں تطبیق پیدا کرتے ہیں یا ایک کو دوسری کے لیے ناسخ قرار دیتے ہیں یا ایک کو دوسرے پر ترجیح دیتے ہیں۔ بعض دفعہ ایک حدیث مبارکہ کی شرح کے دوران اس کی معارض دوسری حدیث مبارکہ کو بھی لاتے ہیں پھر اپنی رائے اور دیگر ائمہ حدیث نے اس حوالے سے جو کلام نقل کیا اس کو بھی درج کرتے ہیں۔ بعض مقامات پر ان ائمہ کا نام اور ان کی کتب کا بھی حوالہ دیتے ہیں تو کہیں بغیر حوالے کے کلام نقل کرتے ہیں۔ یوں ساری بحث سے قاری کے ذہن میں دونوں احادیث مبارکہ کا معنی و مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ اس کی کچھ مثالیں درج ذیل ہیں۔

### ۱۔ قیامت کے دن سب سے پہلے خون کا فیصلہ یا نماز کا سوال ہونا

عَنْ عَبْدِ اللهِ بن مسعود قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ.»[۱۰]

"حضرت عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن لوگوں کے درمیان سب سے پہلے جس چیز کا فیصلہ کیا جائے گا وہ خون ہے۔"

درج بالا حدیث مبارکہ کی شرح کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ امام نوویؒ کے حوالے سے اس حدیث مبارکہ سے ظاہراً مختلف ایک دوسری حدیث مبارکہ "أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ صَلَاتُهُ." کو بھی لاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان دونوں میں اختلاف نہیں ہے پھر دونوں میں تطبیق پیدا کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ دوسری حدیث مبارکہ کا تعلق حق اللہ سے ہے اور اس

---

۱۰۔ أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيري النيسابوري، صحيح مسلم (بيروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۹۵۵)، حدیث نمبر ۱۶۷۸، ۳/ ۱۳۰۴.

۱۱۔ أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب النسائي، السنن الكبرى- النسائي، تحقيق: شعيب الأرناؤوط (بيروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱)، ۱/ ۲۳۳.

۷. یا اس کی کوئی نظیر ہو جس کے حکم پر اتفاق ہو۔

۸. یا اس پر شیخان متفق ہو۔[۸]

## اگر ترجیح ممکن نہ ہو تو توقف:

امام حافظ ابن حجر عسقلانیؒ اس پہلو پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہیں کہ اگر ترجیح ممکن نہ ہو تو توقف کیا جائے گا چنانچہ آپ شرح نخبۃ الفکر میں درج ذیل الفاظ میں یوں لکھتے ہیں:

إمّا أَنْ يُمْكِنَ ترجيحُ أَحدِهما على الآخَرِ، بوجهٍ مِن وجوهِ التّرجيحِ المُتعلِّقَة بالمتْنِ، أَو بالإِسناد، أَوْ لاَ. فإِنْ أَمكن الترجيحُ تَعَيَّنَ المصيرُ إِليه، وإِلاَّ فلا. فصارَ ما ظاهِرُهُ التّعارُضُ واقعاً على هذا التّرتيب: ١- الجَمْعُ إِنْ أَمكَنَ. ٢- فاعْتبارُ النّاسِخِ والمَنْسوخِ. ٣- فالتَّرْجيحُ إِنْ تَعَيّن. ٤- ثُمَّ التوقُّفُ عنِ العَمَلِ بأَحَدِ الحديثين. والتّعبيرُ بالتوقُّفِ أَولى من التّعبيرِ بالتّساقُطِ؛ لأَنَّ خفاءَ ترجيحِ أحدِهما على الآخَرِ إِنّما هُو بالنسبة للمُعْتَبِرِ في الحالةِ الرّاهنة، معَ احتمالِ أَنْ يَظْهر لغيرِه ما خَفِيَ عليه. واللهُ أَعلمُ.[۹]

"پس اگر ترجیح ممکن ہو تو مصیر الیہ متعین ہو جاتا ہے اور اگر ترجیح ممکن نہ ہو تو مصیر الیہ کو متعین نہیں کیا جا سکتا بلکہ توقف کیا جائے گا۔ پس جس کے ظاہر میں تعارض ہو گا اس کی یوں ترتیب ہو گی۔ ا۔ اگر ممکن ہو تو جمع کیا جائے گا ۲۔ ناسخ و منسوخ کا اعتبار کیا جائے گا ۳۔ اگر تعین ہو جائے تو ترجیح دی جائے گی۔ ۴۔ پھر دونوں حدیثوں میں سے کسی ایک پر عمل کے لیے توقف کیا جائے گا یہاں تک کہ اس کا حکم ظاہر ہو جائے اور اس کا امر بیان کر دیا جائے۔ توقف کے ساتھ تعبیر اولی ہے تساقط کے ساتھ تعبیر سے اور یہ بات مشہور ہے کہ دو دلیلیں اگر متعارض ہو تو ساقط ہو جاتی ہیں یعنی ان کا حکم ساقط ہو جاتا ہے۔"

## مشہور کتابیں:

علماء محدثین نے مختلف الحدیث کے موضوع پر بہت عمدہ کتابیں لکھی ہیں۔ اسی طرح اس علم کے بہت سے مسائل شارحین حدیث نے اپنی شروحات میں بھی ذکر کیے ہیں جیسا کہ امام نوویؒ نے صحیح مسلم کی شرح، الکرمانی نے شرح صحیح البخاری، امام احمد بن علی بن حجر نے صحیح بخاری کی شرح فتح الباری، علامہ عینیؒ نے شرح بخاری "عمدۃ القاری" اور ملا علی قاریؒ

---

۸۔ جلال الدین عبد الرحمن بن أبی بکر السیوطی، تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی (الریاض، دار طیبۃ، ۱۴۲۷)، ۲/۶۵۹.

۹۔ العسقلانی، أبو الفضل أحمد بن علی بن محمد بن أحمد بن حجر، نزھۃ النظر في توضیح نخبۃ الفکر فی مصطلح أھل الأثر (الریاض: مطبعۃ سفیر، ۱۴۲۲)، ۹۷.

۷. یا عزیز ہو اور دوسری مشہور

## چوتھی قسم: وقت ورود کے حوالے سے ترجیح

اس کی بھی درج ذیل اقسام ہیں۔

۱. مدنی کو مکی پر ترجیح دینا

۲. اسلام لانے کے بعد تحمل کو قبل از اسلام پر ترجیح

## پانچویں قسم: خبر کے لفظ کے لحاظ سے ترجیح

اس کی درج ذیل صورتیں ہیں:

۱. خاص کی عام پر ترجیح

۲. حقیقت کو مجاز پر ترجیح

۳. منطوق کو مفہوم پر

۴. مفہوم موافق کو مفہوم مخالف پر

۵. نص کو غیر النص پر

۶. قول کو فعل پر

## چھٹی قسم: حکم کے لحاظ سے ترجیح

اس کی درج ذیل صورتیں ہیں:

۱. حرمت پر دلالت کرنے والے کو اباحت اور وجوب پر دلالت کرنے والے پر ترجیح دینا

۲. احوط کو مقدم کرنا

۳. حد کی نفی پر دلالت کرنے کو ترجیح دینا

## ساتویں قسم: امر خارجی کے اعتبار سے ترجیح:

۱. اس کو ترجیح دینا جو قرآن پاک کے ظاہر سے موافقت کرے

۲. یا دوسری سنت سے

۳. یا قبل شریعتوں سے

۴. یا قیاس سے

۵. یا امت کے عمل سے

۶. خلفاء راشدین کے عمل سے

۹. تقویٰ
۱۰. صحیح الاعتقاد: یعنی بدعتی نہ ہو
۱۱. اہل حدیث کا ہم نشین
۱۲. عالم یا علماء کا ہم مجلس
۱۳. مشہور النسب
۱۴. اس کے نام میں ایسا التباس نہ ہو کہ اس میں کوئی ضعیف راوی شریک ہو اور ان میں فرق کرنا مشکل ہو جائے۔
۱۵. اس کی عدالت پر اتفاق ہو۔
۱۶. جس سے روایت کر رہا ہو اس سے ملاقات ہو
۱۷. صحابی اپنے اکابر سے
۱۸. قضاء میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حلال و حرام میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اور فرائض میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

## دوسری قسم: تحمل کے ساتھ ترجیح

اس کی مختلف صورتیں ہیں۔

۱. وقت: پس ان میں سے اس کو ترجیح دی جائے گی جس نے بالغ ہونے کے بعد حدیث لی اس پر جس نے اس سے پہلے حدیث لی۔
۲. تحمل کی سب سے اعلی قسم سماع ہے۔ پس وہ حدثنا کے ذریعے حدیث لے۔

## تیسری قسم: روایت کی کیفیت کے لحاظ سے ترجیح

ترجیح روایت کی کیفیت کے لحاظ سے اس کی بھی مزید اقسام ہیں۔

۱. روایت بالفظ بیان کرنے والے کو روایت بالمعنی پر ترجیح دینا
۲. اس کا راوی اس کا انکار نہ کرے اور نہ اس میں تردد کرے
۳. اس کے الفاظ متصل ہو جیسے حدثنا یا سمعت
۴. یا اس کے مرفوع ہونے پر متفق ہو۔
۵. اس کی اسناد میں اختلاف نہ ہو۔
۶. اس کے لفظ میں اضطراب نہ ہو۔

أ. یہ حدیث مبارکہ ان جاہلوں کا رد ہے جن کا اعتقاد ہے کہ یہ امراض خود موثر ہوتے ہیں۔ پس ان کے لیے آپ ﷺ نے واضح فرمایا کہ یہ امراض خود متعدی نہیں ہوتے بلکہ اللہ تعالیٰ مریض کے صحیح آدمی کے ساتھ اختلاط کو اس کی بیماری کا سبب بنا دیتے ہیں۔ یہ چیز جدید طب کی اس تحقیق کے منافی نہیں ہے جس میں امراض کے متعدی ہونے کا ثبوت موجود ہے بلکہ اس میں عقیدے کی اصلاح ہے کہ تعدی کی تاثیر اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہے اور اگر اللہ تعالیٰ ارادہ نہ کریں تو مریض کے ساتھ جس کو متعدی بیماری ہو اختلاط کے باوجود اثر نہیں ہوتا۔

ب. عدویٰ کی نفی اپنے عموم پر باقی ہے اور اس سے فرار کا حکم سد الزرائع میں سے ہے۔

### دوسری قسم:

جس میں دو مختلف حدیثوں میں جمع کا امکان نہ ہو۔ اس کی مزید دو اقسام ہیں۔

أ. متقدم کی متاخر سے پہچان ہو: اس صورت میں متاخر متقدم کی ناسخ ہو گی۔

ب. متقدم متاخر سے نہ جانی جا سکے: تو اس صورت میں ترجیح کا طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ پس ہم راجح کو لیں گے اور مرجوح کو چھوڑ دیں گے۔ اور ترجیح راویوں کی صفات کے حساب سے ہو گی کہ ایک راوی زیادہ حافظے والا ہو دوسروں سے۔

## وجوہ ترجیح

علماء حدیث نے اسکی متعدد وجوہ ذکر کی ہیں حتیٰ کہ بعض نے پچاس اور بعض نے سو سے بھی زیادہ وجوہ کا ذکر کیا ہے جن کو العراقی نے اپنی کتاب التقييد والإيضاح لما أطلق وأغلق من علوم ابن الصلاح میں ذکر کیا ہے۔ امام سیوطیؒ نے تدریب الراوی میں وجوہ ترجیح کے حوالے سے عمدہ کلام کیا ہے۔ اور اس کی سات اقسام کو ذکر کیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

### پہلی قسم: راوی کے حال کے اعتبار سے ترجیح:

اس کی مزید اقسام ہیں۔

١. راویوں کی کثرت: کیونکہ اکثر پر جھوٹ اور وہم کا احتمال کم ہوتا ہے اور تھوڑوں پر زیادہ۔

٢. قلۃ الوسائط: یعنی اسناد کی بلندی جبکہ رجال ثقہ ہو کیونکہ ان پر جھوٹ اور وہم کا احتمال کم ہوتا ہے۔

٣. فقہ الراوی: حدیث مبارکہ چاہے بالمعنی روایت کی گئی ہو یا باللفظ۔

٤. نحو کا علم: کیونکہ نحو کا جاننے والا غلطی نہیں کرے گا۔

٥. لغت کا علم: کیونکہ لغت کا جاننے والا خطاب اور اسالیب کے مواقع کو جانتا ہے۔

٦. حفظ: اس کے بخلاف جو لکھے پر اعتماد کرتا ہے۔

٧. ضبط: یعنی اس کا حدیث سے لگاؤ اور اہتمام

٨. شہرت: کیونکہ شہرت انسان کو جھوٹ سے روکتی ہے جس طرح تقویٰ روکتا ہے۔

میں سے ایک کو دوسری کے لیے ناسخ سمجھا جائے یا ایک کو دوسری پر ترجیح دی جائے۔"

جیسا کہ تعریف سے ظاہر ہے کہ دو صحیح حدیثیں متضاد یا متناقض نہیں ہو سکتیں کیونکہ یہ ناممکن ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ارشادات میں تعارض ہو کیونکہ آپ ﷺ نبی ہیں جن پر وحی کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے امام الائمہ ابی بکر ابن خزیمہ کا قول ہے:

لَا أَعْرِفُ حَدِيثَيْنِ صَحِيحَيْنِ مُتَضَادَّيْنِ، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ فَلْيَأْتِنِي بِهِ لِأُؤَلِّفَ بَيْنَهُمَا. [۴]

"میں دو صحیح متضاد احادیث کو نہیں جانتا۔ جس کے پاس اس حوالے سے کوئی چیز ہو تو وہ اس کے ساتھ میرے پاس آئے تاکہ میں ان کو میں ملاؤں۔"

## مختلف الحدیث کی اقسام

مختلف الحدیث کی درج ذیل دو اقسام ہیں۔

### ا۔ پہلی قسم

جس میں دونوں احادیث مبارکہ میں جمع ممکن ہو اور وہ تعارض یا نسخ کی طرف نہ جائیں۔ اس کی مثال درج ذیل احادیث مبارکہ ہیں:

لَا يُورِدَنَّ مُمْرِضٌ عَلَى مُصِحٍّ. [۵]

"(کوئی شخص) بیمار (اونٹوں) کو تندرست (اونٹوں) کے پاس نہ لے جائے۔"

فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ فِرَارَكَ مِنَ الْأَسَدِ. [۶]

"کوڑھی سے ایسے بھاگا کرو جیسے شیر کو دیکھ کر بھاگتے ہو۔"

لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ، وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ. [۷]

"مرض کا ایک سے دوسرے کو لگنا، شگون لینا، ہامہ (یعنی الو) اور صفر کوئی چیز نہیں ہے۔"

درج بالا تینوں احادیث صحیح ہیں، ان میں سے بعض بیماری کے متعدی ہونے کو ثابت کرتی ہیں اور بعض نفی کرتی ہیں۔ شارحین حدیث ان احادیث مبارکہ میں درج ذیل طریقے سے توفیق کرتے ہیں۔

۴۔ شمس الدين أبو الخير محمد بن عبد الرحمن بن محمد السخاوي، فتح المغيث بشرح الفية الحديث للعراقي، (مصر: مكتبة السنة، ۲۰۰۳م)، ۴/ ۶۶.

۵۔ أبو عبد الله محمد بن إسماعيل البخاري، صحيح البخاري، (بيروت: دار طوق النجاة، ۱۴۲۲)، ۷/ ۱۳۸.

۶۔ أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل الشيباني، مسند أحمد (بيروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱)، ۱۵/ ۴۴۹.

۷۔ البخاري، صحيح البخاري، ۷/ ۱۳۵.

اسلام اور مستشرقین کے اعتراضات کا مدلل اور معقول جواب دیا جا سکے۔

جن ائمہ و محدثین نے مختلف الحدیث پر کام کیا اور ان احادیث مبارکہ کے مابین تعارض اور اختلاف کو ختم کیا ان میں ایک نمایاں نام علامہ علی بن سلطان المعروف ملا علی قاریؒ (م۔ ۱۰۱۴ھ) کا بھی ہے جنہوں نے دیگر تصانیف کے ساتھ مرقاۃ المفاتیح کے نام سے گیارہ جلدوں میں مشکوۃ المصابیح کی ایک مبسوط شرح لکھی۔ جس طرح مشکوۃ المصابیح کو حدیث کے دیگر انتخابات کے مقابلے میں قبولیت عامہ حاصل ہوئی اسی طرح مشکوۃ کی شروح میں مرقاۃ المفاتیح کو شہرت و قبولیت عام حاصل ہوئی۔ ملا علی قاریؒ نے مرقاۃ المفاتیح میں مختلف مقامات پر احادیث مبارکہ کے درمیان ظاہری اختلافات کو حل کیا ہے۔ اس پہلو کو تفصیلاً بیان کرنے سے پہلے مناسب ہے کہ مختلف الحدیث کے لغوی و اصطلاحی معنی پر روشنی ڈالی جائے۔

## لغوی و اصطلاحی معنی:

لغوی اعتبار سے مختلف اختلاف سے اسم فاعل ہے جو کہ اتفاق کی ضد ہے۔ ابن منظور مصری لسان العرب میں اس کی یوں وضاحت کرتے ہیں۔

ويقال تخالف الأمران واختلفا إذا لم يتفقا، وكل ما لم يتساو فقد تخالف واختلف.[1]

علماء محدثین کا لفظ مختلف کے حوالے سے اختلاف ہے۔ اکثر علماء کے نزدیک یہ میم کے ضمہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ اختلف سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اصطلاحی طور پر اسکی درج ذیل تعریف کی گئی ہے۔

وهو علم يبحث عن الأحاديث التي ظاهرها التناقض من حيث إمكان الجمع بينها، إما بتقييد مطلقها، أو بتخصيص عَامِّهَا، أو حملها على تعدد الحادثة أو غير ذلك. ويطلق عليه علم تلفيق الحديث.[2]

"یہ ایسا علم ہے جو ایسی احادیث کے بارے میں بحث کرتا ہے جن کے ظاہر میں تناقض ہوتا ہے ان میں جمع کے امکان کے ساتھ۔ مطلق کو مقید کرتے ہوئے یا عام کو خاص کرتے ہوئے یا اس کو مختلف واقعات پر محمول کرتے ہوئے وغیرہ، اس پر تلفیق الحدیث کے علم کا اطلاق ہوتا ہے۔"

اسکی تعریف یوں بھی کی گئی ہے:

أن يوجد حديثان أو أكثر متضادان في المعنى ظاهرا فيوفق بينهما أو يعتبر أحدهما ناسخا للآخر أو يرجح أحدهما على الآخر.[3]

"دو یا اکثر ایسی احادیث مبارکہ جن میں بظاہر تضاد ہو پس ان دونوں میں تطبیق پیدا کی جائے یا ان

---

۱۔ محمد بن محمد بن سویلم أبو شُهبة، الوسيط في علوم و مصطلح الحديث (لبنان: دار الفكر العربي، س ن.)، ۴۴۱.
۲۔ صبحي إبراهيم الصالح، علوم الحديث و مصطلحه - عرضٌ و دراسة (بیروت: دار العلم للملايين، ۱۹۸۴)، ۱/ ۱۱۱
۳۔ أبو شُهبة، الوسيط في علوم و مصطلح الحديث، ۴۴۱.

# مختلف الحدیث اور اس کے حل میں ملا علی قاریؒ کا منہج: ایک تجزیاتی مطالعہ

# The Style of Mullā Ali Qāri in the Solution of the Contradictory Hadith: A Research Analysis

ڈاکٹر مصباح الحسن

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور

ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زید اسلامک سنٹر، یونیورسٹی آف پنجاب، لاہور

**ABSTRACT:**

The Contradictory Hadith is a branch of Hadith Sciences that deals with the methods to solve the contradictions between two or more narrations of the Holy Prophet (PBUH). Mulla Ali Qari is the author of a detailed commentary on the famous Hadith compilation Mishkāt al-Masābīh named Mirqāt al-Mafātīh. In this commentary, Mulla Ali Qari has focused on such narrations and provided all possible solutions to such narrations. This article is designed to explore his method in this regard. The author, at first، has brought the principles set by the adapts of hadithic scientists (Muhadithīn), and then the examples from the said commentary have been brought under discussion. This research concludes that Mulla Ali Qari has not only provided all the interpretations described by his predecessor scholars but has also introduced many new interpretations himself.

**KEYWORDS:**

*Mullā Ali Qāri, Mirqāt al-Mafātiīh, Contradictory Hadith, Hadith Sciences*

حدیث پاک دین اسلام کے بنیادی ماخذ میں سے دوسرا بڑا ماخذ اور قرآن مجید کی شرح اور اس کی تفصیل و توضیح ہے۔ عہدِ رسالت مآب ﷺ سے ہی اس کی حفاظت اور کتابت کی طرف توجہ دی جانے لگی۔ صحابہ کرام نے حفظ، کتابت اور تعامل کے ذریعے اس کی حفاظت کا بندوبست کیا۔ اس کے بعد ائمہ حدیث نے حدیث مبارکہ کے اصول و مصطلحات پر کام کیا اور اس کے مختلف پہلوؤں پر کام کیا۔ اصول و مصطلحات حدیث کے اہم علوم اور مباحث میں سے ایک اہم بحث مختلف الحدیث کی بھی ہے جس پر مختلف ائمہ حدیث نے کام کیا اور احادیث کے مابین اختلافات کو ختم کیا کیونکہ دشمنان اسلام اور مستشرقین خاص طور پر ایسی احادیث مبارکہ جن میں بظاہر تعارض یا تضاد نظر آتا ہے ان پر اعتراضات کرتے ہیں اس طرح ان کو احادیث مبارکہ کے خلاف پروپیگنڈے کا موقع مل جاتا ہے۔ اس لیے اس علم کا جاننا بہت ضروری ہے تاکہ دشمنان



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 2 (July - December 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2
Home Page: https://alwifaqjournal.com/
Journal QR Code:

Article

مختلف الحدیث اور اس کے حل میں ملا علی قاریؒ کا منہج: ایک تجزیاتی مطالعہ

# The Style of Mullā Ali Qāri in the Solution of the Contradictory Hadith: A Research Analysis

Authors
Misbah ul Hassan [1]
Abdul Basit Khan [2]
Affiliations
[1] Education Department, Lahore.
[2] Sheikh Zayed Islamic Center, University of the Punjab, Lahore, Pakistan.

Published
31 December 2022
Article DOI
https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u1
QR Code
Citation
Abdul Basit Khan, "مختلف الحدیث اور اس کے حل میں ملا علی قاریؒ کا منہج: ایک تجزیاتی مطالعہ The Style of Mullā Ali Qāri in the Solution of the Contradictory Hadith: A Research Analysis," Al-Wifaq 5, no. 2 (2022): 1–19, https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2.u1.

Copyright Information:
The Methodology of Imām Ibn Abī Shaibah in Tarājim-ul-Ābwāb of "Al-Muṣannaf" © 2022 by Abdul Basit Khan is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information:
Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

# فہرست اردو مضامین



| نمبر شمار | نام مقالہ نگاران | عنوان مقالات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر مصباح الحسن<br>ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان | مختلف الحدیث اور اس کے حل میں ملا علی قاریؒ کا منہج: ایک تجزیاتی | 1 |
| 2 | حافظ عتیق الرحمٰن گورچانی | اتحاد امت میں دینی مدارس. سید ابو الحسن علی ندوی کی فکر کا تجزیاتی مطالعہ | 21 |
| 3 | ڈاکٹر محمد طفیل | ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل | 43 |

# اردو مقالات

# شرکاء مقالہ نگار کا تعارف

1. ڈاکٹر مصباح الحسن، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور
2. ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زید اسلامک سنٹر، یونیورسٹی آف پنجاب، لاہور
3. حافظ عتیق الرحمٰن گورچانی، پرنسپل جامعہ اصحاب صفہ، ڈی جی خان، پاکستان
4. ڈاکٹر محمد طفیل، پروفیسر (ر)، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
5. مفتی رحیم اللہ، پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ اصول دین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
6. حافظ محمد شاہ فیصل، پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ اصول دین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
7. پروفیسر ڈاکٹر محمد جنید ندوی، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد
8. ڈاکٹر محمد خالد حسین، اسسٹنٹ پروفیسر، عفت یونیورسٹی، جدہ، سعودی عرب

# قومی

1. پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز

چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد

2. پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی

ڈین، فیکلٹی عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

3. پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی

صدر، شعبہ علومِ اسلامیہ، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، نیریاں شریف، آزاد جموں وکشمیر

4. پروفیسر ڈاکٹر مستفیض احمد علوی

ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

5. پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی

ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

6. پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

سابقہ ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ و اوریئنٹل سٹڈیز، یونیورسٹی آف پشاور، پشاور

7. پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز

ڈائریکٹر، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

8. پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس صہیب

چیئرمین / ڈائریکٹر، اسلامک ریسرچ سنٹر، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

9. ڈاکٹر حافظ محمد سجاد

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ مطالعات بین المذاہب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

10. پروفیسر ڈاکٹر ارشد منیر لغاری

چیئرمین، شعبہ علومِ اسلامیہ، غازی یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان

# مجلسِ مشاورت

## بین الاقوامی

1. پروفیسر ڈاکٹر سید محمد یونس گیلانی

فیکلٹی آف اسلامک ریویلڈ نالج اینڈ ہیومین سائنسز، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی،

کوالالمپور، ملائیشیا

2. پروفیسر ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی

ڈیپاٹمنٹ آف سنی تھیالوجی، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اترپردیش، انڈیا

3. پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبد الوحید

ڈائریکٹر عبد الحلیم قرآنک انسٹیوٹ، ٹیکساس، امریکہ

4. پروفیسر ڈاکٹر اسرار احمد خان

فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز، فاتح سلطان محمد یونیورسٹی، استنبول، ترکی.

5. پروفیسر ڈاکٹر محمد سکری صالح

ڈائریکٹر سنٹر فار اسلامک ڈیولپمنٹ اینڈ منیجمنٹ سائنسز، سکول آف سوشل سائنسز،

یونیوسٹی آف سینز، پینگ، ملائیشیا

6. پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد

ممبر ریجنل کونسل، یونیورسٹی آف ویسٹرن سڈنی، آسٹریلیا

7. پروفیسر ڈاکٹر توقیر عالم

ڈین، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اترپردیش، انڈیا

# مجلس ادارت

**سرپرست اعلیٰ**

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین

شیخ الجامعہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**مدیر اعلیٰ**

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید

صدر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**مدیر**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**مدیر منتظم**

ڈاکٹر محمد عرفان

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**معاون مدیر**

ڈاکٹر عبد الماجد

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن وسنۃ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی،

عبد الحق کیمپس، کراچی

8. مقالہ اردو، انگریزی اور عربی زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔

9. مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں۔

- حواشی و حوالہ جات اسی صفحہ کے نیچے دیئے جائیں۔
- حواشی و حوالہ جات کی ترتیب میں شگاگو مینوئل سٹائل 17 ایڈیشن (Chicago Manual Style 17th Edition) کو بروئے کار لایا جائے۔
- کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، پورا نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر، مقام اشاعت اور سنِ اشاعت کے بعد جلد نمبر اور صفحہ نمبر درج کریں۔ مثلاً

  مفتی محمد شفیع، وحدت امت (لاہور: طارق اکیڈمی، 2004)، 11

  سید ابوالحسن علی ندوی، حدیث پاکستان (کراچی: مجلس نشریات اسلام، 1979)، 26
- ایک ہی مصدر یا مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کریں۔

  شفیع، وحدت امت، 63-64
- مقالہ میں موجود قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر کریں اور آیات کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو مدّ نظر رکھیں۔ مثلاً: القرآن، سورۃ الحجرات، 13:49
- احادیث کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو ملحوظ رکھیں:

  أبو عبد اللہ محمد بن إسماعیل بخاري، صحیح البخاري (بیروت: دار طوق النجاۃ، 1422)، کتاب التفسیر، باب سورۃ تبت یدا ابی لہب، حدیث: 4971، 6/179
- مقالہ کے آخر میں کتابیات کی فہرست شگاگو مینوئل سٹائل 17 ایڈیشن (Chicago Manual Style 17th Edition) کے مطابق مرتب کریں۔

  بخاري، أبو عبد اللہ محمد بن إسماعیل. صحیح البخاری. بیروت: دار طوق النجاۃ، 1422
- مقالہ میں مذکور غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں۔ اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتابوں سے حوالہ جات دیں۔

# 'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط

مجلّہ الوفاق میں مقالہ نگار حضرات اپنے مقالہ کی ترتیب و تدوین کرتے ہوئے درج ذیل قواعد وضوابط کو پیشِ نظر رکھیں۔

1. مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔ نیز طوالت 25 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
2. مقالہ نگار اپنے مقالے کی ہارڈ کاپی کے ساتھ سافٹ کاپی بھی فراہم کرے گا۔
3. کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے۔
   - فصل اور بحث کے لیے فانٹ سائز:18
   - ذیلی فصول کے لیے فانٹ سائز:16
   - مقالے کے متن کا فانٹ سائز
     - اردو اور عربی متن:14
     - انگریزی متن:12
   - مقالے کے حواشی کا فانٹ سائز
     - اردو اور عربی متن:12
     - انگریزی متن:10
4. مقالہ کسی اور جگہ شائع نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لیے دیا گیا ہو۔
5. مقالہ تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے، نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہو
6. املاء اور رموز و اوقاف کا التزام لازمی ہے۔
7. مقالہ نگار تقریباً 250 الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

# الوفاق: ادارتی پالیسی

الوفاق جملہ اسلامی علوم وفنون سے متعلقہ ایک تحقیقی مجلّہ ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالہ جات کے متعلق ادارتی پالیسی حسبِ ذیل ہے:

1. الوفاق ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دومرتبہ شائع ہوتا ہے۔
2. الوفاق میں شائع ہونے والے مضامین کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ و اصول فقہ، تقابلِ ادیان، علم کلام وتصوّف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت وتمدن اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔
3. الوفاق کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات وجملہ قوانین وضوابط کو ملحوظ رکھا جائے گا۔
4. الوفاق میں مقالہ کے شائع ہونے کے حوالے سے اداراتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔
5. الوفاق کی مجلس ادارت کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہوگا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
6. الوفاق مجلّہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلسِ ادارت یا وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس وٹیکنالوجی پر بالکل نہیں ہوگی بلکہ مقالہ نگار پر ہوگی۔

# فہرست موضوعات


| | | |
|---|---|---|
| 1 | الوفاق: ادارتی پالیسی | ii |
| 2 | 'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط | iii |
| 3 | مجلس ادارت | v |
| 4 | مجلس مشاورت | vi |
| 5 | شرکاء مقالہ نگار کا تعارف | viii |


# اردو مضامین


| | | |
|---|---|---|
| 1 | مختلف الحدیث اور اس کے حل میں ملا علی قاریؒ کا منہج: ایک تجزیاتی مطالعہ<br>ڈاکٹر مصباح الحسن /ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان | 1 |
| 2 | اتحاد امت میں دینی مدارس. سید ابو الحسن علی ندوی کی فکر کا تجزیاتی مطالعہ<br>حافظ عتیق الرحمٰن گورچانی | 21 |
| 3 | ہجرت حبشہ کے تناظر میں غیر مسلم ریاستوں کے مسلم شہریوں کا دستور العمل<br>ڈاکٹر محمد طفیل | 43 |


# المقالات العربية


| | | |
|---|---|---|
| 1 | الإعجاز، أوجهه ومراحله في القرآن الكريم<br>مفتي رحيم الله / حافظ محمد شاه فيصل | 1 |


# English Articles


1. Understanding the Cohesion and Stability Issues of Pakistan: Appraisal & Solution — 1
   *Dr. Muhammad Junaid Nadvi /*
   *Dr. Mohammad Khalid Husain*

**ناشر:** شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**طباعت:** وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**ویب سائیٹ:** www.alwifaqjournal.com

**آئی ایس ایس این:** (Print) 2709-8907
(Online) 2709-8915

**مجلّہ ڈی او آئی:** https://doi.org/10.55603/alwifaq

**جلد:** 5

**شمارہ:** 2 (جولائی–دسمبر 2022)

**شمارہ ڈی او آئی:** https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i2

**خط و کتابت کے لیے:**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

مدیر، مجلّہ اَلْوِفَاق

شعبہ علومِ اسلامیہ،

وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی،

کری ماڈل ویلج، نزد بحریہ انکلیو، اسلام آباد۔

Ph: +92 51 9252860-4, Ext: 199
Cell: +92 331 3103333
Email: alwifaq@fuuast.edu.pk

# ششماہی الوفاق

## علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلّہ

جلد:۵ شمارہ:۲ جولائی-دسمبر ۲۰۲۲ء

**سرپرست اعلیٰ**

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین، شیخ الجامعہ

**مدیر اعلیٰ**

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید، صدر شعبہ

**مدیر**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

**مدیر منتظم**

ڈاکٹر محمد عرفان

**معاون مدیر**

ڈاکٹر عبد الماجد

شعبہ علومِ اسلامیہ

وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

ISSN (Print) : 2709-8907
ISSN (Online) : 2709-8915

شش ماہی

# اَلوِفاق

شمارہ ۲
علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلہ
جلد ۵

جولائی۔ دسمبر ۲۰۲۲

شعبہ علومِ اسلامیہ
وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد